ہم اور ہمارا ماحول

جماعت سوم

FREE

E.V.S. Class - 3



ناشر حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

ماحولیاتی مطالعہ

IN ANY EMERGENCY
DIAL
100
TELANGANA POLICE
www.tspolice.gov.in
@ Telangana State Police

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت،
حیدرآباد۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

SCERT TELANGANA

متوقع اکتسابی نتائج

ماحولیاتی مطالعہ
ENVIRONMENTAL STUDIES
جماعت ۔3

متعلم......

- اپنے قرب وجوار میں پودوں کے پتوں، تنے اور چھال کے مشاہدے کے لائق سادہ خصوصیات (مثلاً شکل، رنگ، بناوٹ، خوشبو) کی شناخت کرتے ہیں۔
- اپنے قرب وجوار میں جانوروں اور پرندوں کی سادہ خصوصیات (مثلاً حرکت، سکونت، غذائی عادتیں، آوازیں) کی شناخت کرتے ہیں۔
- افرادخاندان کے ساتھ اوران کے درمیان رشتے کی شناخت کرتے ہیں۔
- مکان/اسکول/ پاس پڑوس کی علامتوں اوراشیا (چولھے، ذرائع حمل ونقل وغیرہ)؛ سرگرمیاں (لوگوں کے کام، پکوان کے طریقے وغیرہ) کی نشاندہی کرتے ہیں۔
- مختلف عمر کے لوگوں کے لیے غذا کی ضرورت، جانوروں اور پرندوں، غذااور پانی کی دستیابی، گھرپراور اطراف واکناف میں پانی کے استعمال کو بیان کرتے ہیں۔
- افرادخاندان کے کام، خاندانی اثرات (خدوخال/خصوصیات/عادتیں/رواج) مل کرایک ساتھ رہنے کی ضرورت کو زبانی/تحریری/دیگر طریقوں سے بیان کرتے ہیں۔
- مختلف ذرائع سے گھر کے لیے روزمرہ ضروریات کی پیداوار اور مہیا کیے جانے والے عمل کی وضاحت کرتے ہیں۔
- مشابہت/تفرقات کی بنیاد پر اشیا، پرندوں، جانوروں کو گروپس میں تقسیم کرتے ہیں۔
  (مثلاً: ظہور، کام کا مقام/غذا/حرکت)
- حال اور ماضی کی اشیااور اور سرگرمیوں کے درمیان فرق کی وضاحت کرتے ہیں۔
  (مثلاً: کپڑے، برتن/کھیل/لوگوں کے کام)
- سائنس کی علامتوں کا استعمال کرتے ہوے سادہ نقشوں میں اشیا/مقامات (گھر/کمرہ جماعت/اسکول) کی سمتوں اور مقام کا تعین کرتے ہیں۔
- کمرہ جماعت/اسکول/گھر/نعرے اور نظموں وغیرہ کی ڈرائنگس، ڈیزائن، ماڈل اور سادہ نقشے تیار کرتے ہیں۔
- کھیلوں (مقامی/انڈور/آؤٹ ڈور) اور دیگر اجتماعی کاموں کے اصولوں کا مشاہدہ کرتے ہیں۔
- اپنے اطراف واکناف میں موجود پودوں، جانوروں، ضعیفوں، جداگانہ صلاحیتوں کے حامل افراد اور مختلف خاندانوں کی تنظیم کے تئیں حساسیت کا اظہار کرتے ہیں۔

విద్య మా హక్కు
సర్వశిక్షా అభియాన్

పాఠశాల విద్యా శాఖ,
తెలంగాణ ప్రభుత్వం

विद्यया ऽमृतमश्नुते
एन सी ई आर टी
NCERT

تبدیلی جو میں چاہتا ہوں یہ مجھ ہی سے ممکن ہے

1. میں سوداسلف لانے کے لئے بازاجاتے وقت ایک تھیلی ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتا ہوں۔دوکانوں میں دی جانے والی پلاسٹک تھیلیاں لینے سے انکارکرتا ہوں۔
2. نل/ بورویل سے راست طور پر پانی استعمال کرنے کے بجائے بالٹی یا کسی برتن میں پانی بھر کے حسب ضرورت استعمال کرتا ہوں۔پانی کو ضائع ہونے سے بچاتا ہوں۔
3. بجلی کی بچت کرتے ہوئے ماہانہ بجلی کے بل میں کمی کرتا ہوں!اورآلودگی کو کنٹرول کرتا ہوں۔
4. لکڑی کی اشیاء استعمال کرتا ہوں اور درخت اُگاتا ہوں۔گھرمیں اور گھر کے اطراف پودے لگاتا ہوں‘ لگانے کی ترغیب دیتا ہوں اور انکی حفاظت کرتا ہوں۔
5. خشک اورترناکارہ اشیاء (کوڑاکرکٹ) کو علیحدہ کرکے کچراحاصل کرنے والے شخص کو راست طور پر پہنچاتا ہوں۔
6. گھریلو مستعملہ اشیاء کی ضرورت مندوں میں تقسیم کرتا ہوں۔
7. غیرضروری سفر سے گریز کرتا ہوں۔موقع ملنے پر دیگراحباب کے ساتھ سفر کرتا ہوں جہاں تک ہوسکے عوامی ذرائع حمل نقل کا استعمال کرتا ہوں۔
8. دن کے اوقات میں شمسی توانائی اور سورج کی روشنی کا استعمال کرکے رات کے اوقات میں بجلی کا استعمال ممکنہ حدتک کم کرتا ہوں۔
9. کمپیوٹر کے ذریعہ ٹکٹ بکنگ اورای سیوامراکز کے ذریعہ بل اداکرتے ہوئے سڑکوں پر ہجوم کو کم کرتا ہوں اور ایندھن کی بچت کرتے ہوئے آلودگی پر قابو پاتا ہوں۔
10. سرسبز وشاداب طرز زندگی کے ان دس اصولوں سے دس لوگوں کو واقف کرواتے ہوئے کم ازکم تین اشخاص پر میری طرح عمل کرنے کی ترغیب دیتا ہوں۔

درخت ہرے بھرے ترقی کے زینے، پیڑلگائیں، پیڑوں کی حفاظت کریں،
درختوں کی حفاظت ہم کریں وہ ہماری حفاظت کریں گے،
پانی ضائع ہونے نہ دیں، پانی احتیاط سے استعمال کریں۔
کھانے سے قبل اور بعد ہاتھ دھولیں، ماحول صاف ستھرا رکھیں، صحت کی حفاظت کریں۔

حکومت تلنگانہ

محکمہ ترقی نسواں و بہبود اطفال - چائلڈ لائین فاؤنڈیشن

خطروں اور مشکلوں سے بچوں کے تحفظ کے لیے	CHILD LINE 1098 NIGHT & DAY	جب اسکول یا اسکول سے باہر بدسلوکی ہو
جب افراد خاندان یا رشتہ دار بدتمیزی سے پیش آئیں	24 گھنٹے قومی ہلپ لائین	جب بچوں کو اسکول سے روک کر کام پر لگایا جائے

مفت خدمات کے لیے (دس......نو........آٹھ) 1098 پر ڈائیل کریں

SCERT TELANGANA

ہم اور ہمارا ماحول

جماعت سوّم

Class III E.V.S. ماحولیاتی مطالعہ

ایڈیٹر

پروفیسر وی۔ سدھاکر

انگلش اینڈ فارین لینگوئجس یونیورسٹی، حیدرآباد

ڈاکٹر این. اوپیندر ریڈی

پرفیسر شعبہ نصاب و درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت تلنگانہ، حیدرآباد

شری جی. آر. جگد یشور گوڑ

پرنسپل ڈائٹ، عادل آباد

ماہرین مضمون

شری سورنا و نا یک

کوآرڈینیٹر، ایس.سی.ای.آر.ٹی، تلنگانہ، حیدرآباد

شری الیکس ایم. جارج

ایکالویا، مدھیہ پردیش

شری کمل مہیند رو

وِدیا بھون سوسائٹی، اودے پور

کمیٹی برائے فروغ و اشاعت درسی کتاب

محترمہ چارو سنہا، آئی پی ایس

(مشیر برائے جینڈر سینسٹویٹی)

ڈائرکٹر اے سی بی، حیدرآباد، تلنگانہ

شریمتی بی. شیشوکماری

ڈائرکٹر

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت

تلنگانہ، حیدرآباد

ڈاکٹر این. اوپیندر ریڈی

پروفیسر شعبہ نصاب و درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت

تلنگانہ، حیدرآباد

شری جی. سدھاکر

ڈائرکٹر

گورنمنٹ ٹیکسٹ بک پریس

تلنگانہ، حیدرآباد

ناشر حکومت تلنگانہ

SCERT TELANGANA

© **Government of Telangana, Hyderabad.**

First Published 2012
New Impressions 2013, 2014, 2015,2016,2017,2018,2019, 2020

All rights reserved.

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana.

We have used some photographs which are under creative common licence. They are acknowledged at the end of the book.

This Book has been printed on 70 G.S.M. Map litho,
Title Page 200 G.S.M. White Art Card

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

Printed in India
at the Telangana Govt. Text Book Press,
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana

SCERT TELANGANA

پیش لفظ

تمام انسان سماجی جاندار ہیں، مختلف سماجوں میں زندگی بسر کر رہے لوگ متعلقہ سماج کے رسم و رواج، اصول و قوانین اور طرز زندگی سے گھل مل جانے سے وہ سماج میں زندگی گذار سکتے ہیں۔ اس لئے تمام بچوں میں انکے اطراف واکناف موجود ماحول اور سماج سے متعلق فہم کا پایا جانا ضروری ہے۔ تحتانوی سطح پر مطالعہ ماحول کے ذریعہ معلومات حاصل کرنے پر وسطانوی اور فوقانوی سطح پر سماجی علم اور سائنس کے عنوانات کے تحت وسیع معلومات سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ تحتانوی سطح پر بچے اپنے اطراف پائے جانے والے ماحول سے متعلق، ماحول کے ذریعہ اور ماحول کے لئے اکتساب حاصل کرنا چاہئے۔ اس دوران نئی درسی کتب کو تشکیل دینے کے باوجود قانون حق برائے مفت و لازمی تعلیم 2009 کے مطابق ان کا جائزہ لینے کی ضرورت آن پڑی ہے۔

قومی درسیاتی خاکہ 2005 (NCF)، قانون حق برائے مفت و لازمی تعلیم 2009 کے سفارشات کے مطابق پر چہ برائے ریاستی درسیاتی خاکہ 2011 (SCF) کی تشکیل دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق جماعت واری حصول طلب تعلیمی معیارات کا تعین بھی کیا گیا ہے۔ ان کے حصول کے لئے قومی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (NCERT) کے تصورات، ریاستی تعلیمی معیارات اور نصاب کو مدنظر رکھتے ہوئے جماعت سوم کے لئے ''ہم اور ہمارا ماحول'' کے نام سے ماحولیاتی مطالعہ کی ایک درسی کتاب تشکیل دی گئی ہے۔

اس درسی کتاب میں خاندان، دوست واحباب اور ان کے درمیان تعلقات، کام، کھیل، پودے اور جانور، ہماری غذا، پانی، رہائش گاہ، آمد و رفت، ہمارا گاؤں اور تیار کی جانے والی اشیاء جیسے تصورات پر مبنی 16 اسباق تشکیل دئے گئے ہیں۔ تمام علاقوں کے بچے بہ آسانی فہم حاصل کرنے کی غرض سے کتاب میں سہل زبان، حقیقی تصاویر کے ساتھ اسباق شامل کئے گئے ہیں۔ بچوں میں فطری طور پر موجود دلچسپی، تجسس اور سوالات کرنے کی عادت کو برقرار رکھنے کے لئے مشاغل اور مشقیں ترتیب دی گئی ہیں۔ درسی کتاب کے ہر سبق میں بچے از خود معلومات اکٹھا کرتے ہوئے علم کی تشکیل کے لئے موزوں مشاہدات، انکشافات اور معلوماتی مہارتوں سے متعلق مشاغل اور منصوبہ کام جیسے مشقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ مسلسل اور جامع جانچ کو مدنظر رکھتے ہوئے مشاغل، مشقیں اور سوالات کو ہر سبق میں ایک حصہ کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ سبق کے اختتام پر ''یہ کیجئے'' عنوان کے تحت مشقیں دی گئی ہیں جن میں تصورات کا فہم، اشکال اتارنا، رنگ بھرنا، معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام، توصیف اور سوالات کرنا جیسی استعداد کے حصول میں معاون مشقیں Logos کے ذریعہ فراہم کی گئی ہیں۔ اسی طرح سبق سے متعلق اہم تصورات کو کلیدی الفاظ کی شکل میں شامل کیا گیا ہے۔ سبق میں موجود اہم نکات کو اعادے کے طور پر ''ہم نے کیا سیکھا'' عنوان کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ بچے از خود اندازہ لگانے کے لئے موزوں ''کیا میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟'' عنوان کے تحت خود احتسابی مشقوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

یہ درسی کتاب بچوں کو راست طور پر معلومات فراہم کرنے کے بجائے خود سے سیکھنے کے عمل کو اہمیت دیتی ہے۔ اس کے لئے اپنے ساتھیوں، اساتذہ، والدین اور سماجی اراکین کے ساتھ گفتگو کرنے کے لئے کل جماعت، گروہی اور انفرادی مشاغل دئے گئے ہیں۔ طلباء ماحول میں جا کر ماحول سے متعلق اکتساب حاصل کرتے ہوں تو اس میں موجود انفرادیت کا فہم حاصل کرسکتے ہیں۔ سماج اور ماحول میں موجود انفرادیت کو ایک فطری امر کی حیثیت سے شناخت کرتے ہوئے اس کی توصیف کرسکتے ہیں مزید براں وہ اپنے آپ کو ضروریات کے مطابق ڈھال لیتے ہیں۔

اس کے لئے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ موزوں تدریسی اشیاء اور حکمت عملی تیار کرتے ہوئے اس پر عمل آوری کریں۔ اس ضمن میں درسی کتاب کو صرف ایک وسیلہ ہی سمجھنا چاہیے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ بچوں کے تجربات اور مقامی ماحول کو ایک طاقتور ذریعہ مانتے ہوئے درسی کتاب کو مؤثر انداز میں استعمال کریں گے۔ ہمیں اس بات کی قوی امید ہے کہ اس کے ذریعہ بچوں میں عملی مہارتیں فروغ پا کر سائنسی تعلیم کے تئیں دلچسپی پیدا ہوگی۔

اس درسی کتاب کی تشکیل میں حصہ لینے والے اساتذہ، لکچررس، مصورین، ماہرین مضمون، DTP کرنے والے صاحبین اور شعبہ نصابی کتب کے اراکین کو مبارکباد دیتے ہیں۔ دلچسپ، جاذب نظر اور عملی مہارتوں کو فروغ دینے والی اس طرح کی درسی کتاب کی تشکیل دینے والے ماہرین مضامین کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ایڈیٹوریل بورڈ کے بھی ہم بے حد ممنون و مشکور ہیں۔ لسانی اعتبار سے اس کتاب کی نوک و پلک درست کرنے والے جناب پورنگی دکشنا مورتی، موظف ڈپٹی ڈائرکٹر، تلگو اکیڈمی، آندھرا پردیش، حیدرآباد کا بھی خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ یہ درسی کتاب مستقبل میں اکتساب کے لئے ضروری قابلیتوں اور صلاحیتوں کو فروغ دینے میں ممد و معاون ثابت ہوگی۔

شریمتی پی۔ سیشو کماری

ڈائرکٹر

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، تلنگانہ، حیدرآباد۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

قومی ترانہ

- رابندر ناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڈ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تو اشبھ نامے جاگے، تو اشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دا یک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

عہد

- پئی ڈیمری وینکٹا سباراؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی بہن ہیں، مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گونا گوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ میں اپنے والدین، اساتذہ اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ رکھوں گا/رکھوں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

اس کتاب کے تشکیل کار

شری سورناونا یک کوآرڈینیٹر
شعبہ نصاب ودرسی کتب
ریاستی اِدارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت
تلنگانہ' حیدرآباد

کے لکشمی نارائنا لکچرر
ڈائیٹ انگلور، ضلع کرشنا

شری بی. راما کرشنا اسکول اسسٹنٹ
GGHS لاّ گُٹا (نیو) سکندرآباد' حیدرآباد

این سی جگنّاتھا ایس. جی. ٹی
GHS کلثوم پورہ' حیدرآباد

شری ای.ڈی. مدھوسدھن ریڈی اسکول اسسٹنٹ
ZPHS (Boys) کوسگی، ضلع محبوب نگر

شری کے وی. ستیہ نارائنا ایم آر. پی
گریڈے پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ

شری شیخ برہماجی شاہ ایس. بی. ٹی
PS صنا تالا پالیم، رامچند راپورم منڈل' ضلع مشرقی گوداوری

شری میراہری پرساد
اسکول اسسٹنٹ
ZPHS، آکولٹرا، سنجاملا منڈل، ضلع کرنول

شری پی. رتھنگا پانی اسکول اسسٹنٹ
ZPHS، پولم پلی، اڈاکل منڈل، ضلع محبوب نگر

شریمتی ونگی پورم سورنا لتا اسکول اسسٹنٹ
ZPHS، پاتا پٹی سم، ضلع مغربی گوداوری

شری کے. اوپیندرراؤ ایس. بی. ٹی
PS، پیریا تانڈا، اٹر کا پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ

کماری شالینی
وِدیا بھون سوسائٹی، اودے پور

شری اے. مہیندر ریڈی
LFL HM، پرائمری اسکول سومنا گرتی، ضلع رنگا ریڈی

ڈاکٹر آر. ستیش بابو
PS، بُرکاپِٹّا تانڈہ، سوریا پیٹ، ضلع نلگنڈہ

مترجمین

محمد عبدالکریم اسکول اسسٹنٹ، ZPHS، کویلی، ضلع میدک

تقی حیدر کاشانی لکچرر، ڈائیٹ وقارآباد، ضلع رنگا ریڈی

سید وارث احمد اسکول اسسٹنٹ، ZPHS، ضلع چتور

اَرشد محمد، ایس. آر. جی، MPUPS، سورنا منڈل، سارنگاپور، ضلع عادل آباد

محمد عبدالمعز اسکول اسسٹنٹ، GHS، سواران، ضلع کریم نگر

محمد ظہیرالدین، اسکول اسسٹنٹ، ZPHS (U)، آرمور' ضلع نظام آباد

کوآرڈینیٹرس

جناب محمد افتخارالدین کوآرڈینیٹر
شعبہ نصاب ودرسی کتب
ریاستی اِدارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت
تلنگانہ، حیدرآباد

جناب این. ایوب حسین
ریاستی مائناریٹی واُردو کوآرڈینیٹر
راجیو وِدیا مشن، آندھراپردیش' حیدرآباد

مصورین

شری کوریلاّ سرینواس، اسکول اسسٹنٹ
ZPHS' پوچم پلی، ضلع نلگنڈہ

شری بی. کشور کمار، SGT
UPS، الوال، انوملا منڈل' ضلع نلگنڈہ

شری سید حشمت اللہ، ڈرائنگ ماسٹر
GHS، قاضی پیٹ' ضلع ورنگل

لے آوٹ ڈیزائننگ اینڈ ڈی. ٹی. پی.

☆ **محمد ایوب احمد ناصر**، ایس. اے. ضلع پریشد ہائی اسکول (اردو) آتما کور، ضلع محبوب نگر۔ ☆ **محمد غیاث الدین** ☆ **ٹی محمد مصطفیٰ**' بھولکپور' مشیرآباد۔ ☆ **محمد ذکی الدین لیاقت** شاہ گنج' حیدرآباد

SCERT TELANGANA

اساتذہ کے لئے ہدایات

- بچے اپنے اطراف واکناف کے ماحول سے متعلق فہم حاصل کرنا چاہئے۔اس ماحول سے مطابقت پیدا کرلینا چاہئے۔اس کے لئے اپنے اطراف پائے جانے والے ماحول کا مشاہدہ'انکشاف کے ذریعہ ماحول کے متعلق فہم حاصل کرنا چاہئے۔اس لئے تحتانوی سطح پر مطالعہ ماحول کی درسی کتاب کو ''ہم اور ہمارا ماحول'' کا نام دیا گیا ہے۔
- قومی ادارہ برائے تعلیم وتحقیق (NCERT) درسی کتب کی موضوعات کا جائزہ لیتے ہوئے ہماری ریاست کے حالات کے مطابق درسیات'اسباق کو تشکیل دیا گیا ہے۔
- 'ہمارا خاندان' اوران کے درمیان تعلق،کام،کھیل،جانور،پودے،غذا،لباس،رہائش گاہ،حمل ونقل،پانی،تیارکردہ اشیاء،گاؤں،جیسے مضامین کی بنیاد پر اسباق کو تشکیل دیا گیا ہے۔
- یہ درسی کتاب 16اسباق پر مشتمل ہے۔جن کو تشکیلی جانچ کے لئے 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلے حصے میں 4اسباق،دوسرے میں 4اسباق تیسرے میں 5اسباق،چوتھے یونٹ میں 3اسباق ہیں۔
- بچے آسانی سے سمجھنے کے لیے ہرسبق میں مناسب تصویریں دی گئی ہیں۔ہرسبق کو روزمرہ زندگی کے حالات،مواقع،اور بچوں کے معلوم تجربات سے شروع کیا گیا ہے۔
- تدریسی واکتسابی عمل کے دوران اسباق کے بارے میں بات کرنے کے لئے بچوں کی ہمت افزائی کی جانی چاہئے۔جماعت میں ان کے تجربات کے بارے میں مباحث ہونا چاہئے۔تدریسی عمل تصورات سے جڑے ہوئے کلیدی الفاظ سے شروع ہونا چاہئے۔
- اس کتاب میں بچے مشاہدہ کرنے،اپنے ساتھیوں/ افرادخاندان/ بزرگوں/ سماج کے افراد سے معلومات اکٹھا کرنے،اکٹھا کردہ معلومات کو جدول کی شکل میں پیش کرنے اور ہم عمر ساتھیوں سے بحث کرنے کے قابل،چھوٹے چھوٹے تجربات،انکشافات اور منصوبہ کام سے جڑی مشقیں فراہم کی گئی ہیں۔
- اس کتاب کا اہم مقصد بچوں میں عملی مہارتوں کو فروغ دینا ہے۔اس لئے کل جماعت،گروہی،انفرادی طور پر انجام دینے کے قابل مشغلے،مشقیں رکھی گئی ہیں۔ان کے اہتمام کے لئے مناسب LOGO دیئے گئے ہیں اور انکی عمل آوری کے لیے درکار اشیاء استعمال کریں۔
- بچوں نے کیا سیکھا ہے' بچوں کے تجربات' سوچ،تخلیقی اظہار کی صلاحیت کو جاننے کیلئے مشقیں بنائی گئی ہیں۔اس لئے ان میں تمام بچوں کی شرکت کے مواقع فراہم ہوں۔ہرسبق کے آخر میں ''یہ کیجئے'' کے عنوان کے تحت تعلیمی معیارات کو مدنظر رکھتے ہوئے مشقیں شامل کی گئی ہیں۔بچے انہیں گروہی یا انفرادی طور پر انجام دینے کے قابل ہوں۔
- ہرسبق کے آخر میں ''کلیدی الفاظ'' موجود ہیں۔اُس سبق سے متعلقہ اہم تصورات سے جڑے ہوئے الفاظ ہیں۔سبق کے اختتام پر دئے گئے کلیدی الفاظ کے استعمال سے بچوں کے فہم کی جانچ کریں۔
- اسی طرح ''ہم یہ سیکھ چکے ہیں'' موضوع کے تحت سبق کے اہم نکات دیئے گئے ہیں۔انہیں بچوں سے پڑھائیں اس کا مقصد اعادہ کروانا ہے۔
- سبق کے آخر میں ''کیا یہ میں کرسکتا/ کرسکتی ہوں'' موضوع کے تحت جو مشق دی گئی ہے اُس کے نکات کو بچے خود سے نشاندہی کرسکیں۔ان میں سے کمرہ جماعت کے 80% فیصد طلباء انجام دینے پر ہی اگلا سبق شروع کریں۔
- مسلسل جامع جانچ کو مدنظر رکھ کر ہرسبق کے لئے سوالات،مشغلے/ تجربات شامل کئے گئے ہیں۔اسی طرح از خود جانچ پر مبنی ہر مشق میں دی گئی ہدایت کے مطابق استعداد پر مبنی بچوں کی ترقی کو درج کرنے کے لئے ایک خصوصی رجسٹر کا اہتمام کرکے اس میں اندراج کریں۔
- جولائی،ستمبر،دسمبر،فروری،مہینوں میں تشکیلی جانچ کے ذریعہ اور اکٹوبر،اپریل کے مہینوں میں میقاتی امتحانات کے ذریعہ بچوں کی ترقی کا اندراج کریں۔
- ماہ جولائی،ستمبر،ڈسمبر،فروری میں تشکیلی جانچ کی ترقی اور اسی طرح ستمبر/ اکٹوبر،مارچ/ اپریل مہینوں میں مجموعی جانچ کی ترقی کو مسلسل جامعہ جانچ کے تحت درج کریں۔
- اساتذہ کی رہنمائی کے لئے تدریسی حکمت عملی متوقع اکتسابی نتائج کو ہر جماعت اور مضمون کے مطابق نصاب ایک کتابچہ کی شکل میں تیار کرکے مدارس کو سربراہ کیا گیا ہے۔اس کتابچہ کی مدد سے اساتذہ اچھے تدریسی حکمت عملیاں منعقد کرتے ہوئے تمام طلباء میں متوقع اکتسابی نتائج کے حصول کے لئے کوشش کریں۔

SCERT TELANGANA

جماعت سوم - ماحولیاتی مطالعہ - نصاب کے نکات

1.خاندان،افرادخاندان،دوست،ان کے درمیان رشتے	افرادخاندان،مشابہت،خاندانی پس منظر،مختلف اقسام کے خاندان
2. کام،کھیل	خاندان میں موجودافراد کے ذریعہ کئے جانے والے کام ، ایک دوسرے کی مدد کرنا،گاؤں میں کاریگروں کی ضروریات،بچہ مزدور
	مختلف کھیل،کھیلوں کی ضرورت ،اشیاء سے کھیلے جانے والے کھیل،اشیاء کے بغیر کھیلے جانے والے کھیل، انفرادی طور پرکھیلے جانے والے کھیل،گروہوں میں کھیلے جانے والے کھیل،کھیل کے اصول،کھیل کا جذبہ
3. جانور	ہمارے اطراف واکناف پائے جانے والے جانور؍پرندے،ان کی رہائش گاہیں، پالتو جانور،نقل مقام کرنے والے پرندے، جانور کیسے حرکت کرتے ہیں؟ جانوروں کے تئیں صلہ رحمی، حشرات،حشرات کے کاٹنے سے ہونے والےنقصانات
4. پودے	مختلف اقسام کے درخت،گھروں میں افزائش کئے جانے والے پودے،ان کے فائدے،ہمیں کیوں درخت اُگانا چاہیے،ہمارے اطراف واکناف نہ اُگنے والےدرخت،آبی پودے،ریگستانی پودے
	پتوں کے اقسام(پتے کی جسامت- کنارے- کونے-شکل-رنگ) پتے جھڑنا،کھانے کے پتے،پتوں سے سجاوٹ،پتوں سے اشکال کی تیاری،پتوں سے کھیل،کمپوسٹ گڑھا
5. غذا	ہم کوغذا کیوں کھانا چاہیے؟غذا کہاں سے دستیاب ہوتی ہے؟پکا کرکھائی جانے والی غذا،بغیر پکائے کھائی جانے والی غذا،پکانے کےمختلف طریقے مختلف اقسام کے برتن اوران کا استعمال
	مختلف علاقوں کی غذائی عادتیں،جانوروں،پرندوں کی غذائی عادتیں مل کرکھانے سے ہونے والے فائدے،عمر کے اعتبار سے غذائی عادتیں،
6. ہمارا گاؤں،نقشہ جاتی مہارتیں	گاؤں،گاؤں میں موجوداداراے-فائدے' گاؤں کے لئے آمدورفت،گاؤں کےلوگ، کیے جانے والےکام
	نقشہ کافہم- نقشہ میں موجودعلامتیں اوران کی اہمیت،نقشہ اُتارنے کا طریقہ،نقشہ سے معلومات حاصل کرنا،کمرہ جماعت،اسکول،محلّہ،گاؤں کانقشہ اُتارنا
7. رہائش	گھرکی ضرورت- گھروں کے اقسام،عارضی رہائش گاہیں،مختلف علاقوں کے مکانات،اپارٹمنٹ،گھروں کی چھتیں
	،گھرکوسجانے کا طریقہ،صاف ستھرا گھر،گھروں میں پھول کے پودے اُگانا،گھرکوخوبصورت رکھنے کے لئے مددکرنا،ہمارے کام خودکرلینا،گندگی سے بھرا گھر،ناکارہ اشیاءکوکچرے کی کنڈی میں ڈالنا
8. ہماری تیارکی جانے والی اشیاءاور لباس	مختلف اقسام کےمٹی کے کھلونے،مٹی سے بنائے گئے برتن،ان کے استعمالات،مٹی کے پتلے،گھڑوں کی تیاری، مٹی کے برتنوں کے استعمال میں کمی
	کپڑوں کی ضرورت' کپڑوں کے اقسام، بچوں کے کپڑے، بڑوں کے کپڑے،خواتین/مردوں کے کپڑے، موسم کے اعتبار سے پہنے جانے والے کپڑے،پوشاک، یونیفارم، روایتی لباس تیارملبوسات،سلوائے جانے والےلباس،صاف ستھرے کپڑے پہننا،کپڑوں پرڈیزائن
9. پانی	پانی کی ضرورت،پانی کے ذرائع، پانی ذخیرہ کرنا،انسانوں، جانوروں، پودوں کو پانی کی ضرورت،صاف پانی، آلودہ پانی،اچھی عادتیں،پانی کی قلت،پانی کی بچت
10. سفرکرنا	سفرکرنا،سفرکیلئے گاڑیوں کی اہمیت'فاصلہ اورضرورت کے اعتبار سےحمل ونقل کے ذرائع،درجہ بندی،سفرکے دوران حادثات

SCERT TELANGANA

اس درسی کتاب کے ذریعہ بچوں میں فروغ دیئے جانے والے استعداد

جماعت سوم کی درسی کتاب ہم اور ہمارا ماحول کے ذریعہ فروغ دیئے جانے والے تعلیمی معیارات درج ذیل ہیں۔جنھیں تعلیمی سال کے دوران حاصل کرنا ضروری ہے۔اس کے لئے درسی کتاب میں موجود اسباق سے ان کا اطلاق کرتے ہوئے تدریسی واکتسابی عمل انجام دیا جاتا ہے۔درج ذیل عملی مہارتوں کا طلبا میں فروغ ہونا چاہیئے۔

۱) **تصورات کی تفہیم** : بچے اس درسی کتاب میں موجود '16' اسباق سے متعلق مختلف تصورات کا فہم حاصل کرنا چاہیئے۔اپنی روزمرہ زندگی میں ان کا اطلاق کرتے ہوئے فہم حاصل کرنا چاہیئے۔مثالیں دینا،مشابہت اور فرق بیان کرنا، درجہ بندی کرنا، وضاحت کرنا، وجوہات بیان کرنا، جیسے اعمال انجام دینے کے قابل بنانا۔

۲) **سوالات کرنا** : طلبا اپنے اطراف کے ماحول، حالات، واقعات کے متعلق سوالات پوچھنے کے قابل بننے چاہیے۔

۳) **تجربہ کرنا اور وضاحت کرنا** : طلباء چھوٹے اور آسان تجربات کرنے اور تصورات کو واضح کرنے کے قابل ہونے چاہیے۔وہ تجربات کے لیے کن چیزوں کا استعمال کرتے ہیں اور ان کی ترتیب سے متعلق بتلانے کے قابل ہونے چاہیے۔

۴) **معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں - منصوبہ کام** :

طلباء دوسروں سے تبادلہ خیال کے ذریعہ مشاہدہ کے ذریعہ اور پڑھنے کے ذریعہ معلومات حاصل کریں۔اس طرح حاصل کردہ معلومات کو جدول میں درج کریں۔ان کا تجزیہ کرنے کے قابل اور نتیجہ اخذ کرنے اور عمومیت تک پہنچنے کے قابل ہونا چاہیئے۔منصوبہ کاموں میں انہاک انہیں کمرہ جماعت میں نمائش کرتے ہوئے وضاحت کریں۔

۵) **شکل اتارنا، ماڈلس رنمونوں کی تیاری کرنا، نقشہ جاتی مہارتیں** :

طلبا اشکال اتارنے اور رنگ بھرنے کے ذریعہ تصورات کو واضح کرنے کے قابل ہونے چاہیے۔جماعت سوم کے بچے اپنی کمرہ جماعت، اسکول، محلّہ اور گاؤں وغیرہ کا نقشہ اُتارنے کے قابل ہونے چاہئے اور دوسرے نقشوں میں موجود علامتوں کے ذریعہ معلومات حاصل کریں۔

۶) **توصیف** : بچوں میں بہترین رویوں کو فروغ دینا چاہیئے۔جانوروں، پرندوں، پودوں اور اپنے اطراف سماج میں رہنے والے لوگوں کی عظمت کی نشاندہی کے قابل ہوں اور ان کی تعریف وتوصیف کرنے کے قابل ہوں۔رحم دلی، اِمدادِ باہمی، تعاون، مِل جُل کر کام کرنا جیسی خصوصیات کے حامل ہونا چاہیے۔سماج، ماحول میں موجود فرق کی شناخت کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی وتوصیف کرنے کے قابل ہوں۔مختلف غذائی عادتیں، رہن سہن، تہذیب وتمدن میں موجود عظمت کی تعریف وتوصیف کریں۔انفرادی صفائی، صحت مند عادتیں اپنانے، اپنا کام خود کرنے کے قابل ہونے چاہیے۔گھر اور سماج میں موجود معمر افراد اور خصوصی مراعات کے مستحق افراد کی مدد کرنے کا جذبہ ہونا چاہیے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

فہرست مضامین





.1	خاندان	جون	1
.2	کون کیا کام کرتے ہیں؟	جون	12
.3	آؤ کھیلیں	جولائی	20
.4	جانور اور ان کی پناہ گاہیں	جولائی	27



.5	ہمارے اطراف واکناف پائے جانے والے پودے	اگست	39
.6	پتوں سے رشتہ	اگست	48
.7	غذا جو ہم کھاتے ہیں	سپٹمبر	59
.8	غذائی عادتیں	سپٹمبر	70

.9	ہمارا گاؤں	اکٹوبر	78
.10	مختلف اقسام کے مکانات	نومبر	86
.11	صاف ستھرا گھر ہی خوب صورت گھر	نومبر	94
.12	مٹی سے بنی انمول اشیاء	ڈسمبر	101
.13	رنگین لباس	ڈسمبر	108
.14	میں یہاں آپ کہاں؟	جنوری	115
.15	پانی - ہماری ضرورت	فبروری	123
.16	آؤ گاؤں چلیں	فبروری	134
	اعادہ	مارچ	

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

1-خاندان



SCERT TELANGANA

عافیہ : دادا جی! اس تصویر میں جن کا قد اونچا ہے وہ کون ہیں؟

دادا جی: وہ تمہارے والد مرزا ہیں۔

عافیہ : اچھا! وہ کون ہیں جو شرٹ شلوار پہنی ہوئی ہیں؟

دادا جی: تم نے اُنہیں پہچانا نہیں؟ یہ آپ کی پھوپی ہیں۔

عافیہ: کیا والد صاحب کے بازو کھڑے ہوئے اکبر چا چا ہیں؟

دادا جی: ہاں! بالکل صحیح۔

عافیہ : اکبر چا چا اب کہاں رہتے ہیں؟

دادا جی: وہ حیدرآباد میں رہتے ہیں۔

عافیہ : دادا جی، وہ حیدرآباد میں کیوں رہ رہے ہیں؟

دادا جی: وہ وہاں نوکری کرتے ہیں۔

افرادِ خاندان کے نام درج کیجیے

....

....

....

....

....

....

....

....

....

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عام طور پر خاندان میں ماں باپ، دادا دادی اور بچے ہوتے ہیں۔ تمام خاندان ایک جیسے نہیں ہوتے۔ بعض خاندانوں میں صرف والدین اور بچے ہوتے ہیں۔ بعض خاندانوں میں دادا دادی بھی ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ خاندان کے بعض افراد تعلیم، ملازمت اور دیگر وجوہات کی بناپر دوسرے مقامات پر رہتے ہیں۔

آیئے اب دیکھیں کہ عافیہ کے خاندان میں کون کون رہتے ہیں! عافیہ کے دادا کا نام منور اور دادی کا نام سعیدہ ہے۔ عافیہ کے دادا کو دولڑکے اور ایک لڑکی ہے۔ ذیل میں دی گئی تصویر دیکھئے۔



ذیل کی تصویر دیکھئے۔



ذیل میں دیئے گئے افراد کا ایک دوسرے سے کیا رشتہ ہے لکھئے؟

1۔ ایوب رشتہ میں سعیدہ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔
2۔ قمر رشتہ میں منور کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔
3۔ فرحان رشتہ میں ایوب کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔
4۔ زبیدہ رشتہ میں منور کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔
5۔ رفیعہ رشتہ میں نکہت کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔
6۔ عافیہ رشتہ میں ایوب کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔
7۔ عافیہ رشتہ میں رفیعہ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔
8۔ بشیر رشتہ میں زبیدہ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔
9۔ منور رشتہ میں فرحان کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتے ہیں۔
10۔ افسر رشتہ میں نکہت کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عافیہ کے ماں باپ اور دادا، دادی کے نام آپ جان چکے ہیں۔آپ بھی اپنے دادادادی، ماں باپ اور دیگر افراد خاندان کے نام لکھئے۔

دادا کا نام
دادی کا نام
والد کا نام
والدہ کا نام
تایا/چاچا کا نام
تائی/چاچی کا نام
پھوپا کا نام
پھوپی کا نام
بچوں کے نام
بچوں کے نام
بچوں کے نام

مندرجہ بالا طریقہ پر افراد خاندان، اور ان کے آباواجداد کی لکھی ہوئی تفصیلات کو ''خاندانی شجرہ'' کہتے ہیں۔

مشابہت :

فرحان کی چاچی کو ایک لڑکی تولد ہوئی اور تمام رشتے دار اُسے دیکھنے آئے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عام طور پر خاندان کے بچوں میں، ماں باپ، نانا' نانی، دادا' دادی، پھوپی، ماموں کی شباہت پائی جاتی ہے اور بعض میں کسی بھی افراد خاندان کی شباہت نہیں پائی جاتی ۔لہٰذا ہم اپنی جسمانی ساخت کو من وعن (جیسا ہے ویسا) قبول کریں اور اس کا تحفظ کریں ۔

صحیح جواب پر (✓) نشان لگائیے۔

1۔	اگر کوئی نا معلوم شخص آپ کو مٹھائی دیتا ہے تو کیا آپ قبول کریں گے؟	(ہاں/نہیں)
2۔	کیا آپ ایک نا معلوم شخص کے ساتھ جائیں گے؟	(ہاں/نہیں)
3۔	اگر آپ کو کوئی پریشان کر رہا ہے تو کیا آپ کسی بڑے کو اس بارے میں بتائیں گے؟	(ہاں/نہیں)

خاندان کے مختلف لوگوں میں مختلف خصوصیات پائی جاتی ہیں۔بعض اوقات جب ہم غصے میں ہوتے ہیں،ہم اپنے الفاظ سے دوسروں کو تکلیف پہنچاتے ہیں مگر اس سے ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوتا بجائے ہم اس فرد سے کہیں کہ ہمارے غصہ ہونے کی وجہ کیا ہے۔ہم وہ رویے اور حالات جو ہم پسند نہیں کرتے ان کے بارے میں وضاحت کر سکتے ہیں۔بجائے اس کے ہم ایسا راستہ اختیار کر سکتے ہیں جو دونوں فریقین کے لئے تکلیف کا باعث نہ ہو۔

اپنے خاندان کے افراد میں موجود کوئی ایک خاصیت لکھئے جو آپ کو پسند ہے۔

رشتہ	خاصیت
ماں	باہمت
باپ	دیکھ بھال کرنے والے
....	....
....	....
....	....

خاندانی پس منظر :

عافیہ کے والد اُسے اسکول میں شریک کرواتے وقت اُس کا نام عافیہ نرملی درج کروایا۔صدر مدرس نے عافیہ کے والد سے پوچھا عافیہ کے نام کے ساتھ ''نرملی'' کیوں جڑا ہے؟ تو عافیہ کے والد نے جواب دیا ہمارے آبا واجداد شہر نرمل سے یہاں منتقل ہوئے تھے اس لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عافیہ کے دادا گاؤں میں رہنے والے سبھی افراد کی مشکل میں اکثر مدد کرتے رہتے ہیں۔اسی لئے سب ان کی عزت کرتے ہیں ان کی وجہہ سے ہمارے خاندان کو اچھا نام حاصل ہوا۔ عافیہ کے والد کپڑوں کی تجارت کرتے ہیں انھیں بھی اطراف واکناف کے دیہاتوں میں اچھے تاجر کے طور پر جانا جاتا ہے۔اب آپ عافیہ کے خاندانی نام دادا، والد کے خاندان کا پس منظر جان چکے ہو!

اپنے خاندانی پس منظر سے متعلق اپنے بڑوں سے گفتگو کر کے معلومات حاصل کیجئے۔

اور اپنی جماعت میں موجود بچوں کے خاندانی نام کس بنا پر رکھے گئے معلوم کیجئے۔

مختلف قسم کے خاندان :

1. حسینہ کا خاندان

میرا نام حسینہ ہے ہمارے گھر میں والد والدہ اور بھائی کے ساتھ ساتھ دادادادی بھی رہتے ہیں۔

میرا نام ڈیوڈ ہے ہمارے گھر میں میں، میری ماں، میرے والد اور بہن رہتے ہیں۔

2. ڈیوڈ کا خاندان

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

3. اعجاز کا خاندان

میرا نام اعجاز ہے ہمارے گھر میں ماں۔ باپ' دادا۔ دادی' تایا۔ تائی' چاچا۔ چاچی، بہنیں اور بھائی سب مل کر ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔

مندرجہ بالا تصویر کا مشاہدہ کیجیے۔

- ☆ آپ نے تصویریں دیکھی ہیں۔ بتایئے کس کے خاندان میں زیادہ افراد رہتے ہیں؟ کس خاندان میں کم افراد رہتے ہیں؟
- ☆ کس کے گھر میں ضعیف افراد رہتے ہیں؟
- ☆ ڈیوڈ' حسینہ اور شیوا، ان تینوں کے خاندان میں کیا فرق ہے؟
- ☆ تو پھر آپ کا خاندان کس قسم کا ہے؟
- ☆ خاندانوں کے اقسام جو آپ جانتے ہیں وہ کونسے ہیں؟
- ☆ آپ اپنے گھر والوں کو کس طرح مخاطب کرتے ہیں؟ کہیئے اور لکھیے۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

گروہی مشغلہ

☆ آپ تمام دائرے میں کھڑے رہیں۔

☆ کسی ایک کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔

☆ جس آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی ہے وہ دیگر تمام بچوں کوایک کے بعد ایک چھوکر اُن کی شناخت کرے۔

☆ صحیح شناخت کر پانے پر آنکھ سے پٹی کھول دیں۔

☆ اس طرح فرداً فرداً آنکھ پر پٹی باندھتے ہوئے کھیل جاری رکھیں۔

☆ آنکھوں پر پٹی باندھنے سے کیا سب کی شناخت ہو پاتی ہے یا نہیں، کیوں؟

کیا آپ جانتے ہیں ؟

اندھے لوگ پڑھنے کے لئے بریل رسم الخط کا استعمال کرتے ہیں اس رسم الخط کے موجد لوئس بریل ہیں

ضعیف لوگ اور خصوصی مراعات کے مستحق بچے

مندرجہ بالا کھیل میں جن بچوں کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی تھی وہ بچے سب کی شناخت نہیں کر پائے

غور کیجئے! جن کی بینائی ہی نہیں ہوتی وہ روزمرہ کے اپنے کام کیسے انجام دیتے ہیں۔۔۔۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اسی طرح چندلوگوں کوصحیح طور پر سنائی نہیں دیتا۔بعض بچے صحیح طور پر بات نہیں کر سکتے ۔بعض آسانی سے چل نہیں سکتے ۔بعض دیکھ نہیں سکتے ۔اس طرح کےافرادکوکس طرح کی تکلیفیں پیش آتی ہوں گی ۔ایسےافرادکی مدد کس طرح کی جائے۔غور کیجئے۔ کہیے :

ذیل کی تصویر دیکھئے ۔

ہر سال 3/ڈسمبر کو دنیا بھر میں ''مختلف صلاحیتوں کے حامل اشخاص کا دن'' Differently abled persons day منایا جاتا ہے۔

☆تصویر میں کون ہیں؟

☆انہیں اپنے روزمرہ کے کام انجام دینے میں کیا تکالیف پیش آتی ہیں؟

☆ہمیں ان کی مدد کس طرح کرنی چاہئے ؟

☆ کیا آپ نے کبھی ایسے افراد کی مدد کی ہے؟اگر ہاں! تب آپ نے ان کی مدد کس طرح کی؟

کیا آپ جانتے ہیں ؟

ہر سال اکٹوبر کی پہلی تاریخ کو دُنیا بھر میں 'یوم معمرین' منایا جاتا ہے

ہمیں خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے ۔انہیں جس چیز کی ضرورت ہو مدد فراہم کرنا چاہیے۔ گونگے افراد اپنی گفتگو اشاروں سے کرتے ہیں۔ بہرے افرادکانوں میں آلہ رکھ کرٗ اندھے افراد ہاتھوں میں لاٹھی لے کر چھوکر یا اپنی حس کے ذریعہ معلومات حاصل کرتے ہیں ۔اُسی طرح چندافرادبھی بیماری یا حادثوں کی وجہ سے کام نہیں کر سکتے ۔اگرانہیں ہماری مددکی ضرورت ہوتوان کی مددکرنا چاہیے۔

اُسی طرح بعض بچے صحت کی خرابی یاحادثات سے دوچار ہونے کی وجہ سے ازخوداپنے کام نہیں کر سکتے ۔ایسے افراد کے لئے ہم کوضروری مددفراہم کرنی چاہئے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کلیدی الفاظ

1- خاندان
2- افرادِ خاندان
3- مشابہت
4- خاندانی شجرہ
5- بریل رسم الخط
6- خاندانی پس منظر
7- خاندانی نام
8- یوم معمرین
9- ضعیف افراد
10- آباواجداد
11- رشتہ دار
12- خصوصی مراعات کے مستحق بچے

ہم نے کیا سیکھا

☆ عام طور پر خاندان میں ماں باپ دادادادی اور بچے ہوتے ہیں۔
☆ اسی طرح ایک خاندان میں مل کر رہنے والوں کو افرادِ خاندان کہتے ہیں۔
☆ ماں باپ، دادادادی اُن کے آباواجداد کی تفصیلات خاندانی شجرے میں واضح ہوتی ہے۔
☆ خصوصی طور پر ہماری شناخت ہماری مہارتوں اور برتاؤ سے ہوتی ہے۔
☆ عام طور پر بچوں میں اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں کی شباہت پائی جاتی ہے۔
☆ سب کے چہرے ایک جیسے نہیں ہوتے۔
☆ ہر خاندان کا ایک پس منظر ہوتا ہے، جسے خاندانی پس منظر کہتے ہیں۔
☆ افراد کی تعداد پر انحصار کرتے ہوئے خاندان چھوٹے، بڑے یا مشترکہ ہوتے ہیں۔
☆ ضعیف اور خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کو درکار مدد فراہم کرنا چاہیے۔

یہ کیجئے:

تصورات کی تفہیم:

1 خاندان سے کیا مراد ہے؟ آپ کے خاندان میں کون کون ہیں۔

2 عباس عادل آباد میں رہتا ہے۔ وہ جماعت سوم کا طالب علم ہے۔ اس کی والدہ جمیلہ گھر میں ہی رہ کر کاغذ کی تھیلیاں بنانے کا کام کرتی ہے اور دوسری عورتوں کی مدد کرتی ہے۔ عباس اور اس کا چھوٹا بھائی انس دونوں مل کر چھٹیوں میں اپنے ماموں امجد کے گھر گئے جہاں خالہ رضیہ، نانا اِسمٰعیل، نانی حمیدہ رہتے ہیں۔ عباس نے اپنی ماموں زاد بہن شازیہ اور بھائی واجد کے ساتھ مل کر کئی کھیل کھیلے۔

نام	عباس سے رشتہ
انس	بھائی
جمیلہ	--------------
حمیدہ	--------------
امجد	--------------
رضیہ	--------------
واجد	--------------

SCERT TELANGANA

3 آپ کا خاندانی نام کیا ہے؟ معلوم کیجیے کہ یہ نام کیوں رکھا گیا ہے؟

4 ذیل میں دیئے گئے خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کی مدد ہم کس طرح کر سکتے ہیں؟

(الف) وہ افراد جو دیکھ نہیں سکتے

(ب) وہ افراد جو سن نہیں سکتے

(ج) وہ افراد جو بول نہیں سکتے

(د) وہ افراد جو چل پھر نہیں سکتے

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام

1 آپ کے دوستوں کے گھروں میں کون کون رہتے ہیں معلوم کیجئے اور ذیل کے جدول کی خانہ پری کیجئے۔

دوست کا نام	افراد خاندان	افراد خاندان کی تعداد
مثال : 1) عامر	ماں، باپ، دادا، چھوٹی بہن، بڑی بہن، عامر	8
2)		
3)		
4)		
5)		
6)		
7)		
8)		
9)		

مندرجہ بالا جدول پُر کرنے کے بعد درجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

☆ کس کے گھر میں زیادہ افراد رہتے ہیں ؟

☆ کس کے گھر میں کم افراد رہتے ہیں؟

☆ کس کے گھر میں ضعیف لوگ رہتے ہیں؟

2 آپ کے خاندانی شجرہ میں موجود افراد کی تصاویر اکٹھا کر کے البم تیار کیجئے۔ اُسے اپنی جماعت میں آویزاں کر کے ہر فرد کے متعلق بتایے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

تصویر اُتار کر رنگ بھریئے۔

1 الگ الگ احساسات کو ظاہر کرنے والے مختلف چہرے اتاریے۔

2 اپنے ماں باپ کی تصویر اتاریے، ان کے نام لکھیے اور رنگ بھریے۔

توصیف :

1 اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ کر ایک دن گزارنے کا تصور کیجیے۔ آپ اسکول کیسے جائیں گے۔ سیکھیے اور اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلئے، اس بارے میں مختصراً لکھیے۔

2 آپ کے خاندان کی تاریخ، انکی کامیابیوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کیجیے اور انہیں لکھیے۔

سوال کیجیے ۔

1 فرحین اپنے دادا کے ہاں گئی۔ وہ چاہتی تھی کہ اپنے خاندانی شجرے کے بارے میں جانے، اس کے لیے اُس نے دادا سے مختلف سوال کیے۔ فرحین نے خاندانی شجرے سے متعلق کیا سوال کیے ہونگے ؟ اُس کے دادا نے کیا جواب دیئے ہونگے ؟ اگر آپ کو اپنا خاندانی نام معلوم کرنا ہو تو کس طرح کے سوالات پوچھیں گے؟

میں یہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

1	خاندان کسے کہتے ہیں وضاحت کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
2	افراد خاندان کے درمیان رشتہ بتلا سکتا/ بتلا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
3	خاندانی شجرہ اُتار سکتا ہوں خاندانی تاریخ بیان کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
4	افراد خاندان سے متعلق معلومات جدول میں لکھ سکتا/ لکھ سکتی ہوں	ہاں/نہیں
5	ضعیف، خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کیلئے درکار مدد کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
6	خاندانی پس منظر، خاندانی شجرے سے متعلق سوالات کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

2- کون کیا کام کرتے ہیں ؟

یہ کملا کا مکان ہے کملا کے مکان میں اُس کے ماں باپ، دادا دادی اور بھائی رہتے ہیں۔ نیچے دی گئی تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور بتایئے کہ وہ کیا کررہے ہیں۔

کملا کے والدین گھر کے کام میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں کملا اوراس کا بھائی بھی اپنے والدین کے کام میں مدد کرتے ہیں ۔کملا کے دادا، دادی گھر کے کاموں میں خودکو بھی شامل کرتے ہیں۔اس طرح گھر کے کام کاج میں تمام لوگ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

خاندان میں بڑے لوگ گھر کے کاموں کے علاوہ مختلف کام بھی کرتے ہیں۔کھیتوں' صنعتوں' دفتروں،مکان کی تعمیر اور سڑکیں بنانا وغیرہ جیسے مختلف کاموں کی انجام دہی سے خاندان کو آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

SCERT TELANGANA

آپ کے گھر کے افراد کون کون سے کام کرتے ہیں ذیل کے جدول میں لکھئے۔

افرادخاندان کے نام	گھر میں کئے جانے والے کام	آمدنی کیلئے کئے جانے والے باہر کے کام

ایک دوسرے کی مدد کرنا :

آپ نے جانا کہ خاندان کے افرادمختلف کام کرتے ہیں۔خاندان کا ہر فرد مختلف کام کرتا ہے۔ بعض کام تمام افرادخاندان مل جل کرانجام دیتے ہیں۔

ذیل کی تصویر دیکھیے ۔ کون کیا کام کررہے ہیں۔



☆ تصویر میں آپ نے دیکھا کہ،مرد اور خاتون دونوں کام کررہے ہیں۔کیا والد کا گھر میں کھانا بنانا صحیح ہے؟

☆ کیا آپ کے خاندان میں بھی اسی طرح لوگ ایک دوسرے کے کام میں مدد کرتے ہیں؟

☆ آپ کون کون سے کام کرتے ہیں؟اور کس کی مدد کرتے ہیں؟

☆ وہ کون سے کام ہیں جو آپ کے خاندان میں سبھی افراد مل کرانجام دیتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

مباحثہ کیجئے : تفصیلات کے ذریعہ جدول کو پر کیجئے۔

اپنی جماعت کے کوئی چھ (6) طلباء سے پوچھئے کہ۔اُن کے ماں باپ کون کون سے کام کرتے ہیں؟ سب مل کر کرنے والے کام کونسے ہیں؟ اکٹھا کی گئی معلومات کو جدول میں لکھیے۔

دوست کا نام	ان کی والدہ کے ذریعہ کیا جانے والا کام	ان کے والد کے ذریعہ کیا جانے والا کام	تمام افراد خاندان مل کر کیا جانے والا کام
.1			
.2			
.3			
.4			
.5			
.6			

☆ اکثر مائیں کس طرح کے کام کرتی ہیں؟

☆ اکثر والد کس طرح کے کام کرتے ہیں ؟

☆ خاندان کے تمام افراد مل کر کیئے جانے والے کام کون سے ہیں ؟

خاندان کے سبھی افراد کو مل جل کر کام کرنا چاہیئے۔اس طرح ایک دوسرے کی مدد سے کام آسان ہوجاتا ہے اور ایک دوسرے کو سمجھنے بھی لگتے ہیں۔

پیشے :

خاندان کے دیگر افراد اور ماں باپ کام کرنے سے ہماری ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے۔

اپنے گھر کی طرح گاؤں میں بھی مختلف کام کرنے والے رہتے ہیں۔

کیا آپ اُن کے متعلق جانتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

گاؤں میں مختلف قسم کے کام کرنے والوں کی تصویروں کا مشاہدہ کیجئے۔ بتایئے کہ لوگوں کو اُن سے کس طرح کے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

یہ شانتا ہے، یہ ٹوکری بُنتی ہے۔

یہ راجو ہے، یہ چپل سیتا ہے

یہ روی ہے۔ یہ حجامت کرتا ہے

یہ رامو ہے۔ یہ بڑھئی کا کام کرتا ہے

☆ کیا آپ کے گاؤں/شہر میں بھی اس طرح کے کام کرنے والے افراد موجود ہیں ؟

☆ آپ کے گاؤں/شہر کے افراد اور کون کون سے کام انجام دیتے ہیں ؟

مباحثہ کیجئے :

آپ کے بھی گاؤں میں مختلف کام کرنے والے افراد ہوں گے! راجیّا سڑک جھاڑنا، نالی صاف کرنا، جیسے کام انجام دیتا ہے۔

اُس کی طرح گاؤں میں اور کون کون سے افراد ہیں جو مختلف کام کرتے ہیں؟

اگر وہ یہ کام انجام نہ دیں تو کیا ہوگا ؟

SCERT TELANGANA

ہر پیشہ اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے۔وہ کام، جس میں مہارت شامل ہوتی ہے اور جس سے آمدنی حاصل ہوتی ہے "پیشہ" کہلاتا ہے۔سماج کی ترقی کے لیے ہمیں تمام پیشہ ورافراد کی ضرورت ہوتی ہے اسی لیے تمام پیشہ ورافراد کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا چاہئے۔

کام کرنے والے بچے

یہ لڑکی نوری ہے۔نوری کو اسکول جانا بہت پسند ہے۔مگر وہ اب اسکول نہیں جاتی اور وہ گھر پر رہ کر اپنی چھوٹی بہن کو سنبھالتی ہے۔نوری کے والد کسان ہیں اور ماں مزدوری کرتی ہے۔نوری سارا دن گھر پر رہتے ہوئے گھر کا کام کرتی ہے۔فرصت کے اوقات میں اپنی کتابیں نکال کر پڑھتی ہے۔وہ اسکول سے واپس ہونے والے بچوں کو جب دیکھتی ہے تو اس کا دل چاہتا ہے کہ خود بھی اسکول جائے۔

اگر بچے اسکول نہ جاتے ہوئے کام پر جائیں تو کیا نقصانات ہوں گے؟

اگر ایسے بچے نظر آئیں جو اسکول نہ جاتے ہوں تو ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

تعلیم بچوں کا حق ہے۔لہٰذا تمام بچے روزآنہ اسکول جانا چاہئے اور والدین کو چاہیئے کہ وہ بچوں کو اسکول میں شریک کروائیں۔

کلیدی الفاظ

1. گھر کے کام
2. باہر کے کام
3. امداد باہمی
4. مل کر کئے جانے والے کام
5. آمدنی
6. پیشے
7. ضروریات
8. تمام بچے اسکول جائیں
9. بچہ مزدور

ہم نے کیا سیکھا

☆ گھر کے افراد گھر پر اور باہر مختلف کام انجام دیتے ہیں۔
☆ افراد خاندان کو مل جل کر کام کرنا چاہیئے۔
☆ گھر کے بڑے افراد مختلف کام کرتے ہیں جس کی وجہ سے خاندان کو آمدنی حاصل ہوتی ہے۔
☆ گھر کے کام میں بچوں کو بڑوں کی مدد کرنی چاہیئے۔
☆ تمام پیشوں کا احترام کرنا چاہئے۔
☆ گاؤں میں مختلف کام انجام دینے والے افراد رہتے ہیں۔
☆ بچوں کا صحیح مقام اسکول ہے نہ کہ کام کی جگہ۔تمام بچوں کو اسکول میں تعلیم حاصل کرنا چاہیے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. خاندان کے بڑے لوگ کیوں کام کرتے ہیں ؟
2. ایسے کاموں کی دو مثالیں دیجئے جس میں خاندان کے تمام افراد مشترکہ طور پر کام کرتے ہیں۔
3. ذیل میں دیئے گئے ایسے کاموں کے اطراف دائرہ O لگائیے جن سے آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

پکانا	ٹوکری بننا	گھر کی صفائی
مٹی کے برتن بنانا	کپڑے دھونا	پڑھانا
برتن صاف کرنا	پھل فروخت کرنا	کھیت کے کام کرنا
گیمس کھیلنا	پڑھنا	کپڑے سینا
نہانا	کھانا کھانا	دودھ فروخت کرنا

4. اپنے گاؤں کے لوگوں کے ذریعہ کئے جانے والے مختلف قسم کے کام کون سے ہیں؟
5. ذیل کی تصاویر دیکھئے اور بتائیے کہ وہ کیا کام کر رہے ہیں؟ اگر وہ نہ ہوتے تو کیا ہوتا ؟

تصویر اُتار کر رنگ بھریئے :

ذیل کی تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے اور اس کے متعلق گفتگو کیجئے ۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA



معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام

1. مختلف قسم کے کام کرنے والوں کی تفصیلات اکٹھا کیجئے۔ ان سے متعلق گفتگو کیجئے۔اوران افراد کی تصاویر حاصل کرکے البم تیار کیجئے اور کمرۂ جماعت میں اس کا مظاہرہ کیجئے۔
2. اپنے علاقوں کے بچوں کے نام حاصل کیجئے جو اسکول نہیں جاتے اور اس کی وجہ بتائیے۔
3. اپنے دوستوں سے پوچھ کر ان کے ماں باپ کس پیشہ سے وابستہ ہیں تفصیلات اکٹھا کرکے جدول میں درج کیجئے۔

	دوست کا نام	والد کا پیشہ	والدہ کا پیشہ
.1			
.2			
.3			
.4			
.5			
.6			
.7			

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

3. آپ کے گھر میں ذیل کے کام کون کون مل کر کرتے ہیں صحیح کا نشان (✓) لگائیے۔

کام کا نام	ماں	باپ	خود	بھائی	بہن	دادا	دادی
گھر کی صفائی							
پکانا							
پانی لانا							
کپڑے دھونا							
کھیت کے کام							
ترکاری لانا							
سودا لانا							

توصیف :

1. اپنے گاؤں/شہر میں مختلف پیشہ ور افراد موجود ہوں گے۔ ان کا احترام کرنا چاہئے اگر وہ اپنے پیشہ انجام نہ دیں تو کیا ہوگا کہئے اور لکھئے؟

سوال کیجئے :

شاکر اپنے گاؤں کے لوہار اور کمہار کے پاس گیا اور ان کے پیشوں سے متعلق معلومات حاصل کیا۔ دوران ملاقات اس نے کیا کیا سوالات کئے ہوں گے۔ فہرست تیار کیجئے۔

میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں ؟

1. میں افراد خاندان مل جل کر کام کرنے کی ضرورت کے بارے میں بتلا سکتا ہوں ہاں/نہیں
2. میں خاندان میں مشترکہ طور پر کون سے کام کئے جاتے ہیں اور انفرادی طور پر کون سے کام کئے جاتے ہیں، جدول کی مدد سے وضاحت کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں
3. میں اپنے، دوستوں کے ماں باپ کے پیشے سے متعلق جدول تیار کرسکتا ہوں ہاں/نہیں
4. اگر کسی بچہ مزدور کا مجھ سے سامنا ہوتا ہے تو میں اسکو اسکول میں شریک ہونے کے لیے کہہ سکتا ہوں ہاں/نہیں
5. کام کے لیے استعمال کئے جانے والے بعض اوزار/ اشیاء کی تصاویر اُتار سکتا ہوں ہاں/نہیں
6. میں مختلف افراد سے مل کر اُن کے پیشے سے متعلق معلومات حاصل کرسکتا ہوں ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

3- آؤ کھیلیں!

مستان، رحیم، رضیہ، عرشیہ، کملا، جان اور احمد کھیلنے کے لئے میدان گئے۔ وہاں اور بھی کئی بچے موجود تھے۔ وہ مختلف کھیل کھیل رہے تھے۔ آیئے دیکھیں وہ کیا کھیل کھیل رہے ہیں۔

SCERT TELANGANA

☆ تصویر میں بچے جو کھیل کھیل رہے ان کھیلوں کے نام لکھئے۔

☆ کیا آپ بھی یہی کھیل کھیلتے ہیں؟ آپ دیگر کونسے کھیل کھیلتے ہیں؟ ان کے نام لکھئے۔

☆ کھیل ہر ایک کو پسند ہوتے ہیں! بتایئے ہمیں کھیل کیوں کھیلنا چاہیئے ؟

کھیلوں کے اقسام

احمد اتوار کے دن اپنی بہن کے ہمراہ گھر پر مختلف کھیل کھیلتا ہے۔

مستان نے اپنے دوستوں کے ساتھ میدان میں مختلف کھیل کھیلتا ہے۔ احمد نے اپنے گھر پر کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟ مستان نے میدان میں کونسے کھیل کھیلے ہوں گے؟ گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور نیچے خانوں میں درج کیجئے ۔

گھر میں کھیلے جانے والے کھیل	میدان میں کھیلے جانے والے کھیل

گھر اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیلوں کی فہرست آپ تیار کر چکے ہیں! کیا آپ کے ماں باپ، دادا' نانا وغیرہ بھی اپنے بچپن میں یہی کھیل کھیلا کرتے تھے؟ وہ کونسے کھیل کھیلتے تھے؟ معلومات حاصل کیجئے اور لکھئے ۔

کھیل جو آپ کھیلتے ہیں	کھیل جو آپ کے دادا، دادی نانا، نانی کھیلا کرتے تھے

آپ کے ماں باپ دادا، دادی، نانا، نانی اپنے بچپن میں جو کھیل کھیلا کرتے تھے ان کھیلوں میں سے آپ کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کون سے نہیں؟

SCERT TELANGANA

ذیل میں دی گئی مختلف کھیلوں کی تصویریں دیکھئے۔ان کھیلوں کے لئے ضروری اشیا کی فہرست بنائیے۔ بتائیے کہ ہم یہ کھیل کہاں کھیلتے ہیں؟ گھر پر؟ یا باہر؟ ذیل کے جدول میں درج کیجئے :

کھیل	کھیل کے لیے درکار اشیاء	 کہاں کھیلتے ہیں
		
		
		
		

SCERT TELANGANA

مختلف کھیل :

آپ مختلف قسم کے کھیل کھیلتے ہیں! ان میں بعض کھیل اکیلے ہی کھیلے جاتے ہیں اور بعض گروہی طور پر کھیلے جاتے ہیں۔ چند کھیل کھیلنے کے لیے زیادہ کھلاڑیوں کی ضرورت ہوتی ہے اس طرح کے کھیلوں کے بارے میں گروہی طور پر مباحثہ کیجئے اور تفصیلات ذیل میں درج کیجئے۔

انفرادی طور پر کھیلے جانے والے کھیل	جوڑیوں میں کھیلے جانے والے کھیل	گروہی طور پر کھیلے جانے والے کھیل

کھیل کی اشیاء :



اکبر، انور، ذاکر، احمد، خلیل اور ماجد شام کے وقت کرکٹ کھیلنے گئے۔ وہ بیاٹ، بال، وکٹ اپنے ساتھ لے گئے۔ بعض کھیلوں کے لیے ہمیں کھیل کی اشیا کی ضرورت ہوتی ہے اُسی طرح بعض کھیلوں کے لئے نہیں ہوتی مثلاً چھپا چھپی کا کھیل۔

اس طرح کن کھیلوں کیلئے کھیل کی اشیاء درکار رہوتی ہیں اور کن کھیلوں کے لیے نہیں؟ ذیل کے جدول میں لکھئے۔

وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت نہیں ہوتی	وہ کھیل جن کے لیے کھیل کی اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کھیل ۔ اصول وضوابط :

رحیم، جانی، نوید، سمیع، محمود اور مستان کبڈی کھیل رہے تھے۔ کھیل کے دوران وہ آپس میں لڑنے لگے۔ دوران کھیل کسی غلطی کی وجہ سے وہ آپس میں بحث کرنے لگے۔ کھیل رُک گیا۔ رحیم، جانی اور مستان ناراض ہو کر گھر لوٹ گئے۔

> کیا آپ جانتے ہیں ؟
>
>
>
> چند کھیل جانوروں کی مدد سے کھیلے جاتے ہیں۔ پولو کھیل میں کھلاڑی گھوڑے پر سوار ہو کر گیند کو پولو اسٹک (mallet) سے مارتے ہوئے کھیلتے ہیں۔

> **سوچیے ! اور بولیے:**
>
> ☆ بچوں نے کھیل کو درمیان میں کیوں روک دیا۔
>
> ☆ کھیلوں میں لڑائی جھگڑا نہ ہو اس کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ غور کیجیے ؟

سبھی کھیلوں کے اصول وضوابط ہوتے ہیں۔ کھیلوں کے ضوابط کے مطابق ہمیں کھیلنا چاہئے۔ کھیل کے میدان پر جس طرح کے اصول ہوتے ہیں، اسی طرح ہمارے جسم کو محفوظ رکھنے کے بھی اصول ہوتے ہیں۔ انہیں شخصی جسمانی تحفظ کے اصول کہا جاتا ہے اصولوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ ہار جیت کو ذہن میں رکھے بغیر کھیلنا چاہیے۔ روزانہ کھیلنے سے صحت اچھی رہتی ہے اور دوستی بڑھتی ہے۔

یوم اطفال 14 نومبر کے ضمن میں تمام بچوں کے لیے کھیل کے مقابلے منعقد کئے گئے تھے۔ دوڑ میں رحیم نے سب سے تیز دوڑ لگا کر پہلا انعام حاصل کیا۔ اسکول کے اساتذہ اور بچوں نے رحیم کی ستائش کی۔

☆ اپنے اسکول میں اچھا کھیلنے والے بچوں کی ستائش آپ کیسے کروگے۔

☆ جیتنے والی ٹیم کی ستائش آپ کیسے کروگے؟

کلیدی الفاظ

1. کھیل کے اقسام
2. گھر میں کھیلے جانے والے کھیل
3. میدان میں کھیلے جانے والے کھیل
4. کھیل کی اشیاء
5. کھیلوں کے اصول
6. پولو کھیل
7. اصولوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے
8. دوڑ کا مقابلہ
9. ہار اور جیت
10. کھیلوں کے مقابلے
11. کھلاڑیوں کی خصوصیات
12. قدردانی

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ہم نے کیا سیکھا

☆ جب ہم کھیلتے ہیں تو خوشی محسوس کرتے ہیں، جس سے ہماری صحت اچھی رہتی ہے اور دوستانہ تعلقات فروغ پاتے ہیں۔
☆ کھیلوں کے کئی اقسام ہیں انفرادی طور پر کھیلے جانے والے، گروہی طور پر کھیلے جانے والے، گھر میں کھیلے جانے والے، اور میدان میں کھیلے جانے والے کھیل
☆ ماضی سے آج تک کھیلوں میں بہت ساری تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ آج کل کئی ایک نئے کھیل متعارف ہو چکے ہیں۔
☆ بعض کھیلوں کے لیے کھیل کی مخصوص اشیاء درکار ہوتی ہیں اور بعض کے لیے نہیں۔
☆ کھیل میں ہار جیت کو مساوی طور پر قبول کیا جانا چاہیے۔
☆ کھیل اصولوں کے مطابق کھیلنا چاہیے اور ساتھ ہی ساتھ شخصی جسمانی تحفظ کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

یہ کیجیے :

تصورات کی تفہیم :

1. ہمیں کھیل کیوں کھیلنا چاہیے ؟
2. گیند سے کھیلے جانے والے چند کھیلوں کے نام لکھیے ؟
3. کھو۔کھو اور کرکٹ کے درمیان فرق بتلائیے اور لکھیے۔
4. آپ گھر میں کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کب کھیلتے ہیں ؟
5. آپ میدان میں کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور کب کھیلتے ہیں ؟
6. کرکٹ، کھو۔کھو جیسے کھیلوں کو ہم میدان میں کھیلے جانے والے (آؤٹ ڈور) کھیلوں کے طور پر کیوں کھیلتے ہیں؟
7. شخصی جسمانی تحفظ کے اصولوں سے کیا مراد ہے؟

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام

1. اپنی جماعت کے ساتھیوں سے پوچھیے کہ اُنہیں کونسے کھیل پسند ہیں ؟ان کی تفصیلات دیئے گئے جدول میں درج کیجیے ۔ اکثر لوگ کونسے کھیل پسند کرتے ہیں؟

سلسلہ نشان	نام	پسندیدہ کھیل
1		
2		
3		
4		

2. مختلف کھیلوں کی تصاویر اخبارات سے حاصل کرکے اِسکراپ بک (Scrap Book) میں چسپاں کیجیے۔
ان کھیلوں کے نام لکھیے اور ان کے لیے جن اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے اُن کے نام لکھیے ؟

SCERT TELANGANA

تصویراُتاریئے ۔ رنگ بھریے :

1.ذیل کی تصاویر آپ کی کاپی میں اُتاریے اور رنگ بھریے :



توصیف

1. آپ کے اسکول میں اچھا کھیلنے والے کون ہیں ؟ جب کبھی وہ اچھا کھیلتے ہیں تب آپ ان کی ستائش کس طرح کرتے ہیں ؟
2. کھیل میں جیتنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سبق حاصل کرنا چاہیئے؟ اُسی طرح ہارنے والوں کو دیکھ کر ہمیں کیا سیکھنا چاہیئے ؟

سوال کیجئے :

1. بچے میدان میں کبڈی کھیل رہے ہیں۔ کھیل کے دوران جھگڑا شروع ہوا۔ اُسی وقت معلم آ گئے ۔ معلم نے اُن سے کیا سوال کیا ہوگا ؟ بچوں نے کیا جواب دیا ہوگا؟ اگر آپ اس وقت وہاں ہوتے تو کیا سوال کرتے؟

میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

1. مختلف کھیلوں کے بارے میں وضاحت کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں
2. گھر میں کھیلے جانے والے اور باہر کھیلے جانے والے کھیل کون سے ہیں درجہ بندی کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں
3. لوگوں کو کون سے کھیل پسند ہیں معلومات اِکٹھا کرسکتا ہوں اور اس سے متعلق جدول تیار کرسکتا ہوں ہاں/نہیں
4. کھیلوں میں استعمال ہونے والی اشیاء کی تصاویر اُتار سکتا ہوں۔ ہاں/نہیں
5. کھیلوں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

4 - جانور اور ان کی پناہ گاہیں

اتوار کے دن تھا ماجدؔ، جبین، شائستہ، سلیم اور عامر ایک باغ کو گئے۔ باغ کے قریب ہی ماجد کا کھیت تھا۔ باغ اور کھیتوں میں انہوں نے کئی قسم کے جانور اور پرندے دیکھے۔ ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے اُنہوں نے کیا کیا دیکھا بتایئے؟



☆ تصویر میں موجود جانوروں اور پرندوں کے نام بتایئے۔

☆ اپنے اطراف و اکناف میں نظر آنے والے دیگر جانوروں اور پرندوں کے نام لکھیے۔

بچوں نے باغ میں دوپہر تک کھیلا۔ ماجد مچھیروں کو مچھلیاں پکڑتے دیکھنے قریبی تالاب پر گیا۔ تالاب میں اور تالاب کے اطراف اُسے مختلف قسم کے جانور نظر آئے۔ اُس نے اپنے تمام دوستوں کو بلایا اور پانی میں موجود جانوروں کو دیکھنے کے لیے کہا۔ بتایئے وہ لوگ پانی میں کون کون سے جانور دیکھے ہوں گے؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ذیل کی تصویر دیکھئے۔نظر آرہے جانوروں کے نام اور یہ کہاں رہتے ہیں بتائیے۔



مچھلی پانی میں رہتی ہے۔بعض سانپ پانی میں اور بعض زمین پر رہتے ہیں۔لیکن مینڈک' کچھوا، مگرمچھ، کیکڑے، جیسے جانور پانی میں اور زمین پر رہتے ہیں۔جانور مختلف جگہوں پر رہتے ہیں۔

بعض جانور درختوں' پر بعض پانی میں' بعض زمین پر رہتے ہیں اور بعض جانور زمین میں بل بنا کر رہتے ہیں۔

ذیل کی تصاویر دیکھئے :



اوپر کی تصویروں میں موجود جانور کہاں رہتے ہیں؟

جانور کا نام	پناہ گاہ
-----------------	-----------------
-----------------	-----------------
-----------------	-----------------

SCERT TELANGANA

بعض جانور ہمارے گھروں میں رہتے ہیں۔ ذیل کی تصویر دیکھئے۔ گھر میں رہنے والے جانوروں کی تصاویر میں رنگ بھریئے۔ گھروں میں پالے جانے والے جانوروں کو ’پالتو جانور‘ کہتے ہیں۔



SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

پرندے کہاں رہتے ہیں ؟

اختر ایک دن اشفاق کے مکان گیا۔اُس نے گھر کی چھت پر لٹکائے گئے برتن میں چڑیوں کو پانی پیتے دیکھا۔اشفاق اپنی مٹھی میں اناج کے دانے لاکر ڈالے تو فوری اُن چڑیوں نے آکر چُگنا شروع کیا، یہ دیکھ کر اختر بہت خوش ہوا۔اختر نے کہا چڑیاں کتنی پیاری ہیں، اشفاق، اختر کو مکان کے عقبی صحن میں لے گیا۔

گھر کے پچھلے حصّہ میں موجود درخت پر اُنہیں کوّے کا گھونسلہ نظر آیا اُس میں کوّے کے بچے بھی نظر آئے اختر یہ دیکھ کر بہت خوش ہوا۔

☆ کوّے گھونسلہ کیوں بناتے ہیں؟

☆ اس طرح درختوں پر گھونسلے بنا کر رہنے والے چند پرندوں کے نام بتایئے اور لکھئے؟

آپ نے جانا کہ پرندے درختوں پر گھونسلے بناتے ہیں !

اب ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے اور بتایئے کہ یہ کون سے پرندے ہیں؟ اور کہاں رہتے ہیں؟

پرندے کا نام---------- پرندے کا نام---------- پرندے کا نام----------

پناہ گاہ------------ پناہ گاہ------------ پناہ گاہ------------

اپنے بڑوں سے معلوم کیجئے کہ مختلف اقسام کے پرندے کہاں رہتے ہیں۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

نقل مقام کرنے والے پرندے :

اشفاق اوراختر نے شام کے وقت کھیل کے دوران آسمان پر اُڑنے والے سارس کے جھُنڈ دیکھے۔ وہ سب ایک ہی قطار میں آسمان پر اُڑ رہے تھے۔ یہ منظر خوبصورت نظر آ رہا تھا۔ یہ دیکھ کر اختر نے کہا کہ ''یہ سارس کبھی کبھی نظر آتے ہیں، یہ پرندے کہاں رہتے ہیں؟'' اشفاق نے کہا یہ صرف مانسون میں نظر آتے ہیں۔

بعض پرندے غذا کی تلاش میں نکلتے ہیں اور بعض انڈے دینے کے لیے۔ اُسی طرح بعض پرندے خود کے تحفظ کے لیے موسم گرما اور موسم سرما میں وہاں کے ماحول کو برداشت نہ کرنے کی وجہ سے نقل مقام کرتے ہیں۔ ایسے پرندوں کو 'نقل مقام' کرنے والے پرندے کہتے ہیں۔

کیا آپ نے کبھی نقل مقام کرنے والے پرندوں کو آسمان پر گروہ کی شکل میں اُڑتے دیکھا ہے؟

جانور کیسے حرکت کرتے ہیں؟

بعض جانور چلتے ہیں، بعض رینگتے ہیں، بعض اُچھلتے ہیں اور بعض تیرتے ہیں۔ جس کے لیے وہ اپنے پیر، پر اور کبھی دم کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ ذیل میں دی گئی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے اور ان میں سے اڑنے، رینگنے اور اچھلنے والے جانوروں کی شناخت کیجیے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کرکے دیکھئے :

☆ اپنے پسندیدہ جانور کی تصویر اپنی نوٹ بک میں اُتاریے۔

☆ اب آپ لوگ تین تین کے گروہوں میں بیٹھیے۔ ہر گروپ کے بچے ایک ایک کاغذ لیں اس کے تین حصے موڑ (Fold) لیں۔



1. ہر گروپ پہلے موڑے ہوئے حصہ پر اپنے پسندیدہ جانور کا سر، گردن کی تصویر اُتاریں۔ اُتارے گئے حصے کو موڑ کر دوسرے کو دیں۔



2. گروپ میں موجود دوسرا لڑکا دوسرے موڑ ہوئے حصہ پر اپنے پسند کے جانور کا دھڑ اُتارے۔ اُتارے گئے حصے کو موڑ کر تیسرے لڑکے کو دیں۔



3. گروپ میں موجود تیسرا لڑکا تیسرے موڑ ہوئے حصہ پر اپنے پسندیدہ جانور کے پیر اُتارے۔



4. اب کاغذ کے تمام موڑے ہوئے حصوں کو کھول کر دیکھئے آپ کو ایک عجیب جانور کی تصویر نظر آئے گی۔

اسی طرح ماباقی گروپس کے بچوں سے بھی اُتاری گئی تصویر لے کر دیکھے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

جمیلہ، واجدہ، ساجدہ نے بھی اسی طرح تصویر اُتاری اُن کی اُتاری ہوئی تصویر دیکھیے اس میں کونسا حصہ کس جانور کا ہے بتلایے۔



جانوروں کے ساتھ صلہ رحمی کا برتاؤ کیجیے

ایک دن گڈو اسکول جارہا تھا۔ راستے میں اُسے تکلیف سے کراہتا ہوا کتے کا بچہ نظر آیا۔ اُسکے پیر پر زخم تھا۔ گڈو اُسے اُٹھا کر اپنے گھر لایا اور اپنے والد کو بتلایا۔ اس کے والد نے زخم پر پٹی باندھی۔ اس کے بعد گڈو نے برتن میں دودھ ڈال کر اُسے پلایا، دودھ پینے کے بعد وہ کتے کا بچہ دُم ہلاتے ہوئے گڈو کے پاس چلا آیا۔ گڈو نے اسے پیار سے پنکی نام دیا۔ اُس دن سے پنکی گڈو کے افراد خاندان سے گھل مل گیا۔ گڈو کی اس رحم دلی پر اسکول کے اساتذہ اور اس کے دوستوں نے اُس کی تعریف کی۔

SCERT TELANGANA

گڈو نے کیا کیا آپ نے جانا! کیا آپ نے کبھی ایسا کام کیا ہے؟ بتایئے آپ نے کیا کیا؟
اگر آپ کو اپنے گھر کے اطراف بھوکے بلی یا کتے کے بچے گھومتے ہوئے نظر آئیں تو آپ کیا کریں گے؟



تتلی کی تصویر میں رنگ بھریئے :

تتلی بہت خوبصورت ہوتی ہے! یہ اور بھی خوبصورت نظر آتی ہے جب پھولوں کے اطراف اُڑ رہی ہوتی ہے۔اُسی طرح پتنگے (Dragonfly) بھی جب ہوا میں اڑتے ہیں تو ہمارا ماحول بہت خوبصورت نظر آتا ہے۔ہمیں ان حشرات کی حفاظت کرنی چاہیے۔مگر، بعض شریر بچے پرندوں کے گھونسلوں کو تباہ کرتے اور انڈے پھوڑ دیتے ہیں تتلی اور ٹڈوں کے پروں کو توڑتے ہیں اور، سڑک پر نظر آنے والے کتوں پر بھی پتھر برساتے ہیں، جو بہت غلط حرکت ہے۔

ہمارے ساتھ ہمارے ماحول میں کئی جانور زندگی گذارتے ہیں۔ان کا تحفظ ضروری ہے۔وہ ہماری طرح تکلیف محسوس کرتے ہیں۔لہٰذا ہمیں انہیں چین سے جینے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔

حشرات :

ذیل میں دیئے گئے مختلف قسم کے حشرات کو دیکھئے۔بتایئے کہ انہیں آپ کہاں کہاں دیکھتے ہیں۔



SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

حشرات کے کاٹنے سے کیا ہوگا ؟

راجو کے دادا کو سردی اور بخار ہو گیا۔ اُنھیں ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا۔ اُنہیں ملیریا ہوا تھا۔ راجو نے ڈاکٹر سے پوچھا ''ملیریا کا سبب کیا ہے؟'' تو ڈاکٹر نے کہا ''مچھر کے کاٹنے سے ملیریا ہوتا ہے۔''

مچھروں سے بچنے کے لیے ہمیں کونسی احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیے؟
مچھروں کی افزائش کی روک تھام کے لئے ہمیں کیا اقدامات کرنے چاہیے ؟

کیا آپ ذیل کی تصاویر دیکھ چکے ہیں؟ انھیں کیوں استعمال کرتے ہیں ؟



مچھروں کی افزائش ٹھہرے ہوئے پانی میں ہوتی ہے۔ ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ہمارے اطراف و اکناف پانی کا ذخیرہ نہ ہونے پائے۔ ہمیں مچھروں کو مارنے کے لیے ٹھہرے ہوئے پانی میں کیروسین یا ملاتھین جیسی کیمیائی اشیاء کا چھڑکاؤ کرنا چاہیے۔ مچھروں سے بچاؤ کے لیے بعض لوگ مچھر بتی کا استعمال کرتے ہیں یہ صحت کے لیے مضر ہوتی ہے۔ لہٰذا مچھروں سے بچنے کا بہتر متبادل مچھر دان ہے۔

اس طرح مکھیوں سے بھی کئی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ مکھیاں کچرے کے ڈھیر، گوبر اور گندے مقامات پر رہتی ہیں۔ ان متاثرہ مکھیوں کے ذریعہ بیماریاں پیدا کرنے والے بیکٹیریا ہماری غذا میں شامل ہوتے ہیں۔ اس طرح مکھیاں بیٹھی ہوئی آلودہ غذا کھانے کی وجہ سے ٹائیفیڈ' ہیضہ' جیسی بیماریاں آتی ہیں۔ اس لیے غذائی اشیاء کو اچھی طرح ڈھانک کر رکھنا چاہیے۔

کیا آپ نے بنا ڈھکی ہوئی' غذائی اشیاء دیکھی ہیں؟
اس طرح کی غذائی اشیاء کیوں نہیں کھانی چاہیے' بتایئے

مکھیوں اور، مچھر کی افزائش کی روک تھام کے لیے ہمارے اطراف و اکناف پانی کو ٹھہرنے نہ دیں۔ کچرے کو کوڑے دان میں ڈالیں۔ ٹھہرے ہوئے گندے پانی پر کیروسین یا ملاتھین کا چھڑکاؤ کریں۔ اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ ہمارے اطراف و اکناف گڑھے نہ ہوں۔ اس میں کچرا وغیرہ بھی نہ ڈالا جائے، ہمیں اپنے گھر اور اطراف کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

SCERT TELANGANA

کلیدی الفاظ

1. جانوروں کی پناہ گاہیں
2. پانی میں رہنے والے جانور
3. نقل مقام کرنے والے پرندے
4. زمین پر رہنے والے جانور
5. پالتو جانور
6. حشرات
7. جانوروں سے صلہ رحمی
8. بیکٹیریا
9. ماحول کی صفائی
10. مچھر بتی
11. ملاتھین (Malathian)

ہم نے کیا سیکھا

☆ جانور زمین پر، پانی میں، درختوں پر رہائش اختیار کرتے ہیں۔

☆ گھروں میں پالے جانے والے جانوروں کو 'پالتو جانور' کہتے ہیں۔

☆ جانور ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل ہونے کے لئے چلتے، رینگتے، اُڑتے اور تیرتے ہیں۔

☆ پرندے انڈے دینے، غذا اور موزوں مقام کی تلاش میں دور دراز مقامات کو نقل مقام کرتے ہیں۔

☆ جانوروں کے تئیں ہمیں رحم دلی کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ اُن کے لیے ضروری غذا' پانی فراہم کرنا چاہئے۔ انکی حفاظت کرنی چاہئے۔

☆ ٹھہرے ہوئے پانی میں مچھروں کی افزائش ہوتی ہے۔ ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ہمارے اطراف واکناف پانی جمع ہونے نہ پائے۔

☆ گندے ماحول میں مکھیاں' مچھر پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا چاہئے۔

SCERT TELANGANA

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. پالتو جانوروں کی چار مثالیں دیجئے؟
2. مچھروں کی روک تھام کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
3. پرندے کیوں نقل مقام کرتے ہیں؟
4. پرندوں اور جانوروں کے درمیان کوئی تین فرق لکھئے۔
5. حسب ذیل کے لیے کوئی تین مثالیں کہئے اور لکھئے۔

a) پرندے جو اُڑتے ہیں : 1.--------- 2.--------- 3.---------

b) جانور جو رینگتے ہیں : 1.--------- 2.--------- 3.---------

c) جانور جو چلتے ہیں : 1.--------- 2.--------- 3.---------

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

6. میں کون ہوں؟ میں کون ہوں ؟

a) میں لمبا ہوں۔
میرے پیر ہیں نہ کان
میں رینگتا ہوں، چیونٹیوں کی بل میں رہتا ہوں۔
کون ہوں میں؟ کون ہوں میں ؟

b) پانی میں رہتی ہوں
میں کبھی نہیں سوتی
گلپھڑوں سے سانس لیتی ہوں
کون ہوں میں؟ کون ہوں میں؟

c) میرے چار پیر ہیں
میں دودھ دیتی ہوں
میں پتے کھاتی ہوں
کون ہوں میں؟ کون ہوں میں؟

d) میرے پر ہوتے ہیں
میں آسمان میں اونچا اُڑتی ہوں
اونچائی سے بھی زمین پر موجود چھوٹی چھوٹی
چیزیں دیکھ سکتی ہوں
کون ہوں میں؟ کون ہوں میں؟

تصویر اُتاریئے ، رنگ بھریئے :

1. ذیل کی تصاویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :





کہانی پڑھیے:

اپنے اسکول کی لائبریری کو جایئے اور روڈیارڈ کپلینگ کی لکھی ہوئی کتاب ''جنگل بک'' میں سے ''موگلی Mowgli'' کی کہانی پڑھئے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں، منصوبہ کام

1. جانوروں کی تصاویر اکٹھا کیجیے اور البم تیار کیجیے۔ ہر جانور کا مشاہدہ کر کے دو یا تین جملے لکھیے۔
2. آپ اپنے دوست کے مکان جا کر دیکھئے کہ وہ کن جانوروں، پرندوں کو پال رہے ہیں۔ تفصیلات اکٹھا کر کے ذیل کے جدول میں لکھیے۔

دوست کا نام	پالتو جانور/ پرندوں کے نام

زیادہ تر کون سے جانور پالے جاتے ہیں ؟

توصیف :

1. اگر آپ درخت پر موجود گھونسلہ سے پرندے کا بچہ نیچے گرتا ہوا دیکھیں تو کیا کریں گے بتایے؟ لکھئے؟
2. ہماری طرح جانور بھی جاندار ہیں۔ انہیں نقصان نہ پہنچانے کے لیے کیا نہیں کرنا چاہیے؟ کوئی تین عمل بتایئے اور لکھئے۔

سوال کیجیے :

عافیہ اور، ماہین دونوں درخت پر موجود گھونسلوں کا مشاہدہ کر رہے تھے۔ وہ ان سے متعلق جاننا چاہتے تھے۔ انہوں نے وہیں پر موجود کسان رنگیا سے پرندوں کے گھونسلوں سے متعلق سوالات کئے۔ انہوں نے کیا سوالات کئے ہوں گے؟ لکھئے ؟

کیا یہ میں کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

.1	مختلف جانوروں و پرندوں کی پناہ گاہیں کہاں کہاں ہوتی ہیں بتلا سکتا ہوں	ہاں/نہیں
.2	پالتو جانوروں کی تفصیلات اکٹھا کر کے فہرست تیار کر سکتا ہوں	ہاں/نہیں
.3	مختلف پرندوں/ جانوروں کی تصاویر اُتار کر رنگ بھر سکتا ہوں	ہاں/نہیں
.4	پرندوں اور جانوروں سے محبت کروں گا اور اُن سے صلہ رحمی کروں گا	ہاں/نہیں
.5	پرندوں اور ان کی رہائش گاہوں سے متعلق غور سکتا ہوں اور سوالات کر سکتا ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

5 - ہمارے اطراف واکناف پائے جانے والے پودے

سلیمہ پھول کے پودوں کو پسند کرتی ہے۔ گھر کے عقبی صحن میں وہ مختلف قسم کے پھول کے پودے اُگاتی ہے۔ وہ روزانہ اُنہیں پانی دیتی ہے۔ کوئی دوسرے ان پودوں کے پتے اور شاخوں کو نہ توڑیں اس بات کا خیال رکھتی ہے۔

سلیمہ اپنے اسکول میں بھی چند پودوں کے دیکھ بھال کی ذمہ داری لی ہے۔ وہ اُن کی حفاظت کرتی ہے اور روزانہ پانی دیتی ہے۔ چھٹیوں میں بھی وہ اسکول جا کر پودوں کو پانی دیتی ہے۔ ایک دن عقیلہ، سلیمہ کے گھر پھولوں کو دیکھنے کے لئے گئی۔

TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ان پھول کے پودوں کے نام بتائیے، جو عقیلہ اور سلیمہ نے دیکھے؟
ان کے علاوہ چند اور پھول کے نام لکھیے جنھیں آپ جانتے ہیں؟
عقیلہ اور سلیمہ نے ان پھولوں سے کیا کیا ہوگا؟ ہم پھول کب اور کیوں استعمال کرتے ہیں؟

سلیمہ کے گھر میں پھول کے پودوں کے علاوہ مزید کئی قسم کی ترکاریوں اور پھلوں کے درخت بھی موجود ہیں۔ تصویر میں ان کا مشاہدہ کیجیے۔

اپنے دوستوں کے گھر میں اُگائے جانے والے پودوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے؟ ان معلومات کو ذیل کے جدول میں لکھیے۔

دوست کا نام	پودوں کے نام جوانہوں نے اگائے
.1	
.2	
.3	
.4	
.5	
.6	

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

گھروں میں زیادہ ترکون سے پودے اُگائے جاتے ہیں؟
کون سے پودے گھروں میں بہت کم اُگائے جاتے ہیں؟

عام طور پر، لوگ اپنے گھر کے سامنے کھلی جگہ پر مختلف قسم کے پودے اُگاتے ہیں۔ بعض گھروں میں آگے/ پیچھے خالی جگہ نہیں ہوتی۔ تب وہ پودے کہاں اگاتے ہیں؟ اور کونسے پودے اُگاتے ہیں؟

عقیلہ اور سلیمہ کھیلنے کے لیے باہر گئے۔ اُنہوں نے دیکھا کہ وہاں سارے بچے برگد کے پیڑ کے نیچے کھیل رہے ہیں۔ برگد کے پیڑ کے ساتھ ساتھ املی اور نیم کے درخت بھی وہاں موجود ہیں۔ عقیلہ اور سلیمہ بھی اُن بچوں کے ساتھ وہاں کھیلنے لگے۔

درختوں کے استعمالات کیا ہیں؟ غور کیجیے۔

کیا تمام درخت ایک جیسے ہوتے ہیں ؟

عقیلہ اور سلیمہ نے باغچہ میں موجود مختلف قسم کے پودوں کے پتے، ٹہنیاں اور جڑ دیکھے۔ اس میں چند بڑے اور چند چھوٹے تھے ان میں بعض پودوں کے پتے چھوٹے اور بعض بڑے اور چوڑے تھے ان میں کن درختوں کے پتے چھوٹے اور کن درختوں کے پتے بڑے ہوں گے۔ اُن درختوں کے نام بتایئے جو بڑے اور سایہ دار ہیں۔ گھر کے باہر اونچا لمبا تاڑ کا درخت دیکھ کر عقیلہ نے کہا ''اوہو! یہ کتنا اونچا درخت ہے۔''

اپنے اطراف واکناف میں مختلف قسم کے پودے اور درخت اُگتے ہیں، کیا ان سب کی اونچائی ایک جیسی ہوتی ہے؟ ان میں چند آپ کے قد سے بھی کم ہوتے ہیں۔ بعض پودے آپ کے قد کے مساوی ہوتے ہیں اور بعض پودے آپ سے بہت اونچے ہوتے ہیں۔ آپ کے گاؤں/محلّہ میں پودے اور درخت دیکھیے۔ اُن کی تفصیلات ذیل کے جدول میں لکھیے۔

آپ کے قد سے کم اونچائی والے پودے	آپ کے قد کے مساوی پودے	آپ کے قد سے اونچے پودے

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

برگد، املی، نیم جیسے درخت بہت بڑے ہوتے ہیں اوران میں بہت ساری شاخیں ہوتی ہیں۔وہ ہمیں چھاؤں دیتے ہیں۔اسی لیےانہیں سڑک کے کنارے اُگایا جاتا ہے۔ان میں سے چند درختوں کے پتے' پھول اور پھل سے ہمیں فائدہ ہوتا ہے۔ان درختوں سے ہمیں لکڑی حاصل ہوتی ہے۔لکڑی سے کئی اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔کھجور کا درخت بہت لمبا ہوتا ہے،اس کی شاخیں نہیں ہوتیں۔اس کے پتے بہت چوڑے ہوتے ہیں۔ان پتوں سے جھونپڑیوں کی چھت بنائی جاتی ہے۔

مختلف درختوں سے حاصل ہونے والے فائدوں کے بارے میں گفتگو کیجیےاور بولیے۔

ہمیں درخت کیوں اُگانا چاہیئے ؟

عقیلہ کے آنگن میں آم کا درخت ہے۔کیا آپ جانتے ہیں! آم کے درخت کے کیا فائدے ہیں؟ کیری سے اچار تیار کرتے ہیں۔ہم آم کھاتے ہیں ،درخت پر جھولا باندھ کر جھولتے ہیں اور مزے اڑاتے ہیں۔تہواروں میں بعض لوگ آم کے درختوں کے پتوں سے گھروں کو سجاتے ہیں۔

آپ جان چکے ہیں آم کے درخت سے ہمیں بہت فائدے حاصل ہوتے ہیں۔
ذیل میں دیے گیے درختوں سے ہمیں کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟ گروہی طور پر مباحثہ کیجیےاور لکھیے۔

ناریل کا درخت



نیم کا درخت

TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آیئے پودے اُگائیں

اوپر کی دونوں تصویروں کا مشاہدہ کیجئے۔

گروپ میں مباحثہ کیجئے

☆ اوپر دی گئی تصویروں میں آپ کونسی تصویر پسند آئی اور کیوں؟
☆ درخت نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟ غور کیجیے اور بتایئے۔
☆ جب دھوپ کی تمازت زیادہ ہوتی ہے تو درخت کے سائے میں آرام کرنے والوں کو کیا آپ نے کبھی دیکھا ہے؟
☆ کیا آپ نے کبھی اپنے مدرسے میں منعقدہ شجر کاری کے پروگرام میں حصہ لیا ہے؟
☆ آپ کی جانب سے لگایا گیا پودا صحت مندطور پر نشو ونما پاتا ہے تو آپ کو کیسا لگتا ہے؟

درخت ہمیں ٹھنڈی ہوا دیتے ہیں۔ وہ ہرے بھرے پتوں، رنگین پھولوں کی وجہ سے خوشنما نظر آتے ہیں۔
کبھی آپ کسی پارک یا کھیت میں ہری بھری گھانس پر کھیلے ہوں گے۔
دیہاتوں میں دھوپ کی تمازت سے بچنے کے لیے لوگ درخت کی چھاؤں میں آرام کرتے ہیں۔ بچے درخت کی چھاؤں میں مختلف قسم کے کھیل کھیلتے ہیں۔
کیا آپ نے کبھی ایسا کھیلا ہے! کیا آپ اس طرح سے کبھی محظوظ ہوئے ہیں۔
کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ہمیں درختوں کی حفاظت کرنا چاہیے جو ہمیں بے حد راحت پہنچاتے ہیں۔
اس کے علاوہ اسکول میں، گھر کے آنگن میں سڑکوں کے دونوں جانب، کھیت کے کناروں پر، درخت اگانے کے اس عمل میں ہم سے جتنا ممکن ہو سکے اتنا تعاون پیش کرتے ہوئے ان کا تحفظ کرنا چاہیے۔
ہمارے اسکول میں لگائے جانے والے پودوں کا تحفظ ہم خود کریں۔

اس طرح آپ کی جانب سے لگائے گئے پودے کس کے لئے فائدہ مند ہوں گے غور کیجئے۔

ہمارے اطراف واکناف نہ اُگنے والے پھل کے درخت :

ہم کئی اقسام کے پھل کھاتے ہیں۔ ہمارے علاقوں میں ان میں سے چند پھلوں کے درخت ہی پائے جاتے ہیں اور چند ہمارے علاقوں میں نہیں پائے جاتے۔ عقیلہ کو سیب بہت پسند ہے۔ مگر اُس نے سیب کے درخت کو کبھی نہیں دیکھا۔ پھل دینے والے درختوں کے نام لکھئے جو آپ نے کبھی نہیں دیکھا۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

------------ ------------
------------ ------------
------------ ------------
------------ ------------
------------ ------------
------------ ------------
------------ ------------

سیب کا درخت

آبی پودے، ریگستانی پودے :

سلیمہ اور عقیلہ اپنے دوستوں کے ساتھ کھیت کو گئے ۔انہوں نے قریب ہی موجود تالاب میں کنول کا پھول دیکھا۔مچھلی پکڑنے والے اکبر نے اُنہیں کنول کے پھول کے بارے میں بتلایا۔گھر واپس ہوتے ہوئے راستے میں عقیلہ ایک پودے کے پاس آ کر رُک گئی۔’’یہ پودا دیکھو کتنا عجیب ہے !اس کے پتے نہیں ہیں لیکن بہت سارے کانٹے ہیں۔اُس نے سلیمہ سے پوچھا یہ کونسا پودا ہے۔سلیمہ نے کیا کہا ہوگا؟ سوچئے!

ذیل کی تصاویر دیکھئے۔کیا آپ ان کے بارے میں جانتے ہیں؟ یہ کہاں اُگتے ہیں ؟


للّی

کنول

ناگ پھنی

گھیکوار

نرگس اور کنول جیسے پودے پانی میں اُگتے ہیں۔انہیں ’آبی پودے‘ کہتے ہیں۔ناگ پھنی ،گھیکوار جیسے پودے ریتیلے اور کم پانی والے علاقوں میں اُگتے ہیں۔انہیں ’ریگستانی پودے‘ یا صحرائی پودے، کہتے ہیں۔

ERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کلیدی الفاظ

1. درختوں کے استعمالات
2. پودوں کی نگہداشت
3. گھروں میں اُگائے جانے والے پودے
4. باہر اُگنے والے پودے
5. آبی پودے
6. ریگستانی پودے/صحرائی پودے

ہم کیا سیکھ چکے ہیں؟

☆ ہمارے علاقوں میں کئی اقسام کے پودے اُگتے ہیں۔
☆ ہمارے اطراف واکناف کئی قسم کے پودے ہوتے ہیں جن میں چند بہت اونچے ہوتے ہیں۔ چند پست قد ہوتے ہیں اور چند بہت ہی چھوٹے ہوتے ہیں۔
☆ نیم کے درخت بڑے ہوتے ہیں اور ان میں کئی شاخیں ہوتی ہیں۔ تاڑ کے درخت بنا شاخوں کے ہی بہت اونچے بڑھتے ہیں۔
☆ درختوں کے بہت سے فائدے ہیں۔ درختوں سے پھول، پھل لکڑی حاصل ہوتی ہے۔
☆ بعض درخت ہمارے ماحول میں نہیں اُگتے مگر ان سے حاصل ہونے والے پھول پھل ہم استعمال کرتے ہیں۔
☆ ریگستانی علاقوں میں چپل سینڈ، ناگ پھنی، کھیکوار جیسے پودے اُگتے ہیں جنہیں ریگستانی پودے کہتے ہیں۔

تصورات کی تفہیم :

یہ کیجئے

1. پھول اور پھل دینے والے درختوں کی چند مثالیں دیجئے؟
2. سینڈھی اور آم کے درختوں کے درمیان مشابہت اور فرق بتایئے۔ لکھیے؟
3. موگرا اور گڑھیل کے پودوں کے درمیان مشابہت اور فرق کو بتایئے اور لکھئے۔
4. آپ کے اطراف واکناف نہ اُگنے والے پودے کون سے ہیں؟
5. آپ کے مدرسے میں اپنی جانب سے لگائے گئے پودوں کی حفاظت کس طرح کروگے؟
6. برگد کے درخت اور تاڑ کے درخت میں کیا فرق ہے جدول میں لکھئے ؟

	برگد کا درخت	تاڑ کا درخت
اونچائی		
پتے		
شاخیں		

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

7. نازیہ اور صبیحہ کے گھروں کا مشاہدہ کیجئے۔



صبیحہ کا گھر　　　　نازیہ کا گھر

...... آپ کو کس کا گھر زیادہ پسند آیا؟ کیوں؟

...... دونوں گھروں کے درمیان کیا فرق ہے؟

...... صبیحہ کے گھر کے احاطہ میں کھلی جگہ ہے؟ اگر ایسی جگہ آپ کے گھر میں ہو تو آپ کیا کرو گے ؟

8. نازیہ اپنے گھر میں پودے اُگاتی ہے۔ وہ اپنا گھر صاف ستھرا رکھتی ہے۔

اپنے گھر میں انجام دینے والے صحیح عمل پر (✓) کا نشان لگایئے ۔

☆ میں گھر میں پودے اُگاتا ہوں ( )

☆ انہیں روزانہ پانی ڈالتا ہوں ( )

☆ میں اس بات کا خیال رکھتا ہوں کہ کوئی پتے یا شاخیں نہ توڑیں ( )

☆ میں پودوں کے اطراف کی جگہ کو صاف رکھتا ہوں میں جھڑے ہوئے اور سوکھے پتوں کو نکال دیتا ہوں ( )

☆ میں نے اسکول کے چند پودوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ احتیاط سے دیکھ بھال کرتا ہوں ( )

9. گھروں میں پودوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ کیوں کہ ------------------------

تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :

1. درج ذیل تصاویر اُتاریئے، رنگ بھریئے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 21-2020

.2 آپ کے علاقہ میں موجود سب سے اونچے درخت کی تصویر اُتاریئے۔ اُس میں رنگ بھریے۔ اس کے متعلق لکھئے؟

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام

.1 آپ کے اطراف واکناف پائے جانے والے پودوں/ درختوں میں جن کے نام آپ جانتے ہیں اور جن کے نام آپ نہیں جانتے اُن کے نام معلوم کر کے لکھئے۔

.2 ان پودوں کے نام لکھئے جو پھول، پھل، چھاؤں اور لکڑی دیتے ہیں۔

پھول دینے والے	پھل دینے والے	چھاؤں دینے والے	لکڑی دینے والے
----------	----------	----------	----------
----------	----------	----------	----------
----------	----------	----------	----------

توصیف :

.1 ہریتا ہارم کے دوران آپ کے ذریعہ لگائے گئے پودے کو کوئی توڑ دے تو آپ کیسا محسوس کریں گے؟ پھر آپ کیا کریں گے؟

.2 سلیمہ کے اسکول میں بہت سے پودے ہیں۔ وہ چھٹیوں میں جا کر بھی پانی ڈالتی ہے اور پودوں کی نگہداشت کرتی ہے! اس سے آپ بھی واقف ہیں، آپ بھی اپنے اسکول میں ایک پودا لگایئے یا پودے کے نگہداشت کی ذمہ داری لیجئے۔ اُسے روزانہ پانی ڈالیے، مشاہدہ کیجئے کہ اور بتایئے کہ ایک مہینے بعد کیا ہوگا؟

سوال کیجیے:

عقیلہ آپی پودوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے۔ وہ ایک قریبی تالاب پر گئی۔ وہاں وہ مالی عبداللہ نانا سے ملی۔ آبی پودوں سے متعلق اس نے مختلف سوالات پوچھے۔ عقیلہ نے کیا کیا سوالات پوچھے ہونگے؟ وہ سوالات لکھئے۔ عبداللہ نانا نے کیا جواب دیئے ہوں گے وہ بھی لکھئے۔

یہ میں کرسکتا/ کرسکتی ہوں

.1 کونسے درخت کا قد کم اور کونسے درخت کا زیادہ ہوتا ہے میں بتا سکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

.2 درختوں سے ہونے والے فائدے بتا سکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

.3 آبی پودے، ریگستانی پودوں سے متعلق وضاحت کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

.4 پھول، پودے، درختوں کی تصاویر اُتار کر رنگ بھر سکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

.5 پودوں اور درختوں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔ ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 21-2020

6 - پتوں سے رشتہ

ہمارے اطراف و اکناف کئی پیڑ پودے پائے جاتے ہیں۔جس طرح مختلف قسم کے پیڑ پودے ہوتے ہیں انکے پتے بھی مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔کیا آپ نے موز کے پتے کو دیکھا ہے؟ یہ بہت ہی بڑا ہوتا ہے!اس پتے کو کھانے کی برتن کی طرح استعمال کرتے ہیں۔کیا آپ نے املی کے درخت کے پتوں کو دیکھا ہے؟ یہ پتے کتنے چھوٹے ہوتے ہیں! کیا آپ نے املی کے درخت کے پتوں کو دیکھا ہے؟ سوچئے وہ کیسے نظر آتے ہیں؟ تصویر میں مختلف قسم کے پتے موجود ہیں۔کیا آپ ان کی شناخت کر سکتے ہیں؟

☆ تصویر میں موجود پتوں کے نام بولئے اور لکھئے۔کیا یہ تمام پتے ایک جیسے ہیں؟ ان میں کیا فرق پایا جاتا ہے۔

تمام پتے ایک جیسے نہیں ہوتے' چند پتے بڑے اور چند چھوٹے ہوتے ہیں۔ان کے کنارے اور کونے مختلف ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ذیل کے پتوں کا مشاہدہ کیجئے ان پتوں کے کنارے اور کونے کس طرح ہیں غور کیجئے۔



عام طور پر بعض پتوں کے کنارے ملائم اور بعض پتوں کے کھردرے ہوتے ہیں۔ بعض پتوں کے کونے نوکیلے اور بعض پتوں کے گول ہوتے ہیں۔ اس طرح مزید پتوں کے بارے میں بتلائیے۔

آپ چند پتوں کو جمع کیجئے۔ انہیں ہاتھ سے چھو کے دیکھئے۔ کیا وہ ملائم ہیں یا کھردرے؟
مشاہدہ کر کے جدول میں درج کیجیے۔

ملائم سطح والے پتے	کھردری سطح والے پتے

رنگ برنگے پتے :

یوسف کے مکان میں مختلف قسم کے کروٹان کے پودے موجود ہیں۔ وہ مختلف رنگوں میں ہیں۔ راجو جو یوسف کے مکان پر آیا ہوا ہے رنگ برنگے پتوں کو دیکھ کر تعجب کا اظہار کرتا ہے۔ راجو نے آم کے پتوں کو دیکھا، اس نے دیکھا کہ نوخیز پتے ہلکے سرخ رنگ کے ’ پختہ پتے سبز رنگ کے، جھڑنے والے پتے زرد رنگ کے ہیں۔ کیا آپ نے کبھی رنگ برنگے پتوں کو دیکھا ہے؟ ان کے نام بتلائیے۔

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آپ کسی ایک پتے کولیکر اسکے رنگ، شکل پتے کی اوپری اور نچلی سطح پر غور کیجئے۔ان کو ہاتھ سے چھونے پر آپ نے کیا محسوس کیا؟ کیا وہ کھردرے ہیں یا ملائم؟ پتے کو سونگھئے۔اس کی بو کیسی ہے؟ پتے کے کنارے دیکھئے وہ کس طرح ہیں۔
اس طرح مزید پتوں کو جمع کیجیے۔ ان کی تفصیلات جدول میں لکھئے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ بادام کے پتے کئی رنگ کے ہوتے ہیں

پتے کا نام	نوخیز پتے کا رنگ	پختہ پتے کا رنگ	جھڑے ہوئے پتے کا رنگ	راس کی شکل	اوپری سطح	نچلی سطح	بو

پتوں کا جھڑنا :

رحیم کے اسکول میں ایک بڑا درخت ہے۔تعطیلات کے دوران تمام بچے اس درخت کے نیچے کھیلتے ہیں۔رحیم نے محسوس کیا کہ اس درخت کے پتے جھڑ رہے تھے۔ایک دن رحیم کو بغیر پتوں والے درخت کو دیکھ کر بڑا دکھ ہوا ہے۔وہ سوچنے لگا کہ کب درخت پھر سے ہرا بھرا نظر آئے گا۔

درخت کے پتے جھڑنے پر کب اُس سے کونپل نکلتے ہیں؟

- کن درختوں کے پتے جھڑتے ہیں مشاہدہ کرکے بتلایے ؟
- درخت کے پتے کب جھڑنے لگتے ہیں؟
- جھڑے ہوئے پتوں کا کیا ہوتا ہے؟
- درخت پر کب نئے پتے نمودار ہوتے ہیں؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

جھڑے ہوئے پتوں کا کیا کرنا چاہیئے ؟

عام طور پر، درختوں کے پتے جھڑتے رہتے ہیں۔ جھڑے ہوئے پتوں کی وجہہ سے اطراف واکناف کا ماحول صاف ستھرا نظر نہیں آتا۔ اس لئے انہیں جھاڑ کر ماحول کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے۔

کیا آپ جانتے ہیں ؟

جھڑے ہوئے پتوں و کچرے کو جلانے سے اُٹھنے والا دھواں صحت کے لیے نقصان ہوتا ہے۔ اسی لیے جھڑے ہوئے پتوں کو کمپوسٹ گڑھے میں ڈالنا چاہیئے۔ جلانا نہیں چاہیئے۔

کمپوسٹ گڑھا :

رحیم کے اسکول میں روزانہ درختوں سے جھڑے ہوئے پتے اور کاغذات وغیرہ کو جھاڑ کر اسکول کی صفائی کمیٹی کے اراکین ایک گڑھے میں ڈالتے ہیں۔ اُسی طرح دوپہر کے طعام کے بعد بچنے والی غذائی اشیاء کو بھی اُس گڑھے میں ڈالتے ہیں۔ اس کے بعد گڑھے کو مٹی سے ڈھانک دیتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں وہ اس طرح کیوں کرتے ہیں؟ تھوڑے ہی دنوں میں یہ تمام سڑ گل کر اچھی کھاد میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ اس کھاد کا استعمال اسکول کے باغیچہ کے پودوں کیلئے کیا جاتا ہے۔

اپنے اسکول میں درختوں سے جھڑے ہوئے پتوں کا آپ کیا کرتے ہیں؟

پتے بطور غذا :

راشد کو اسکول سے گھر آتے ہی باورچی خانہ میں سالن پکنے کی بوآئی ہے۔ سالن میں کریا پات‘ کوتمیر ڈالنے پر ذائقہ اچھا ہوتا ہے اور خوشبو بھی آتی ہے۔

خوشبو دینے والے پتوں کے نام بولئے، لکھیئے :

ہمارے پکوان میں مختلف پتوں کو استعمال کرتے ہیں جس سے غذا میں خوشبو کے ساتھ ساتھ ذائقہ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ پتے والی ترکاریاں صحت کے لئے بہت اچھی ہوتی ہیں کیوں کہ ان میں حیاتین پائے جاتے ہیں۔ بعض پتے والی ترکاریاں پکا کر کھاتے ہیں۔ ترکاریوں کو پکانے سے قبل اچھی طرح دھونا چاہیئے۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ذیل میں دیئے گئے پتوں کا مشاہدہ کیجئے۔پتوں کے نام بتایئے۔ہم ان کا استعمال کیسے کرتے ہیں؟ان پکوانوں کے نام بتایئے جن میں ان پتوں کا استعمال ہوتا ہے۔

چند دیگر پتے والی ترکاریوں کے نام بتایئے اور لکھئے جن سے آپ واقف ہیں۔

----------	----------	----------	----------
----------	----------	----------	----------
----------	----------	----------	----------

SCERT TELANGANA

آیئے! کھیلیں اور پتوں کی شناخت کریں

کوتمیر،پودینہ،نیلگری (یوکلپٹس) اِملی،لیموں، نیم،تلسی کے چند پتے اکٹھا کیجئے۔
ایک طالب علم کی آنکھ پر پٹی باندھیے۔
اُس کے ہاتھ میں کوئی پتا دے کر اُسے چکھ کر یا سونگھ کر پہچاننے کو کہئے۔
کون کتنے زیادہ شناخت کرپاتے ہیں دیکھئے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

پتوں سے سجاوٹ :

آپ نے پتوں کی مختلف شکل، رنگ، مزہ اور بو سے متعلق جانا۔

گھروں کو کب پتوں سے سجایا جاتا ہے کیا آپ نے کبھی اپنے گھر کی سجاوٹ پتوں سے کی ہے؟

تہوار کے موقع پر کملا کے مکان کو کس طرح سجایا گیا ہے ذیل کی تصویر میں دیکھئے :



اوپر کی تصویر میں گھر کو کن پتوں سے سجایا گیا ہے؟

تہواروں کے موقع پر غیر مسلم کن پتوں کو سجاوٹ کے لیے استعمال کرتے ہیں؟

آپ اپنے مدرسہ کو کن موقعوں پر پتوں سے سجاتے ہیں۔اس کے لیے کون سے پتے استعمال کرتے ہیں؟

عام طور پر، تہواروں، شادیوں اور میلوں وغیرہ کے موقع پر گھروں کو' آم' ناریل، موز وغیرہ کے پتوں سے سجایا جاتا ہے۔اس طرح سجانے سے گھر اچھے لگتے ہیں۔

پتوں سے رنگ :

ریشما کا جنم دن تھا۔اس نے نئے کپڑے پہنے۔اپنے ہاتھوں میں مہندی لگائی،

اسکول کے تمام بچوں کو اپنے ہاتھ پر اتارے گئے مہندی کے بہترین ڈیزائنس کو دکھایا سب نے اس کی تعریف کی۔

CERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اپنی نوٹ بک میں مہندی کا ڈیزائین اتاریئے۔اپنی ٹیچر/ خاندان کے فرد سے ان پودوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے جن میں قدرتی رنگ پایا جاتا ہے۔ان کی ایک فہرست تیار کیجئے۔

پتوں سے اشکال :

ہم جان چکے ہیں کہ پتوں کو سجاوٹ کے لیے استعمال کرتے ہیں !اس طرح پتوں سے مختلف قسم کے اشکال بھی تیار کر سکتے ہیں۔رحیم نے اسکول کے احاطہ سے درخت سے گرے ہوئے پتوں کو جمع کیا۔انہیں سفید کاغذ پر چسپاں کر کے تصویر بنایا۔رحیم کی بنائی ہوئی تصویر دیکھ کر تمام بچے اُس کی تعریف کرنے لگے۔آیئے رحیم نے جو اشکال بنائے ہیں اُنہیں دیکھتے ہیں۔



آپ بھی پتوں کو اکٹھا کر کے مختلف قسم کے جانور، پرندوں کی اشکال تیار کیجئے۔
اُنہیں اپنے ساتھیوں کو بتایئے۔
اسکول کے دیواری رسالے پر آویزاں کیجئے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

پتوں سے کھیل :



رحیم کو کاغذ کے پھول سے کھیلتے ہوئے ریشما نے دیکھا۔ اُس نے پوچھا ''کس دوکان سے خریدے ہو؟'' رحیم نے کہا ''میں نے ہی تیار کیا ہے۔'' ریشما نے درخواست کی کہ ''مجھے بھی بنانا سکھاؤ۔'' آیئے کاغذ کے پھول کو رحیم نے کس طرح تیار کیا ! دیکھیں

1. سوکھے ہوئے کھجور کے پتے کو لے کر ایک انگلی کے مساوی لمبائی دیکھ کر توڑ لیں۔
2. توڑے ہوئے کھجور کے پتے کو درمیان میں ایک کانٹا یا چھوٹا کیلا چبھائیے۔
3. کانٹا چبھائے ہوئے کھجور کے پتے کو ایک ڈھنٹل کے نرم حصے میں چبھائیے۔
4. اب اسے لے کر دوڑیے اور دیکھئے کہ وہ کیسے پنکھے کی طرح گردش کرتا ہے۔

اپنے دوستوں سے گفتگو کیجئے اور پتوں سے مختلف قسم کے کھلونے تیار کیجئے۔

کلیدی الفاظ

1. کونے	2. کنارے	3. کھردری سطح
4. ملائم سطح	5. نوخیز پتے	6. کمپوسٹ گڑھا
7. کھاد	8. سوکھے پتے	9. سجاوٹ

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- پتے مختلف شکل اور جسامت کے ہوتے ہیں۔ بعض پتے ملائم، بعض پتے کھردرے، بعض آری دار اور بعض کے کنارے ملائم ہوتے ہیں۔ چند پتوں کے کونے نوک دار اور چند کے گول ہوتے ہیں، جسامت میں کچھ بڑے اور کچھ چھوٹے ہوتے ہیں۔
- عام طور، پر نوخیز پتے ہلکے لال رنگ کے، پختہ پتے ہرے رنگ کے اور جھڑنے والے پتے پیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔
- کریاپات' کوتمیر' پالک' اور دیگر پتے والی ترکاریاں صحت کے لیے فائدہ مند ہوتی ہیں۔ ان ترکاریوں کو پکانے سے قبل اچھی طرح دھولینا چاہیے۔
- کیلا، آم جیسے پودوں کے پتوں کو سجاوٹ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہاتھوں کی سجاوٹ کے لیے مہندی استعمال کی جاتی ہے۔
- سوکھے پتوں کو نہیں جلانا چاہیے بلکہ ان کو کمپوسٹ گڑھے میں ڈال کر اُن پر مٹی ڈالنی چاہیے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم:

.1 ایسے چند پتوں کے نام لکھئے جن کے کنارے آری نما ہوتے ہیں؟

.2 گڈھیل اور کنول کے پتوں کے درمیان مشابہت اور فرق لکھئے ؟



.3 ایسے چار پتوں کی مثالیں دیجئے جنہیں ہم کھانے میں استعمال کرتے ہیں؟

.4 درج ذیل جدول میں چند پتوں کے نام ہیں۔ وہ کونسے ہیں شناخت کیجئے۔

م	و	ز	ب	ڑ
پ	ا	ل	ک	د
م	ا	ٹ	آ	م
ن	ی	م	ص	پ
ب	ے	ر	ط	ڈ
ج	ا	م	ن	س

☜ ان میں کن پتوں کو بو سے پہچانا جاتا ہے؟

☜ ان میں کن پتوں کو سجاوٹ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

.5 آپ کو معلوم چند پتوں کے نام لکھئے اور وہ کس لئے استعمال کئے جاتے ہیں؟ لکھئے۔

.6 جھڑے ہوئے پتوں کا کیا کرنا چاہئے۔

SCERT TELANGANA



تصویر اُتار کر رنگ بھریئے :

1. آپ کے پسندیدہ کوئی دو پتوں کی تصاویر اتاریئے، اُن کے نام لکھئے ؟
2. ذیل میں دیئے گئے پتوں کی تصاویر اُتاریئے اور رنگ بھریئے ؟





معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں - منصوبہ کام

I. اپنے دوستوں کے گھروں میں گذشتہ دو دنوں سے کون کونسی پتے والی ترکاریاں پکائی گئی ہے معلومات حاصل کیجئے اور تفصیلات کو جدول میں درج کیجئے۔

نشان سلسلہ	دوست کا نام	پتے والی ترکاری کا نام	بنائی گئی ڈش

☆ کتنے لوگوں نے اپنے گھروں میں پتے والی ترکاری بنائی؟

☆ اکثر لوگوں کے گھروں میں کونسی پتے والی ترکاری پکائی جاتی ہے۔

2. پتوں سے مختلف اشکال تیار کیجئے؟ چارٹ پر چسپاں کیجئے اور کمرۂ جماعت میں آویزاں کیجئے۔
3. چند پتوں کو اکٹھا کر کے اپنی کتاب میں محفوظ رکھئے اور ایک ہفتہ کے بعد نکالئے اُنہیں چارٹ پر چسپاں کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کیجئے۔

SCERT TELANGANA

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کچھیا ہے 2020-21

کر کے دیکھئے، بتایئے :

1. گڑھیل کے پتے کو پیس کر بائیں ہاتھ پر لگایئے۔ مہندی کے پتے کو پیس کر دائیں ہاتھ پر لگایئے۔ دو گھنٹوں کے بعد دیکھئے کیا ہوا بتایئے؟
2. کسی ایک پتے کو پندرہ دن کے لیے ایک پرانی کتاب میں رکھئے، کس طرح کی تبدیلی نظر آئی لکھئے ؟
3. ماحول میں دستیاب پتوں کو اکٹھا کیجیے گرم پانی میں ڈالئے۔ تھوڑی دیر بعد نکال کر مشاہدہ کیجیے۔ آپ نے کیا تبدیلی محسوس کی؟

توصیف :

1. آپ کی جماعت میں کس نے پتوں سے بہترین شکل بنائی۔ کون کونسی تصاویر وہ بنائے مشاہدہ کیجیے ؟ آپ نے کیوں محسوس کیا کہ وہ اچھے ہیں؟
2. آپ اپنے مکان/اسکول میں درخت سے گرے ہوئے پتوں کا کیا کرتے ہیں؟

سوال کیجیے :

1. راشدہ کے گھر ریشما آئی۔ اُس نے وہاں مختلف قسم کے پودے دیکھے۔ اُسے چند پتوں کو دیکھ کر تعجب ہوا۔ اُس نے پتوں سے متعلق راشدہ سے پوچھا۔ ریشما نے پتوں کے بارے میں راشدہ سے کیا سوال کئے ہوں گے؟ راشدہ نے کیا جواب دئے ہوں گے؟ لکھئے۔

میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں

1.	پتوں کی درجہ بندی کناروں اور کونوں کی بنیاد پر کرسکتا ہوں۔	ہاں/نہیں
2.	پتوں کے استعمالات بتلاسکتا ہوں۔	ہاں/نہیں
3.	مختلف قسم کے پتوں کی تصاویر اُتار سکتا ہوں۔	ہاں/نہیں
4.	پتوں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔	ہاں/نہیں
5.	پتوں سے متعلق معلومات اکٹھا کر کے جدول تیار کرسکتا ہوں	ہاں/نہیں
6.	پتے والی ترکاریاں صحت کے لیے مفید ہوتی ہیں میں اس بات سے واقف ہو چکا ہوں۔	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA



7-غذا جو ہم کھاتے ہیں

رحیم پچھلے دو دن سے اسکول سے غیر حاضر تھا۔ وہ آج ہی اسکول حاضر ہوا۔ دوپہر کے کھانے کے وقت رشید' نازیہ اور رضیہ رحیم کے پاس آئے۔

رضیہ : رحیم! تم پچھلے دو دن سے مدرسہ کیوں نہیں آئے ؟

رحیم : میں ماموں جان کی شادی میں شرکت کے لئے نلگنڈہ گیا ہوا تھا۔ اس لئے نہیں آ سکا۔

نازیہ : اوہو! ماموں جان کی شادی! کیا بات ہے! تقریب کیسی رہی؟

رحیم : بہت اچھی رہی۔ وہاں صبح' دوپہر اور شام کو بہت لزیز کھانے پیش کئے گئے۔

رشید : شادی میں آپ نے کونسی چیزیں کھائیں ؟

رحیم : میں نے مختلف قسم کے ڈشس کھائے ہیں۔

- رحیم شادی میں جا کر کیا کیا کھایا ہوگا؟ ذیل کے جدول میں درج کیجئے :

صبح	دوپہر	شام	رات

شادی / دیگر تقاریب میں جس قسم کی غذائیں ہم کھاتے ہیں کیا وہ ہم گھر پر بھی کھاتے ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

آپ اپنے گھر میں روزآنہ کس قسم کی غذا کھاتے ہیں؟ ذیل کے جدول میں درج کیجئے ؟

صبح	دوپہر	شام	رات

آپ روزانہ جو کچھ کھاتے ہیں وہ لکھ چکے ہو! تو پھر آپ اپنی سہیلی/دوست سے پوچھئے کہ وہ روزانہ کیا کھاتے ہیں۔

ذیل کے جدول میں درج کیجئے :

دوست کا نام	صبح	دوپہر	رات

SCERT TELANGANA

اکثر لوگ صبح، دوپہر اور شام میں کونسی غذا استعمال کرتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہو ہمیں غذا کیوں کھانا چاہئے ؟

رحیم دیر سے جاگتا ہے۔ جھٹ پٹ نہا کر اسکول چلا جاتا ہے۔ کہیں اسکول کے لئے دیر نہ ہو جائے اس خیال سے وہ بنا کھائے چلا جاتا ہے۔ اسکول میں رحیم کو کیسا محسوس ہوا ہوگا بتایئے۔

کیا آپ کبھی بغیر کھائے اسکول گئے ہو؟ تب آپ نے کیسا محسوس کیا؟

آپ جانتے ہیں ہمیں غذا کیوں استعمال کرنی چاہئے؟ روزانہ ہم کئی قسم کے کام کرتے ہیں۔ ہم چلتے ہیں، کھیلتے ہیں، دوڑتے ہیں، پانی لاتے ہیں وغیرہ ان تمام کاموں کے لئے ہمیں توانائی کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس لئے ہم غذا استعمال کرتے ہیں۔

غذا جو ہم استعمال کرتے ہیں وہ کہاں سے حاصل ہوتی ہے؟

کیا آپ جانتے ہیں ہم جو غذا استعمال کرتے ہیں وہ کہاں سے حاصل ہوتی ہے؟ ترکاریاں اور پھل، ہمیں پودوں سے حاصل ہوتے ہے۔ اُسی طرح جانوروں سے دودھ، انڈے، گوشت وغیرہ حاصل ہوتے ہیں۔

اگلے صفحہ پر موجود تصویریں دیکھئے۔ وہ کیا ہیں بتایئے۔ جانوروں سے حاصل ہونے والی غذا کے گرد دائرہ (O) بنایئے۔ پودوں سے حاصل ہونے والی چیزوں پر (✓) کا نشان لگایئے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

پودوں سے حاصل ہونے والی چیزیں کونسی ہیں؟ جانوروں سے حاصل ہونے والی چیزیں کونسی ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رحیم کی ماں نے کھانے میں اُسے چاول اور انڈوں کا سالن دیا۔ رحیم نے اپنی ماں سے پوچھا کہ انڈے کا سالن کس طرح بنایا جاتا ہے؟ رحیم کی ماں نے کہا کہ انڈے کا سالن انڈا، ہری مرچ، تیل، ہلدی، اَدرک لہسن، پیاز، ٹماٹر وغیرہ ڈال کر بنایا جاتا ہے۔ انڈا، مرغی سے حاصل ہوتا ہے اور ہری مرچ، ہلدی، اَدرک لہسن، پیاز، ٹماٹر وغیرہ پودوں سے حاصل ہوتے ہیں۔ ذیل میں چند غذائی اشیاء کے نام دئے گئے ہیں وہ کس سے حاصل ہوتے ہیں جدول میں مناسب مقام پر (✓) کا نشان لگائیے۔

غذائی شئے	جانوروں سے	پودوں سے	دونوں سے
چاول		✓	
چکن بریانی			✓
دال			
سامبر			
آملیٹ			
کریلا			
تلا ہوا آلو			
گھی			
کیک			
بریڈ (روٹی)			
دہی			
دودھ			
دہی کی چٹنی			
آم کا اچار			
مچھلی کا سالن/سوپ			
مرغ کے کباب			

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ہم غذا پکا کر کیوں کھاتے ہیں ؟

آپ جان چکے ہیں کہ غذا کہاں سے حاصل ہوتی ہے۔تو پھر آیئے ہم پکائی ہوئی غذا اور کچی غذا کے بارے میں جانتے ہیں۔



نازیہ شام کے وقت اسکول سے گھر آئی۔نازیہ کے ساتھ اس کے دوست رضیہ، رحیم اور رشید بھی آئے۔نازیہ نے اپنی ماں سے کہا کہ کچھ کھانے کو دیں۔ماں نے جواب دیا کہ باورچی خانہ کی الماری (Cupboard) سے snacks لے لو۔

نازیہ نے الماری (Cupboard) میں کیا کیا دیکھا ہوگا؟

اندازہ لگایئے کہ نازیہ نے کیا انتخاب کیا ہوگا؟

ذیل کے جدول میں لکھئے۔

دیکھی ہوئی غذائی اشیاء	کھائی ہوئی غذائی اشیاء	آپ کی پسندیدہ غذا

SCERT TELANGANA

ہم روزانہ چاول، دال، سالن، دودھ، مونگ پھلی جیسی مختلف قسم کی غذائی اشیاء استعمال کرتے ہیں۔اُن میں چند پکا کر اور چند بغیر پکائے استعمال کی جاتی ہے؟

آپ جن غذاؤں کو کھاتے ہیں اُن میں پکائی جانے والی اور بغیر پکائے ہی استعمال کی جانے والی غذائیں کونسی ہیں جدول میں لکھئے :

پکا کر کھائی جانے والی غذا	بغیر پکائے ہی کھائی جانے والی غذا	پکائی ہوئی یا بغیر پکائی ہوئی

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

چندغذائی اشیاء پکا کر کھائی جاتی ہیں اور چند بغیر پکائے ہی کھا سکتے ہیں۔ سوچئے اس طرح چند غذائی اشیاء صرف پکا کر ہی کیوں کھائی جاتی ہیں؟

پکا کر کھانے کی وجہہ سے غذا ملائم اور ذائقہ دار ہوتی ہے۔ پکائی ہوئی غذا آسانی سے ہضم ہوتی ہے۔ بغیر پکائے کھانے سے چند چیزیں ہضم نہیں ہوتیں۔ اس لئے غذائی اشیاء کو پکا کر کھانا چاہیئے۔ بہت زیادہ پکانے سے اُسمیں موجود مقویات تلف ہوجاتے ہیں۔

پکوان کے لیے کون سے برتن استعمال کیے جاتے ہیں؟

پکوان کے لیے برتنوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کے گھر میں کون سے برتن پکوان کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟

ذیل کی تصویر دیکھئے۔ اس تصویر میں مختلف قسم کے برتن چھپے ہوئے ہیں۔ تصویر میں موجود نقاط کے حصوں کو اپنے پسندیدہ رنگوں سے بھریئے۔ رنگ بھرنے کے بعد جو برتن نظر آئیں گے اُن کے نام کہیے۔

کون سے برتن نظر آئے انکے نام بتایئے،

ان برتنوں کے استعمالات بتایئے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اس طرح کے پکوان کے چند برتن آپ کے گھر میں بھی ہوں گے۔اُن کے نام ذیل کے جدول میں لکھئے۔

پکوان کے برتن کا نام	کس لئے استعمال کرتے ہیں

نیچے دیئے گئے برتن کو پہچانیے ؟ان کے استعمال سے کیا کیا پکایا جاسکتا ہے؟
ان کے بارے میں معلومات حاصل کیجئے اور کمرہ جماعت میں بتایئے؟



SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کیا تمام غذائی اشیا کو ایک ہی طرح پکایا جاتا ہے

خلیل باورچی خانہ میں گیا۔ اسکے والد بیگن کاٹ رہے تھے اور کاٹے ہوئے بیگن پانی کے برتن میں ڈال رہے تھے۔ اُس نے پوچھا ''بیگن سے کیا پکا رہے ہو بابا؟'' اُس کے والد نے جواب دیا کہ وہ بیگن کا سالن بنا رہے ہیں۔ خلیل نے والد کو ٹماٹر اور ہری مرچ لاکر دی۔ اُس کے بابا نے کہا کہ انہیں دھوکر لاؤ۔ ٹماٹر، ہری مرچ، کوتمیر کو شامل کرتے ہوئے۔ اُس کے والد نے سالن بنایا۔ سوچیے خلیل کے والد نے بیگن کا سالن کیسے بنایا ہوگا۔

بیگن کا سالن دوسرے گھروں میں کس طرح بنایا جاتا ہے؟ معلوم کیجیے اور مباحثہ کیجئے

تمام غذائی اَشیاء کو ایک ہی طرح نہیں پکایا جاتا۔ مختلف قسم کی غذائی اشیاء مختلف طریقوں سے بنائی جاتی ہیں۔ ذیل کی غذائی اشیاء دیکھئے۔ انہیں کس طرح پکایا جاتا ہے معلوم کرکے بتائیے۔

چاول، دال جیسی غذائی اشیاء اُبال کر پکاتے ہیں۔ سموسہ جیسی اَشیاء کو تیل میں تلا جاتا ہے۔ مکئی کے بھٹے، روٹیاں، گوشت وغیرہ کو آگ پر بُھنا جاتا ہے۔ اڈلی کو بھاپ پر پکایا جاتا ہے۔ آم کا اچار، دہی کی چٹنی جیسی اشیاء بغیر گرم کئے بنائی جاتی ہیں۔ اس طرح مختلف قسم کی غذائی اشیاء کو مختلف طریقوں سے پکاتے ہیں۔ آپ کے گھر میں انہیں کیسے پکاتے ہیں معلوم کرکے بتائیے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کیا آپ جانتے ہیں ؟

☆ ترکاریوں کو اچھی طرح دھونے کے بعد ہی پکانا چاہیے۔
☆ ترکاریوں کو کاٹنے کے بعد دھونے سے ان کے مقویات تلف ہو جاتے ہیں۔
☆ کھانا پکانے سے قبل چاول کو زیادہ نہیں دھونا چاہیے۔
☆ چاول پکنے کے بعد پانی نہ نتھارا جائے اگر ایسا کیا جائے تو کھانے کے مقویات ضائع ہو جاتے ہیں۔
☆ روزآنہ کی غذا میں، دال، پتے والی ترکاریاں شامل ہونا چاہیے۔
☆ ترکاریوں کو بہت زیادہ نہیں پکانا چاہیے۔
☆ گاجر، شلجم، مولی، ککڑی، پیاز، کوتمیر، پودینہ وغیرہ بغیر پکائے بھی کھائے جاسکتے ہیں۔

کلیدی الفاظ

1.	غذا	2.	پکائی ہوئی غذا	3.	بغیر پکائی ہوئی غذا
4.	ہاضمہ	5.	پکوان کے برتن	6.	مقویات

ہم کیا سیکھ چکے ہیں؟

☆ غذا سے ہمیں توانائی حاصل ہوتی ہے۔
☆ پودوں، جانوروں سے ہمیں غذا حاصل ہوتی ہے۔
☆ چند غذائی اشیاء پکا کر اور چند غذائی اشیاء بغیر پکائے کھاتے ہیں۔
☆ پکانے سے غذا ذائقہ دار ہوتی ہے۔ آسانی سے ہضم بھی ہوتی ہے۔
☆ تمام غذائی اشیاء کو ایک ہی طرح نہیں پکایا جاتا۔
☆ تمام غذائی اشیاء کو ایک ہی طرح نہیں پکاتے۔ اُبالنا، تلنا، بھوننا اس طرح مختلف طریقوں سے پکاتے ہیں۔
غذائی اشیاء پکانے کے لیے مختلف قسم کے برتنوں کی ضرورت ہوتی ہے۔
☆ آج کل پکوان کے لیے کوکر اور (Oven) وغیرہ کا استعمال کیا جا رہا ہے۔
☆ پکانے سے قبل ترکاریوں کو اچھی طرح دھونا چاہیے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. اگرہم غذا نہ لیں تو کیا ہوگا؟

2. چند ایسی غذائی اشیاء کی مثالیں دیجئے جنہیں بغیر پکائے کھایا جاتا ہے؟

3. ذیل کی اشیاء کی درجہ بندی کیجئے اور نیچے دیئے گئے مناسب خانوں میں لکھئے؟

پوری، سپوٹہ، کھجور، انڈا، مرغی کا گوشت، بھنڈی، مچھلی، بادام، گنا، بیگن، موسمی، کھیر، لیموکا شربت،
کیری، کندہ، بچلے کی بھاجی، پالک کی بھاجی، ٹماٹر، کاجو، مرچ، کچاموز، جام، تربوز، آلو، پیاز، رتالو۔

پکا کر کھائی جانے والی غذا	بغیر پکائے ہی کھائی جانے والی غذا

4. وہ کونسی اشیاء ہیں جنہیں پکائے یا بغیر پکائے کھایا جاسکتا ہے؟

5. چاول، گیہوں سے بنائی جانے والی غذائی اشیاء کے نام لکھئے؟

6. اپنے گھر میں موجود پکوان کے برتن کی فہرست تیار کیجئے۔

تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :

1. آپ کے گھر میں پکوان کے لیے کون سے برتن استعمال کرتے ہیں؟ سالن اور بھجئے کے لیے جو برتن استعمال کرتے ہیں۔ اُن کی تصاویر اُتاریئے۔

2. آپ کے پسندیدہ پھلوں کی تصاویر اُتاریئے۔ رنگ بھریئے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام :

1. آپ کے دوستوں میں سے کوئی تین دوستوں کو پوچھئے کہ وہ کل صبح دوپہر اور رات کو کونسی غذا استعمال کی ان کی تفصیلات ذیل کے جدول میں لکھیے ؟

سلسلہ نشان	دوست کا نام	صبح میں استعمال کی گئی غذا	دوپہر میں استعمال کی گئی غذا	رات میں استعمال کی گئی غذا

☆ وہ کونسی عام غذائیں ہیں جو سب استعمال کرتے ہیں؟

☆ اکثر لوگ رات میں کس غذا کا استعمال کرتے ہیں؟

☆ صبح میں کتنے لوگوں نے غذا کا استعمال نہیں کیا۔

2. آپ کے گھر میں چاول/دال/سبزی وغیرہ جیسی غذائی اشیاء کس طرح پکاتے ہیں مشاہدہ کیجئے۔ پکوان کے مراحل ترتیب وار لکھ کر کمرہ جماعت میں پیش کیجیے۔

سوال کیجئے :

1. نازیہ، سلیمہ کے گھر گئی۔ اس نے دیکھا کہ سلیمہ کی ماں پکا رہی ہے۔ سلیمہ کی ماں سے نازیہ نے پکوان سے متعلق مختلف سوالات پوچھے۔ اُس نے کیا سوالات کئے ہوں گے؟ سلیمہ کی ماں نے ترکاریوں سے متعلق مختلف ہدایات دیں وہ کیا ہدایات دی ہوں گی؟

یہ میں کرسکتا/کرسکتی ہوں

◆ میں غذا کیوں استعمال کی جاتی ہے وضاحت کرسکتا ہوں	ہاں/نہیں
◆ میں پکا کر اور بغیر پکائے کھائی جانے والی غذائی اشیاء کی درجہ بندی کرسکتا ہوں	ہاں/نہیں
◆ میں مختلف پکوان کے برتن اور ترکاریوں کی تصاویر اُتار سکتا ہوں	ہاں/نہیں
◆ غذائی مقویات تلف ہوئے بغیر کس طرح پکایا جاسکتا ہے وضاحت سکتا ہوں	ہاں/نہیں
◆ غذائی اشیاء سے متعلق مختلف سوالات کرسکتا ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

8-غذائی عادتیں

دسہرہ کی چھٹیوں میں سارے بچے سیر وتفریح کے لیے حیدرآباد گئے۔ وہاں مختلف مقامات سے آئے ہوئے بچوں سے دوستی ہوگئی۔ وہ زوپارک میں مختلف قسم کے جانوروں کا مشاہدہ کیا۔ دوپہر کے وقت تمام بچے ایک جگہ جمع ہوگئے۔ وہ اپنے اپنے گھروں سے لائے ہوئے ٹفن باکس کھول کر کھانے لگے۔

آیئے دیکھیں کہ وہ کیا کھا رہے ہیں !

میرا نام باشاہ ہے۔ میں نظام آباد سے تعلق رکھتا ہوں۔ میں باجرے کی روٹی کھا رہا ہوں۔ آپ جانتے ہو کیوں؟ کیونکہ ہمارے گاؤں میں باجرا کی فصل ہوتی ہے۔ اس لیے ہمارے گاؤں میں زیادہ تر لوگ صبح وشام روٹیاں ہی کھاتے ہیں۔

میرا نام سلیم ہے میں کریم نگر سے تعلق رکھتا ہوں ۔ میں چاول کھا رہا ہوں۔ ہمارے گاؤں میں دھان کی فصل ہوتی ہے۔ اس لئے ہمارے گاؤں کے اکثر لوگ چاول کھاتے ہیں۔

میرا نام صبا پروین ہے۔ میں ضلع محبوبنگر سے تعلق رکھتی ہوں۔ میں چاول کے ساتھ مچھلی کا سالن کھا رہی ہوں۔ کیونکہ کیوں کہ ہمارا گاؤں دریائے کرشنا سے قریب ہے۔ اس لیے یہاں مچھلی زیادہ مقدار میں دستیاب رہتی ہے۔ مچھلی کا سالن مجھے بہت پسند ہے۔

میرا نام وحید ہے میں رنگاریڈی سے تعلق رکھتا ہوں۔ میں امبیل پی رہا ہوں۔ ہمارے گاؤں میں راگی کی پیداوار زیادہ ہے۔ ہمارے گھر کے سارے افراد کو امبیل پسند ہے۔

آپ نے دیکھا مختلف لوگ کیا کھا رہے ہیں؟

آپ کے گاؤں کے لوگ کیا کھاتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ہماری ریاست کے پہاڑی علاقوں، جنگلاتی علاقوں میں رہنے والے لوگ مختلف قسم کی جڑیں کھاتے ہیں۔ جیسے جام، جامن، آملہ وغیرہ جو اُنہیں دستیاب ہوتے ہیں۔ وہ جنگلوں میں پائے جانے والے مختلف قسم کے پھل کھاتے ہیں۔ وہاں پیدا ہونے والی فصلوں اور دستیاب غذائی اشیاء پر ان کی غذائی عادتیں منحصر ہوتی ہیں۔

ریاست راجستھان میں جوار کی فصل زیادہ ہوتی ہے۔ وہاں کے لوگ جوار کی روٹی زیادہ کھاتے ہیں۔ اُسی طرح دہلی، گجرات، مدھیہ پردیش، بہار جیسی ریاستوں میں گیہوں کی روٹی، پوریاں زیادہ کھاتے ہیں۔ جنوبی ریاستوں جیسے ٹامل ناڈو ، کرناٹک، آندھرا پردیش تلنگانہ اور کیرالا میں چاول زیادہ کھاتے ہیں۔

مختلف علاقوں میں مختلف غذائی عادتیں ہوتی ہیں۔ اسی طرح مختلف مواقعوں پر مختلف قسم کے پکوان بنائے اور کھائے جاتے ہیں۔ تہواروں، عیدین اور شادی بیاہ اور پیدائش کی تقاریب پر مختلف قسم کے پکوان بنائے جاتے ہیں۔

ذیل کے جدول میں اُن پکوانوں کے نام لکھیے جو مختلف مواقع پر کھائے جاتے ہیں؟

عیدین/خصوصی تقاریب (شادی/یوم پیدائش)		تیارکئے جانے والے مختلف قسم کے پکوان

اپنے دوستوں کے یہاں کس قسم کے پکوان کیے جاتے ہیں معلوم کیجیے اور لکھیے:

تمام بچے کھانے سے فارغ ہونے کے بعد چڑیا گھر میں جانوروں کا مشاہدہ کرنے لگے۔

شاہد: آفرین! ان کبوتروں کو دیکھو۔ وہ دانہ چگ رہے ہیں۔

آفرین : ہاں ! تمام کبوتر ایک جگہ جمع ہوئے ہیں دانہ چگنے کے لئے

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رؤف : علی اس ہاتھی کو دیکھو ! وہ کیا کھا رہا ہے ؟

علی: یا خدا! وہ ہاتھی اپنی سونڈ سے تیز تیز گنّے کھا رہا ہے۔ چلو چلو اور جانور دیکھیں گے۔

ایسے مختلف جانور جنہیں آپ جانتے ہیں وہ کس قسم کی غذا کھاتے ہیں ذیل میں درج کیجیے۔

جانور / پرندے	اُن کی غذا
گائے	گھاس



ہمارے اطراف واکناف کئی قسم کے جانور، پرندے پائے جاتے ہیں۔ ہماری طرح اُنہیں بھی غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ تمام جانور ایک ہی قسم کی غذا نہیں کھاتے۔ ان میں مختلف غذائی عادتیں ہوتی ہیں۔ وہ مختلف قسم کی غذائی اشیاء کھاتے ہیں جیسے بیج، پودے، گوشت، شہد، دودھ وغیرہ۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

شاکرہ اپنے ماں باپ اور بھائی کیساتھ رہتی ہے۔کیا ہم دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کس طرح کھانا کھا رہے ہیں؟

رحیم کے گھر میں ماں باپ کے علاوہ اُن کے ماموں بھی رہتے ہیں وہ کس طرح کھا رہے ہیں ؟ مشاہدہ کیجئے۔

SCERT TELANGANA

آپ نے درجہ بالا دونوں تصاویر کا مشاہدہ کیا۔اب بتائیے کہ

شاکرہ کے گھر میں کس طرح کھایا جارہا ہے؟

رحیم کے مکان میں کس طرح کھانا کھایا جارہا ہے؟

دونوں طریقوں میں کونسا طریقہ بہتر ہے؟ کیوں؟

افراد خاندان کب کب ایک ساتھ مل کر کھاتے ہیں؟

کیوں ہمیں کھانا چاہیے ؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عید کے موقع پر شاکرہ کے گھر اُن کے رشتہ دار آئے ۔تمام رشتہ داروں کے لیے ایک ساتھ کھانے کا انتظام کیا گیا۔ان سب کو شاکرہ کے بھائی اور والد نے کھانا پیش کیا۔درج ذیل تصویر میں دیکھیے :

درج بالا تصویر کی طرح زیادہ لوگ کب مل کر کھاتے ہیں؟

جب زیادہ لوگ کھا رہے ہوتے ہیں تب آپ کا کام کیا ہوتا ہے؟

عام طور پر ہر شادی کی تقریب، یوم پیدائش اور عیدین کے مواقعوں پر سب ایک ساتھ بیٹھ کر کھاتے ہیں۔اس سے ”ہم سب ایک اور مساوی ہیں“ کا جذبہ فروغ پاتا ہے۔روزآنہ سب مل بیٹھ کر کھانا اور آپس میں تبادلہ خیال کرنا خاندان کے لئے اچھی بات ہے۔

کیا سب لوگ سبھی چیزیں کھا سکتے ہیں ؟

مجیب اسکول سے گھر واپسی پر ایک بھنا ہوا مکئی کا بھٹہ خرید لایا۔اس نے جھولے میں موجود اپنے بھائی کو مکئی کا بھٹہ کھلانے کی کوشش کی۔اُس کی ماں نے روکا کہ اس کا بھائی ابھی چھوٹا ہے وہ نہیں کھا سکتا۔تب وہ فوراً دادا جی کو دینے کے لئے دوڑا۔اور کہا بھٹہ کھایے دادا جی! انہوں نے یہ کہتے ہوئے انکار کیا وہ نہیں کھا سکتے۔

ماں نے کیوں کہا کہ چھوٹے بھائی کو مکئی کا بھٹہ نہیں دینا چاہیے ؟

دادا جی نے کیوں کہا کہ میں مکئی کا بھٹہ نہیں کھا سکتا ؟

آپ کے گھر میں کون مکئی کا بھٹہ کھا سکتے ہیں ؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کیوں شیر خوار بچے اور ضعیف حضرات چند غذائی اشیا نہیں کھا سکتے ؟ اپنے بڑوں سے معلوم کیجئے کہ ضعیف حضرات کیا کھا سکتے ہیں؟ شیر خوار بچے کیا کھا سکتے ہیں؟ جدول میں لکھیے :

افراد	غذا جو کھا سکتے ہیں	غذا جو نہیں کھا سکتے
شیر خوار بچے		
ضعیف افراد		
دیگر		

شیر خوار بچوں کے دانت نہیں ہوتے ۔ وہ غذا کو چبا کر نہیں کھا سکتے ۔اس لئے اُنہیں دودھ یا نرم وملائم غذا دی جاتی ہے۔ضعیفی میں لوگوں کے دانت جھڑ جاتے ہیں۔اس لیے بوڑھے حضرات بھی غذا کو چبا نہیں سکتے۔وہ بھی ملائم غذا لیتے ہیں۔اس طرح عمر کے لحاظ سے بھی غذائی عادتوں میں فرق ہوتا ہے۔جس طرح اچھی غذا لینا جتنا اہم ہے اچھی غذائی عادتیں رہنا بھی اتنا ہی اہم ہے۔کھانے سے قبل ہاتھوں کو صابن سے ضرور دھونا چاہئے ساتھ ہی ساتھ پیر بھی دھولینا چاہئے۔زمین پر کھانا نہیں گرانا چاہیے۔اور ضائع بھی نہیں کرنا چاہیے۔

کلیدی الفاظ

1. مل کر کھانا
2. غذائی اشیاء
3. غذائی عادتیں
4. ہاتھ پیر دھونا

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- کسی علاقہ کی غذائی عادتیں وہاں دستیاب فصلیں اور غذائی اشیاء پر منحصر ہوتی ہیں ۔
- عیدین اور شادی کی تقاریب میں خصوصی پکوان کئے جاتے ہیں ۔
- جانوروں اور پرندوں کو بھی غذا کی ضرورت ہوتی ہے ۔انہیں مختلف قسم کی غذائی عادتیں ہوتی ہیں ۔
- گھر کے تمام افراد ملکر کھانا چاہیے۔اسکی وجہہ سے تمام افراد کو غذائی اشیاء مناسب مقدار میں حاصل ہوتی ہیں۔ملکر کھانے سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔
- عمر کے لحاظ سے غذائی عادتیں بدلتی رہتی ہیں ۔
- کھانے سے قبل ہاتھ اور پیر اچھی طرح دھونا چاہیے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. آپ کے علاقہ میں عام طور پر اکثر افراد کونسی غذائی اشیاء استعمال کرتے ہیں؟
2. گھاس کھانے والے جانور اور بیج کھانے والے جانوروں کی مثالیں دیجیے ؟
3. غذا قیمتی ہوتی ہے! اسے ضائع ہونے سے بچانے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟
4. کتا اور بکری کے غذائی عادتوں میں کیا فرق پایا جاتا ہے ؟
5. سب مل کر کھانا کیوں بہتر ہے؟

6. ذیل کی اچھی عادتیں اگر آپ میں ہیں تو (✔) کا نشان لگایے :

- ◆ کھانے سے قبل اور مابعد ہاتھ دھوتا/ دھوتی ہوں ( )
- ◆ کھانے سے قبل اور کھانے کے بعد برتن صاف دھوتا/ دھوتی ہوں ( )
- ◆ کھاتے وقت غذائی اشیاء زمین پر نہیں گراتا/گراتی ہوں ( )
- ◆ غذائی اشیاء موجود برتنوں کو ڈھانک کر رکھتا/رکھتی ہوں ( )
- ◆ سڑک پر فروخت کی جانے والی غیر صحت بخش غذائی اشیاء نہیں کھاتا/کھاتی ہوں ( )
- ◆ میں سب کے ساتھ بیٹھتا ہوں اور ہم سب مل کر کھاتے ہیں ( )
- ◆ غذائی اشیاء کو ضائع نہیں کرتا/کرتی ہوں ( )

تصویر اُتار کر رنگ بھریے :

1. ذیل کی تصویر دیکھئے اُتاریے۔ اسکے متعلق لکھئے :

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ...... منصوبہ کام :

اپنے کوئی پانچ دوستوں سے مل کر پوچھئے کہ وہ کب کب مل کر کھانا کھاتے ہیں۔ ذیل کے جدول میں صحیح مقام پر (✓) کا نشان لگایئے:

نشان سلسلہ	دوست کا نام	کب مل کر کھاتے ہیں		
		صبح	دوپہر	شام

عام طور پر کن گھروں میں اکثر سب لوگ ایک ساتھ مل کر کھاتے ہیں؟ وہ ایک ساتھ کب مل کر کھاتے ہیں؟ اور کن موقعوں پر؟

توصیف :

اپنی جماعت میں کون کون کھانے سے قبل ہاتھ پیر دھوتے ہیں؟ کون کون کھانے کو ضائع کئے بغیر کھاتے ہیں؟ کیا کھانے کی جگہ کو صاف رکھ رہے ہیں۔ اگر آپ ہوتے تو کیا کرتے ؟

سوال کیجیے :

گوہر اسکول میں دوپہر کا کھانا کھانے کیلئے ہاتھ پیر دھوئے بغیر برتن لے آیا۔ گوہر کے دوستوں نے اسے مشورہ دیا کہ وہ ہاتھ پیر دھولے۔ اُسنے اپنے دوستوں سے کئی سوال پوچھے۔ وہ سوالات کیا ہونگے۔ کیا وہ مناسب تھے؟ اگر آپ ہوتے تو گوہر سے کیا کہتے؟

میں یہ کرسکتا / کرسکتی ہوں؟

.1	میں جان چکا ہوں کہ غذائی عادتیں علاقائی اعتبار سے ہوتی ہیں۔	ہاں/نہیں
.2	جانوروں اور پرندوں کی غذائی عادتوں سے متعلق بتا سکتا/ بتا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
.3	گھر میں موجود سب افراد ایک ساتھ کھانے کے فائدے بتا سکتا/ بتا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
.4	غذائی اشیاء سے متعلق فہرست تیار کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
.5	اچھی غذائی عادتیں بتا کہ اُن پر عمل کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
.6	غذائی عادتوں سے متعلق سوالات اور وضاحت کرسکتا/ کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

9-ہمارا گاؤں

رنگا پورم گاؤں کے اطراف واکناف چھوٹے چھوٹے پہاڑ ہیں۔اس گاؤں کے قریب سے ایک ندی بہتی ہے۔ندی کا پانی ہی گاؤں کی ضروریات کی تکمیل کا ذریعہ ہے۔یہاں مکانات قریب قریب واقع ہیں۔گاؤں میں پانی کی ٹانکی موجود ہے۔جہاں سے نلوں کے ذریعے پانی سربراہ کیا جاتا ہے۔

اس گاؤں میں مختلف کام کرنے والے لوگ رہتے ہیں۔اب ہم رنگا پور گاؤں کی تصویر کا جائزہ لیں گے۔



SCERT TELANGANA

ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اوپر دی گئی تصویر ایک گاؤں کی ہے؟

اوپر کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے اور اس سے متعلق گفتگو کیجئے۔

اوپر کی تصویر دیکھ کر آپ کیا سوچتے ہیں کہ ایک گاؤں کیسا ہوتا ہے؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آپ تصویر میں دیکھ چکے ہیں کہ رنگا پورم گاؤں کیسا ہے!
نیچے دی گئی تصویر دیکھیے اور بتلایئے کہ رنگا پورم گاؤں میں اور کیا موجود ہے؟



رنگا پورم گاؤں میں موجود اشیا کے نام بتایئے؟
آپ کے گاؤں میں اور کیا کیا موجود ہے ؟

رنگا پورم گاؤں میں گلیاں، مختلف قسم کے مکانات، اسکول، مندر، مسجد، چرچ، گرام پنچایت، ابتدائی صحت کا ذیلی مرکز، حیوانات کا دواخانہ اور پوسٹ آفس وغیرہ ہیں۔ کیا آپ ان کے بارے میں جانتے ہیں ؟

گرام پنچایت کا دفتر



یہ رنگا پورم کا گرام پنچایت دفتر ہے۔ گرام پنچایت والے گاؤں کے مختلف کام کرتے ہیں جیسے پینے کے پانی کی سربراہی، سڑکوں اور نالیوں کی صفائی، گلیوں میں روشنی (بجلی) کا اِنتظام کرتے ہیں۔

آپ کے گاؤں کی پنچایت والے کون کونسے کام کرتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

پوسٹ آفس / ٹیلی گراف آفس:

یہ پوسٹ آفس اور ٹیلی گراف آفس ہے اسکے ذریعہ خطوط پہنچائے جاتے ہیں، رقم جمع کرنا، زندگی کا بیمہ وغیرہ جیسے کام انجام دیئے جاتے ہیں۔

کیا آپ نے اپنے گاؤں میں پوسٹ باکس دیکھا ہے ؟
اُس میں کیا ڈالے جاتے ہیں ؟
ڈاکیہ کیا کام انجام دیتا ہے ؟ اُس کا نام کیا ہے؟

ابتدائی صحت کا مرکز :

گاؤں میں ابتدائی صحت کا مرکز موجود ہے۔اس مرکز میں ڈاکٹر و دیگر کارکنان صحت ہوتے ہیں۔ کارکنانِ صحت عوام کو صحت اور صفائی سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔پلس پولیو کا انعقاد کرتے ہیں۔ان مراکز پر عام بیماریوں کے لئے دوائیاں دی جاتی ہیں۔

آپ کے گاؤں میں پولیو خوراک کون دیتے ہیں؟
کیا آپ کے گاؤں میں صحت کا مرکز Health Centre موجود ہے؟
وہ کونسے مختلف کام انجام دیتا ہے ؟

حیوانات کا دواخانہ :

حیوانات کو کب کب دواخانہ لے جاتے ہیں پوچھ کر لکھئے؟ حیوانات کا دواخانہ نہ ہونے پر کیا ہوگا؟

ہماری صحت خراب ہونے پر ہم دواخانہ جاتے ہیں بالکل اسی طرح حیوانات کی صحت خراب ہونے پر انہیں حیوانات کے دواخانہ لے جایا جاتا ہے۔

بینک:

رنگاپورم گاؤں میں آبادی زیادہ ہونے کی وجہہ سے وہاں گرامینا بنک بھی موجود ہے۔عوام اپنی رقم وہاں محفوظ کرواتے ہیں۔عوام کی ضروریات کی تکمیل کے لئے بنک قرض بھی فراہم کرتا ہے۔ جسے وہ قسطوں میں اَدا کرتے ہیں۔

بزرگوں سے معلوم کیجیے کہ بینک سے اور کیا کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

اسکول :

رنگا پورم گاؤں میں ایک اپر پرائمری اسکول ہے۔ یہاں تعلیم مکمل کرنے کے بعد آگے کی تعلیم کے لئے بچے دوسرے گاؤں جاتے ہیں۔

☆ اگر اسکول نہ ہوتو کیا ہوگا ؟

☆ آپ کے گاؤں میں آگے کی تعلیم کے لئے کہاں جاتے ہیں ؟

پانی کی ٹانکی :



گاؤں میں پانی، ٹانکی سے نلوں کے ذریعہ سربراہ کیا جاتا ہے۔ پانی کی ٹانکی ہفتہ میں ایک دفعہ صاف کی جاتی ہے۔ پانی میں کلورین ملا کر اُسے صاف کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ہی نلوں کے ذریعہ پانی گاؤں میں سربراہ کیا جاتا ہے۔ پانی ضائع نہ ہونے دیں۔ اگر پانی ضائع ہوتا ہے یا پائپوں میں کہیں (Leakage) ہوتو فوری سرپنچ کو آگاہ کرنا چاہیے۔

☆...... آپ کے گاؤں میں پانی کہاں سے لاتے ہیں؟

☆...... پانی کی ٹانکی کے استعمالات کیا ہیں ؟

عبادت گاہیں :

ذیل کی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے؟ آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ ان مقامات پر کون جاتے ہیں؟ اور کب جاتے ہیں؟



آپ کے گاؤں میں کونسی عبادت گاہیں ہیں ؟ وہاں کون جاتے ہیں؟ کب جاتے ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رنگاپورم گاؤں میں ذرائع حمل ونقل:

ہم گاؤں کے لیے سفر کیسے کرتے ہیں۔تو آیے ذیل کی تصویر کی طرح رنگاپورم گاؤں میں کس قسم کی سواریاں ہیں؟
رنگاپورم گاؤں میں موجود آمدورفت کی سہولتوں کے بارے میں جانیں گے؟ رنگاپورم گاؤں میں کونسی گاڑیاں ہیں؟

رنگاپورم گاؤں میں صبح' شام بس کا انتظام ہے۔قریبی علاقوں کے لئے لوگ آٹو کے ذریعہ سفر کرتے ہیں۔کسان زراعتی کاموں کے لیے بیل گاڑی کا استعمال کرتے ہیں۔بچے آگے کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے پڑوسی گاؤں بس کے ذریعہ سفر کرتے ہیں۔

آپ کے گاؤں میں کونسی گاڑیاں آتی جاتی ہیں؟ ....
آپ کے گاؤں کے لوگ سفر کے لیے کن سواریوں کا استعمال کرتے ہیں؟ ....

رنگاپورم گاؤں میں سماجی خدمت کے اِدارے اور ذرائع حمل ونقل سے متعلق آپ جان چکے ہو!

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رنگاپور گاؤں کے لوگ کس قسم کا کام انجام دیتے ہیں؟ زیادہ تر لوگ زراعت کرتے ہیں۔ کچھ لوگ مزدوری کرتے ہیں۔ دیگر افراد مختلف قسم کے کام کرتے ہیں۔ یہاں لوہار، کمہار اور دیگر پیشہ ور افراد بھی ہیں۔ بعض افراد کی چھوٹی چھوٹی دکانیں ہیں اور وہ تجارت کرتے ہیں۔ اسکولی عمر کے تمام بچے اُس گاؤں کے اسکول ہی میں پڑھتے ہیں۔ بڑے بچے پڑوسی گاؤں جا کر آگے کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ گاؤں کی تمام عورتیں تعلیم یافتہ ہیں! وہ بھی کچھ نہ کچھ کام کر کے پیسہ کمارہی ہیں۔

آپ کے گاؤں کے لوگ کون کون سے مختلف کام کرتے ہیں

رنگاپورم گاؤں میں موجود سہولتوں کے بارے میں آپ نے جانا! اس طرح کی تمام سہولیات ہر گاؤں میں نہیں ہیں۔ یہ سہولتیں گاؤں کو ترقی کی جانب لے جاتی ہیں۔

کلیدی الفاظ :

1. گاؤں	2. گرام پنچایت	3. بینک
4. حیوانات کا دواخانہ	5. ابتدائی صحت کا ذیلی مرکز	6. پوسٹ آفس
7. صحت کا کارکن	8. عبادت گاہ	9. آمدورفت کی سہولیات
10. سماجی خدمت کے اِدارے	11. زندگی کا بیمہ	12. پولیو خوراک

ہم کیا سیکھ چکے ہیں :

- عام طور پر گاؤں میں گرام پنچایت، بینک، حیوانات کا دواخانہ، اسکول، ابتدائی صحت کا مرکز، پوسٹ آفس، مندر، مسجد، چرچ، ہوتے ہیں۔
- گرام پنچایت نالیوں کی صفائی کے کام' گلیوں میں روشنی کا انتظام' کچرے کی صفائی، پینے کے پانی کی سربراہی جیسے مختلف کام کرتی ہے
- گاؤں میں بینک، پوسٹ آفس' اسکول' صحت کا مرکز' حیوانات کا دواخانہ' گرام پنچایت جیسے ادارے رہنے کی وجہ سے کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔
- گاؤں میں آمدورفت کی سہولت ہے۔ روزانہ یہاں مختلف قسم کی گاڑیاں آتی جاتی رہتی ہیں۔
- گاؤں میں مختلف قسم کے کام کرنے والے افراد/ کاریگر ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

یہ کیجیے :

تصورات کی تفہیم :

1. رنگا پورم گاؤں میں کیا کیا ہیں ؟
2. اپنے گاؤں/محلّہ میں کونسی عبادت گاہیں ہیں۔اُن کے نام بتائیے؟
3. اگر آپ کے گاؤں میں اسکول نہ ہوتو کیا ہوگا ؟
4. گاؤں میں بنک کی موجودگی سے کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں ؟
5. بینک اور پوسٹ آفس کے درمیان فرق اور مشابہت لکھیے؟

تصویر اُتار کر رنگ بھریئے :

اسکول کی تصویر اُتاریئے رنگ بھریئے۔



معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں : منصوبہ کام

2. رنگا پورم گاؤں میں جو ادارے جو موجود ہیں ذیل کے جدول میں لکھیے؟ اُن میں سے آپ کے گاؤں میں کیا موجود ہے اُنکے آگے (✔) کا نشان لگایئے۔

آپ کے گاؤں میں موجود	رنگا پورم گاؤں میں موجود	سلسلہ نشان
		1
		2
		3
		4
		5

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

☆ وہ ادارے جو رنگاپورم گاؤں میں موجود ہیں اُن میں سے آپ کے گاؤں میں کون کون سے ادارے موجود ہیں؟

☆ وہ کیا ہیں جو رنگاپورم گاؤں میں موجود ہیں لیکن آپ کے گاؤں میں نہیں ہیں؟

☆ وہ کیا ہیں جو آپ کے گاؤں میں ہیں لیکن رنگاپورم گاؤں میں نہیں ہے ؟

.3 اپنے گاؤں کے سماجی اداروں کے نام اور ان کی جانب سے مہیا کی جانے والی خدمات کے بارے میں معلوم کیجئے اور تفصیلات کو جدول میں درج کیجئے۔

سلسلہ نشان	سماجی اِدارے	ان کی خدمات
1		
2		
3		
4		
5		

توصیف:

.1 آپ جان چکے ہیں کہ گاؤں میں اسکول، بینک، پوسٹ آفس، دواخانہ وغیرہ ہے تو اُن سے کیا فائدے ہوتے ہیں ان کی خدمات کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

سوال کیجئے :

.1 چاند صاحب رنگاپورم گئے۔ وہ رنگاپورم کے تعلق سے جاننا چاہتے تھے اسکے لیے وہ اسکول کے ٹیچر سے ملے۔ اُنہوں نے گاؤں سے متعلق دریافت کیا۔ ٹیچر نے کیا جواب دیا ہوگا؟

یہ میں کرسکتا/کرسکتی ہوں :

- ☐ گاؤں کسے کہتے ہیں وضاحت کرسکتا/ کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
- ☐ گاؤں میں سماجی ادارے اوران کی خدمات بتاسکتا/بتاسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
- ☐ اپنے گاؤں کے سماجی اداروں سے حاصل ہونے والے فوائد کے بارے میں جانتا ہوں اوران کا استعمال کرسکتا/ کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
- ☐ اسکول کی تصویراُتارکررنگ بھرسکتا/ کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں
- ☐ گاؤں سے متعلق سوالات کرسکتا/ کرسکتی ہوں۔ ہاں/نہیں

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

10- مختلف اقسام کے مکانات

ہم سب کو رہنے کیلئے مکان کی ضرورت ہوتی ہے۔ دھوپ، بارش، سردی اور گرد و غبار سے بچاؤ کیلئے ہم مکان میں رہتے ہیں۔ ہماری طرح پرندے، جانور بھی مکانات بنالیتے ہیں۔ کیا تمام مکانات ایک جیسے ہوتے ہیں؟ ایک دن شام کے وقت سلیم اور شازیہ کھیت سے اپنے والدین کے ساتھ گھر واپس ہو رہے تھے۔ سلیم اور شازیہ راستہ چلتے چلتے بازو میں موجود پہاڑ پر چڑھ گئے۔ اُنہوں نے پہاڑ کے اوپر سے گاؤں میں موجود مکانات دیکھے۔ وہ کس قسم کے مکانات تھے کس طرح نظر آئے، آیئے دیکھیں گے!



کیا تمام مکانات ایک جیسے ہیں؟ کس قسم کے مکانات ہیں ؟
کیا گاؤں میں سب مکانات قریب قریب ہیں یا دور دور ہیں ؟

شازیہ کے گاؤں میں موجود مکانات کے بارے میں آپ جان چکے ہیں! آپ نے دیکھا گاؤں میں مکانات ایک دوسرے کے متصل ہیں۔ کیا آپ کے گاؤں کے مکانات اسی ترتیب میں ہیں۔ آپ کے گاؤں میں مختلف قسم کے مکانات کیا ہیں۔ مکانات ایک دوسرے کے متصل تعمیر کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

عارضی رہائش گاہیں :

سلیم اسکول آ پہنچا۔ جعفر نے دیکھا کہ سلیم پریشان نظر آ رہا تھا، جعفر نے پریشانی کی وجہ دریافت کی۔ سلیم نے جواب دیا کہ ”رات میں تیز ہوائیں چلی اور بارش ہوئی ہماری تمام جھونپڑیاں گر گئیں“ تو جعفر نے پوچھا ”اب آپ لوگ کہاں رہ رہے ہو؟“ ”سلیم نے کہا کہ ہمارے لئے گاؤں کے باہر خیمے لگائے گیے۔“ بچو کیا آپ نے کبھی خیمے دیکھے؟ انہیں کہاں دیکھا؟ کیوں لگائے گئے ہوں گے؟ سوچیے

خانہ بدوش، سرکس کے لوگ عارضی رہائش گاہیں بنا لیتے ہیں۔ سیلاب، طوفان، سونامی، زلزلہ اور آگ کے حادثات وغیرہ سے متاثرہ افراد کے لئے عارضی رہائش گاہیں فراہم کی جاتی ہیں

سلیم اپنے ماموں کی شادی کے لیے حیدرآباد شہر گیا۔ سڑک کے کنارے اس نے بڑے بڑے پائپوں کو دیکھا۔ اُن پائپوں میں رہنے والے لوگوں کو دیکھ کر سلیم کو تعجب ہوا۔ کیا اس طرح پائپوں میں بھی لوگ رہائش اختیار کرتے ہیں؟ سلیم نے اپنے ماموں سے دریافت کیا کہ ”لوگ پائپوں کو اپنی رہائش گاہ کیوں بناتے ہیں۔“ اُس کے ماموں نے کیا جواب دیا ہوگا؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ڈیروں اور پائپوں میں رہائش اختیار کرنے والے لوگ کن سہولیات سے محروم رہتے ہیں؟ ڈیرے انہیں کون سی مشکلات پیش آتی ہیں؟ سوچئے اور لکھئے۔

قحط کے دوران' گاؤں میں کام نہ ملنے سے بعض لوگ روزگار کی تلاش میں شہروں کی طرف نقل مقام کرتے ہیں۔ یہ چند لوگ پائپوں، کھلی جگہوں پر ڈیرے یا جھونپڑیاں ڈال کر عارضی رہائش اختیار کرتے ہیں۔

سلیم نے شہر میں ایک بڑی عمارتیں دیکھی۔ یا خدا! کتنی اونچی عمارت ہے! اس میں کون رہتے ہیں؟'' اُس نے ماموں جان سے پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ''شہروں میں جگہ کم رہنے کی وجہ سے لوگ ایک ہی مقام پر کئی خاندان رہنے کے لئے اسطرح کی بڑی بڑی عمارتیں تعمیر کرتے ہیں انہیں اپارٹمنٹ کہتے ہیں۔''



کیا آپ نے کبھی ایسی عمارتیں دیکھی ہیں؟

شہروں میں زیادہ تر اپارٹمنٹ نظر آتے ہیں۔ عام طور پر ایک خاندان ایک مکان میں رہتا ہے۔ اپارٹمنٹ میں کئی خاندان ایک ساتھ رہتے ہیں اسکے مطابق اپارٹمنٹ تعمیر کرتے ہیں۔ اس میں ایک خاندان کے رہنے کے مقام کو فلیٹ (Flat) کہتے ہیں۔ ایک اپارٹمنٹ میں تقریباً 10 سے 30 فلیٹ ہوتے ہیں۔ بڑے شہروں میں 100 فلیٹ والے اپارٹمنٹ بھی ہم دیکھ سکتے ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

آپ خیمہ، پائیوں، اپارٹمنٹ وغیرہ میں رہنے والے لوگوں کے بارے میں جانتے ہیں، درج ذیل تصاویر دیکھیے ان میں سے آپکا گھر کس قسم کا ہے؟



کیا آپ جانتے ہیں؟ آپ کے دوست کس طرح کے مکانات میں رہ رہے ہیں۔
اپنے دوستوں سے پوچھئے؟ تفصیلات کو جدول میں لکھئے۔

دوست کا نام	مکان کی قسم
1	
2	
3	
4	
5	

آپ کی طرح آپ کے دوست بھی فہرست تیار کر چکے ہیں! اُن سے معلوم کیجیے کہ کتنے لوگ اسی قسم کے مکانات میں رہتے ہیں۔ آپ کے اکثر دوست کس قسم کے مکان میں رہتے ہیں؟

کیا آپ جانتے ہیں

یہ اگلو ہے۔ برفیلے علاقوں میں پایا جاتا ہے یہ برف سے بنایا جاتا ہے

یہ کشتی گھر ہے، کشمیر، کیرالا ریاستوں میں اسطرح کے مکانات پائے جاتے ہیں



یہ لکڑی سے بنا گھر ہے یہ ان علاقوں میں پایا جاتا ہے جہاں زلزلے واقع ہوتے ہیں۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

مکانوں کی چھتیں :

آپ مکانات کے بارے میں معلومات حاصل کر چکے ہیں۔کیا آپ مکان کی چھت کے بارے میں جانتے ہیں۔گھر کے اوپری حصہ کو چھت کہتے ہیں۔ ذیل میں دی گئی مختلف قسم کی چھتوں کا مشاہدہ کیجئے۔



کیا تمام گھروں کی چھتیں ایک جیسی ہیں؟ بعض چھتیں ڈھلوان ہوتی ہیں بعض چھتیں مسطح۔آپ کے گاؤں/محلّہ میں گھروں کی چھتیں کیسی ہیں؟ آپ کے گاؤں میں اکثر کس قسم کی چھتیں دکھائی دیتی ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں گھر کی چھت ڈھلوان کیوں ہوتی ہے؟

تین دھاتی چادریں (Iron Sheets)، تختیاں یا موٹے مقوے لیجیے۔ایک دھاتی چادر کو زمین پر مسطح رکھیے۔دوسری دھاتی چادر کو اینٹ پر ڈھلوان شکل میں رکھئے۔تیسری کو دو اینٹوں پر ڈھلوان شکل میں رکھیے جیسا کہ تصویر میں بتایا گیا ہے۔کون سی زیادہ ڈھلوان ہے؟



دو اینٹوں پر رکھی ہوئی دھاتی چادر   ایک اینٹ پر رکھی ہوئی دھاتی چادر   زمین پر رکھی ہوئی دھاتی چادر

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اب ایک گلاس پانی لیجیے، اُسے پہلے ٹین پر ڈالئے' اُس کے بعد دوسرے ٹین پر آخر میں تیسرے ٹین پر ڈالئے۔ کس پر ڈالا گیا پانی تیزی سے بہہ گیا مشاہدہ کیجئے اور بتائیے۔

وجہ بتائیے؟

اگر چھت ڈھلوان ہو تو پانی تیزی سے نیچے بہہ جاتا ہے۔ اس لئے گھر کی چھتیں ڈھلوان تعمیر کی جاتی ہیں۔ جس کی وجہ سے بارش کا پانی چھت پر نہ ٹھہر کر نیچے بہہ جاتا ہے۔

بعض عمارتوں کی چھتیں جو سیمنٹ سے بنی ہوتی ہیں وہ ڈھلوان نہیں ہوتیں! تو پھر بارش کا پانی نیچے کیسے آئے گا؟

بلڈنگس، اپارٹمنٹ کی چھتیں مسطح نظر آتی ہیں لیکن ایک جانب تھوڑا ڈھلوان ہوتی ہیں۔ اُن پر گرنے والے پانی کو کسی ایک جانب بہنے کا اِنتظام کیا جاتا ہے۔ وہاں سے پانی پائپ کے ذریعے نیچے گر جاتا ہے؟

ہم جن مکانات میں رہتے ہیں وہ مختلف قسم کے ہوتے ہیں اُن میں کویلو، جھونپڑی، دھابہ، ٹین وغیرہ نظر آتے ہیں یہ مستقل رہائش گاہیں ہیں چند لوگ عارضی رہائش گاہوں جیسے ڈیرے خیمے پائپ وغیرہ میں رہتے ہیں۔ شہروں میں اپارٹمنٹ ہوتے ہیں۔ اسی طرح بعض علاقوں میں وہاں کی ضروریات کے مطابق مکانات تعمیر کئے جاتے ہیں۔

کلیدی الفاظ

1.	گھر کے اقسام	2.	خانہ بدوش	3.	اپارٹمنٹ
4.	فلیٹ	5.	چھت	6.	ڈھلوان چھت
7.	اگلو	8.	کشتی گھر	9.	عارضی رہائش گاہ

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- جھونپڑی، کویلی، ٹین، دھابہ، ہمہ منزلہ عمارتیں جیسے مختلف قسم کے مکانات ہوتے ہیں۔
- سیلاب طوفان کے وقت عارضی رہائش گاہیں قائم کرتے ہیں۔ خانہ بدوش لوگ ڈیرہ جیسے عارضی مکانات میں رہتے ہیں۔
- شہروں میں اپارٹمنٹ کی طرح بعض علاقوں میں برف سے بنے ہوئے گھر' لکڑی سے بنے ہوئے گھر اور کشتی کے مکانات ہوتے ہیں۔
- گھر کی چھتیں ڈھلوان ہونے کی وجہ سے بارش کا پانی تیزی سے نیچے بہہ جاتا ہے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

یہ کیجیے

تصورات کی تفہیم :

1. درج ذیل مکانات میں کونسے عارضی مکانات ہیں؟ کیوں ؟ خیمے، اپارٹمنٹ، ٹین شیڈ، پائپ کے رہائش گاہ
2. اپنے محلّہ میں موجود کوئی چار قسم کے مکانات کے بارے میں بتایے۔
3. گھروں کی چھتیں ڈھلوان کیوں ہوتی ہیں؟
4. ذیل کے مکانات میں مشابہت وفرق بتایے اور لکھئے؟

تصویر اُتاریے۔ رنگ بھریے :

1. درج ذیل تصویر اُتاریے، رنگ بھریے :



2. اپنے گھر کی تصویر اُتاریے، رنگ بھریے، اوراس سے متعلق چند جملے لکھئے ؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

معلومات اکٹھا کرنا - منصوبہ کام :

1. اپنے گھر کے قریب موجود چند مکانات کی چھتوں کا مشاہدہ کیجیے۔ ذیل کے جدول میں ان چھتوں کی تفصیلات لکھئے:

نشان سلسلہ	گھر کی قسم	چھت کی قسم	
		مسطح	ڈھلوان
1			
3			
3			
4			
5			
6			

.1 کس قسم کے مکانات کی تعداد زیادہ ہے۔

.2 گھر کی چھتیں کیسی ہیں مشاہدہ کیجئے اور بتایئے۔

.2 ڈھنٹل، کاغذ، مقوہ، کاڑیاں، گھاس کا استعمال کرکے ایک مکان کا نمونہ تیار کیجیے۔

توصیف :

1. جو لوگ خیمے، ڈیرے، پائپوں میں رہتے ہیں انہیں کس طرح کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے؟ آپ ان کی مدد کیسے کروگے؟

سوال کیجئے :

جعفر نے اپارٹمنٹ اور پائپوں میں رہنے والوں کا مشاہدہ کیا۔ آصف نے اُن سے متعلق اپنے ماموں جان سے کئی سوالات کئے، بتایئے وہ سوالات کیا ہوسکتے ہیں ؟ اگر آپ ہوتے تو کونسے سوالات پوچھتے ؟

یہ میں کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

☆...... مختلف قسم کے مکانات کے متعلق وضاحت کرسکتا/ کرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆...... مسطح چھت اور ڈھلوان چھت کے فرق کو بیان کرسکتا/ کرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆...... مختلف قسم کے مکان اُتار کر رنگ بھرسکتا/ بھرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆...... مکانات سے متعلق معلومات اکٹھا کرکے فہرست تیار سکتا/ لکھ سکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆...... مختلف قسم کے مکانات سے متعلق سوالات کرسکتا/ کرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

11-صاف ستھرا گھر ہی خوب صورت گھر

ایک دن رحیم صاحب اپنے دوست قاسم سے ملنے کے لئے اپنے بیٹے منور کے ساتھ 'اندراویلی' گاؤں پہنچے۔ جو ایک قبائلی گاؤں ہے۔ رحیم صاحب بہت سارے گاؤں والوں کو جانتے تھے۔ وہ راستہ میں کئی لوگوں سے ملتے ہوئے قاسم کے مکان پہنچے۔ یہ قاسم کے ماموں کا مکان ہے۔ پھر آیئے قاسم کا مکان کو دیکھتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

منور نے یہ کیوں کہا کہ ماموں کا مکان کتنا اچھا ہے ؟

گھر کی دیواروں پر کیا نظر آرہا ہے ؟

کیا آپ کا گھر بھی ایسا ہی ہے؟ اس میں کیا فرق ہے؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رحیم صاحب اور منور چار دِن
کے بعد اُن کے گاؤں واپس ہوئے۔
منور نے اپنی جماعت میں نیا داخلہ لینے
والے جہانگیر سے دوستی کر لی۔

جہانگیر منور کو اپنے مکان لے گیا۔ گھر کے سامنے
پھول کے پودے دیکھ کر منور نے کہا ''کتنے خوبصورت
ہیں!'' جہانگیر نے کہا کہ ہمارے گھر کے اطراف اور بہت
سارے پودے ہیں۔

...... جہانگیر کے مکان کے سامنے آپ نے کیا دیکھا؟

...... جوتے کہاں رکھے ہوئے ہے؟

جہانگیر اور منور دونوں گھر کے اندر داخل ہوئے۔ جہانگیر کا مکان دیکھ کر منور کو بہت خوشی ہوئی۔ اس نے کہا ''تمہارا گھر بہت اچھا ہے۔'' منور نے ایسا کیوں کہا ہوگا ؟

گھر میں کتابیں کہاں اور کیسے رکھی ہوئی ہیں؟

کپڑے کہاں رکھے ہوئے ہیں ؟

گھر کی دیواریں کیسی ہیں ؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اتوار کے دن منور اپنی بہن سعدیہ کے ساتھ وحید کے مکان گیا۔ ذیل میں دیئے گئے وحید کے مکان کا مشاہدہ کیجئے۔

وحید کے مکان کے سامنے پلاسٹک کی تھیلیاں اور بے کار کاغذات نظر آئے۔ منور اور سعدیہ دونوں مکان کے اندر داخل ہوئے۔ اس تصویر میں وحید کا مکان دیکھا جا سکتا ہے۔

آپ نے وحید کا مکان دیکھا ہے ! کیا مکان اسی طرح ہونا چاہیے؟ غور کیجیے ....

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

وحید کے گھر کے سامنے سے کونسی چیزیں ہٹانا چاہئے بتایئے اور لکھئے؟

ہم گھر کے سامنے کی جگہ کو کس طرح صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں؟

جوتے کہاں رکھے ہوئے تھے؟ کس طرح رکھا جاسکتا ہے؟

گھر میں مکھی، مچھر کیوں جمع ہوئے ہیں ؟

کپڑے کہاں رکھے ہوئے ہیں؟ کپڑوں کو کس طرح رکھنا چاہیے ؟

کتابیں، کھیل کی چیزیں کیسی ہیں؟ آپ انہیں کس طرح صحیح مقام پر رکھو گے؟

آپ کو کس کا گھر پسند آیا؟ جہانگیر کا یا وحید کا۔ کیوں ؟

منور کا خاندان اپنے رشتہ دار کی شادی کے لئے گاؤں گیا۔ ایک ہفتہ کے بعد وہ واپس لوٹے۔ اُن کا ایک کمرہ والا چھوٹا مکان ہے۔ جیسے ہی مکان پہنچے مکان کے سامنے کچرا اور فرش گرد و غبار سے بھری پڑی ہے۔ جھاڑ کر آنگن میں موجود کچرے کو کوڑے دان میں ڈالا۔ سب مل کر صاف صفائی کرنے لگے۔ منور اور سعدیہ نے مل کر کمرے کی کتابیں اچھی طرح الماری میں جما دیں۔

پودوں کو پانی ڈالا، سعدیہ نے ٹیلی ویژن پر موجود گرد و غبار کو صاف کیا۔ منور کے ماں باپ نے پکوان کے سامان ترتیب دیئے۔ وہ کس طرح سے ترتیب دیئے ذیل میں دی گئی تصویر دیکھئے انہوں نے اپنے گھر میں سامان کس طرح ترتیب میں رکھا ہے؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

- کیا آپ بھی منور اور سعدیہ کی طرح گھر کا کام کرتے ہیں ؟
- کیا آپ اپنا مکان صاف ستھرا رکھتے ہیں؟ اگر ہاں تو کیسے؟
- پڑھنے کے بعد آپ اپنی کتابیں ودیگر اشیاء کہاں رکھتے ہیں؟
- کیا آپ اپنے کپڑوں کو صحیح ڈھنگ سے رکھتے ہیں؟ یا اگر نہیں تو آپ کی مدد کون کرتے ہیں؟
- گھر میں اگر کاغذ کے ٹکڑے اور دھول نظر آئے تو آپ کیا کریں گے ؟

چند مکان صاف ستھرے نظر آتے ہیں۔ اور بعض مکانات کو دیکھنے پر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سامان کو مزید سلیقہ سے ترتیب دینا ہوگا اور چند مکانوں کو دیکھنے پر لگتا ہے گندے ہیں۔ جھونپڑی، کویلو، ڈھابہ، مکان جیسے بھی ہوں، ان میں چیزیں سلیقہ سے رکھی جائیں تو اچھے لگتے ہے۔

ہمارے مکانوں میں روزآنہ جمع ہونے والا کچرا صاف کرنے کے بجائے ویسے ہی رکھ چھوڑیں تو کیا ہوگا؟

ہر مکان میں کچھ نہ کچھ کچرا رہتا ہے۔ ہمیں خود سے ہی وہ کچرا صاف کرنا چاہئے۔ اپنے مکان سے نکلنے والا کچرا کہاں پھینکنا چاہیے؟ ذیل کی تصاویر کا مشاہدہ کیجیے؟

تصویر میں کچرا کہاں پھینکا جارہا ہے؟ ...... ہمیں کچرا کہاں پھینکنا چاہیے ؟

آپ کے گھر کا کچرا کہاں پھینکتے ہیں ؟ ...... آپ کے محلے کا کچرا کب اور کون صاف کرتے ہیں ؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

گھر میں جمع ہوئے کچرے کو اگر اسی طرح چھوڑا جائے تو اُس سے بد بو آتی ہے۔ مچھر اور مکھیاں، مچھر جمع ہونے لگتی ہیں۔ اس طرح کے مکانات دیکھنے میں گندے لگتے ہیں۔ ہم اس میں رہنے سے بے چینی محسوس کرتے ہیں۔ یہ ہماری صحت کو بگاڑ دیتی ہیں۔ لہٰذا ہر وقت سارا کچرا صاف کرنا ہوگا، مکان ہمیشہ صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔

کلیدی الفاظ

1. خوبصورت مکان
2. اشیاء کو سلیقہ سے رکھنا
3. مکان صاف کرنا
4. کوڑا کرکٹ

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- گھر کو صاف رکھنا، گھر کی اشیاء کو سلیقے سے رکھنا جس سے گھر خوش نما نظر آئے۔
- گھر میں موجود اشیاء کو بے ترتیب رکھنے سے گھر صاف ستھرا نہ ہونے کے علاوہ غیر سہولت بخش بھی ہوتا ہے۔
- گھر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے گھر میں موجود کچرے وغیرہ کو کوڑے دان میں ڈالنا چاہیے۔
- گھر صاف ستھرا رکھنے کے لیے ضروری کاموں میں ہاتھ بٹانا چاہیے۔

یہ کیجیے

تصورات کی تفہیم: 1. گھر گندا کیسے ہوتا ہے؟

2. اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کوئی چار کام بتایے ؟

3. روزانہ آپ اپنے گھر کو صاف اور خوش نما رکھنے کے لیے کیا کرتے ہیں، صحیح مقام پر (✓) کا نشان لگایئے :

☆ کتابیں ترتیب سے رکھتا ہوں۔ (   )

☆ نیند سے بیدار ہونے کے بعد بستر تہہ کرتا ہوں۔ (   )

☆ چپلوں کو اُن کے صحیح مقام پر رکھتا ہوں۔ (   )

☆ فرش پر جمی دھول صاف کرتا ہوں۔ (   )

☆ دیواروں کے کونوں میں جمع ہونے والے جالے صاف کرتا ہوں۔ (   )

☆ پودوں کو روزآنہ پانی دیتا ہوں۔ (   )

☆ کچرے کو کوڑے دان میں ڈالتا ہوں۔ (   )

☆ پلاسٹک تھیلیاں استعمال نہیں کرتا۔ (   )

4. ہمیں روزانہ کچرے کو ضائع کرنا چاہیے۔ اگر یہ کام اسی دن نہ کریں تو کیا ہوگا؟

5. صاف ستھرا مکان ہی خوب صورت مکان کیوں کہلاتا ہے ؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

تصویراُتاریئے، رنگ بھریئے :

1. سبق دیکھئے۔سبق میں موجود خوب صورت گھر کی تصویر اُتاریے۔رنگ بھریے۔

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام :

1. اپنے دوستوں کے گھر جایئے مشاہدہ کیجئے انکا گھر کیسا ہےاور تفصیلات کے ذریعہ جدول کو پر کیجئے۔

سلسلہ نشان	دوست کا نام	گھر صاف ستھرا ہے یا نہیں	کیوں ؟
1			
2			
3			
4			

☆ کس کے مکانات صاف ستھرے ہیں؟ کیوں؟ کس کے مکانات صاف ستھرے نہیں ہیں؟ کیوں؟

☆ اگر مکانات صاف ستھرے رکھنا ہو تو آپ کیا کریں گے ؟

توصیف :

1.رشید شام میں اسکول سے گھر آیا۔گھر کے سامنے چپل بے ترتیب رکھے ہوئے ہیں۔سوکھے ہوئے کپڑے نیچے گرے ہوئے ہیں۔ ان سب کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنے بستے کو گھر میں رکھ کر باہر چلا گیا۔کیا ایسا کرنا ٹھیک ہے؟اگر آپ اسکی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

سوال کیجئے :

1. منور اور سعد یہ وحید کے گھر گئے۔انہوں نے وحید کے گھر کو صاف ستھرا نہیں پایا۔وحید کے گھر کو صاف ستھرا نہ پا کر انہوں نے کیا سوال کئے ہوں گے؟وحید نے اُن کے کیا جوابات دیے ہوں گے؟

میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

☆ صاف ستھرے اور غیر صاف ستھرے مکان کے درمیان فرق بتا سکتا/سکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆ گھر کی صاف صفائی کے لئے بھی مدد کرتا/کرتی ہوں — ہاں/نہیں

☆ کس کس کے مکان صاف ستھرے ہیں کیوں جدول تیار کر کے وضاحت کرسکتا/کرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆ خوبصورت مکان کی تصویر اُتار سکتا/کرسکتی ہوں — ہاں/نہیں

☆ میں گھر کی صفائی سے متعلق سوالات کرسکتا/کرسکتی ہوں۔ — ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

12- مٹی سے بنی انمول اشیاء

نئے سال کی شروعات پر گلناز اپنے گھر میں مٹی کے خوب صورت کھلونے لانا چاہتی ہے۔ اسلئے اُس نے اپنے دادا کے ساتھ بازار جا کر خریدنے کی خواہش ظاہر کی۔ دادا اور گلناز دونوں مل کر بازار گئے۔ راستے میں ایک جگہ انہیں رنگین کھلونے نظر آئے۔

گلناز: دادا جی! یہ ٹیلیفون ریموٹ دیکھیے کتنا اچھا ہے۔

دادا جی: وہ پلاسٹک سے بنائے گیے کھلونے ہیں۔

گلناز: دادا جی! یہ ہاتھی کا کھلونا دیکھیے کتنا چکنا ہے۔

دادا جی: یہ لکڑی کے بنائے گئے ہیں ہماری ریاست میں یہ نرمل، کونڈا پلی، ''ایٹی کوپّا'' کے علاقوں میں تیار کئے جاتے ہیں جو کافی مشہور ہیں۔

گلناز: دادا جی! یہ کھلونے دیکھیے کتنے خوب صورت ہیں؟ یہ خریدیں گے دادا جی!

دادا جی: یہ مٹی سے بنائے گئے کھلونے ہیں یہ سب سے سستے ہوتے ہیں اور یہ ماحول کو آلودہ نہیں کرتے۔

گلناز کو وہ کھلونے بہت پسند آئے' انہیں خرید کر وہ لوگ آگے بڑھے۔ کچھ دور جانے کے بعد وہاں پھلوں کے نمونے نظر آئے۔ گلناز نے کہا دادا جی! یہ پھلوں کے نمونے بھی خریدیں گے۔ دادا جی نے کہا یہ پھلوں کے نمونے بھی مٹی کے ہیں تب گلناز نے تعجب کیا اوہو! یہ بھی مٹی کے ہیں۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

تمام پسندیدہ مٹی کے نمونے لیکر وہ گھر واپس ہوئے ۔ اپنے لائے ہوئے اور پہلے کے تمام کھلونے گلناز نے ایک جگہ رکھ دیا۔ آ یئے انہیں دیکھیں ۔

گلناز نے کون کون سے کھلونے جمع کئے؟ اُن کے نام بتائیے؟ کیا آپ نے انہیں کبھی خریدا ہے؟
اگر گلناز کی جگہ آپ ہوتے تو مزید کون سے کھلونے جمع کرتے؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

مورتیوں کے علاوہ مٹی کے کھلونوں کے علاوہ اور کیا کیا بنائے جاتے ہیں۔ بتائیے

ذیل کی تصاویر دیکھئے؟ وہ کیا ہیں؟ وہ کس سے بنے ہیں؟ وہ کیسے استعمال ہوتے ہیں؟

مٹی کے مختلف برتن

ہوسکتا ہے مٹی سے بنائی گئی اشیاء آپ کے گھر میں بھی موجود ہوں؟ اُن کے نام معلوم کرکے بتایے۔

مٹی سے بنائی جانے والی اشیاء کے بارے میں ہم جان چکے ہیں! پانی بھر کر رکھنے کے لیے ہم گھڑے، صراحی، رنجن، وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں ان میں رکھا ہوا پانی گرما کے موسم میں ٹھنڈا رہتا ہے۔ ضلع عادل آباد میں تیار کئے جانے والے پانی کے رنجن بہت مشہور ہیں۔ مٹی کے برتنوں میں دھان، جوار وغیرہ ذخیرہ کرنے کے لیے بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ مویشیوں کے پانی پینے کے لیے حوض نما مٹی کے برتن استعمال کیے جاتے ہیں۔

دیپاولی تہوار میں مٹی سے بنے دیپوں میں دیپ جلائے جاتے ہیں۔ لیکن ان دنوں میں مٹی کے دیپوں کے علاوہ دھات اور کانچ سے بنے رنگین دیپ بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ مٹی سے بنائے گئے مختلف پھلوں کے نمونے، دیوان خانہ کی زینت بنے ہوتے ہیں۔ مٹی سے بنائے گئے پھولوں کے گملوں میں چھوٹے چھوٹے پودے اگائے جاتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ کیسے بنائے جاتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کیا آپ جانتے ہیں اس طرح کے مٹی کے برتن کیسے بنائے جاتے ہیں؟ رشید مٹی لاکر گھڑے بناتا ہے۔
رشید کس طرح گھڑے بناتا ہے ذیل کی تصاویر کا مشاہدہ کریں گے !!

1

گھڑے بنانے کے لیے رشید چکنی مٹی لاتا ہے۔

2

چکنی مٹی میں پانی ڈال کر پیروں سے گوندھتا ہے۔
اور مٹی کو نرم کرتا ہے۔

3

نرم مٹی کو، پہیئے پر رکھ کر گول گھماتا ہے
اور ہاتھ سے گھڑے کا نمونہ تیار کرتا ہے۔

4

پہیئے پر تیار شدہ گھڑے کو صحیح شکل دینے کے لیے
لکڑی کے ہتھ سے مارتا ہے۔

5



تیار شدہ گھڑوں کو پہلے چھاؤں میں
پھر دھوپ میں سُکھاتا ہے۔

6



سُکھائے گئے گھڑوں کو آگ کی بھٹی میں رکھ کر جلاتا ہے

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اس طرح تیار کئے گئے گھڑے، صراحیاں، رنجن، گملے وغیرہ بازار میں فروخت کئے جاتے ہیں۔گھڑوں کو خریدتے وقت لوگ اُنگلی سے بجا کر دیکھتے ہیں اور ٹنگ ٹنگ کی آواز آنے پر ہی گھڑے خریدتے ہیں۔غور کیجیے کہ لوگ ایسا کیوں کرتے ہیں ؟

مٹی کے برتن بہت عمدہ ہوتے ہیں ہمارے بڑے بزرگوں نے مٹی سے بنائے گئے برتن ہی زیادہ تر استعمال کیے ان کی قیمت بھی بہت کم ہوتی ہے۔

مٹی سے مختلف قسم کی اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔جنہیں ہم مختلف کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔گلناز ایک دفعہ اپنے رشتہ داوں کے گھر جاتی ہے وہاں وہ مختلف قسم کی چیزیں دیکھتی ہے۔وہ اشیاء پلاسٹک، الومینیم مٹی، لوہا، اسٹیل اور لکڑی وغیرہ سے بنائی ہوئی ہیں۔وہ مٹی اور دیگر اشیا سے بنائی گئی کون کونسی چیزیں دیکھی ہونگی؟ تفصیلات کو جدول میں درج کیجیے :

نشان سلسلہ	دیکھی ہوئی شئے	اس شئے پر (✓) کا نشان لگائے جس سے وہ تیار کی گئی ہیں					
		اسٹیل	پلاسٹک	المونیم	مٹی	لکڑی	لوہا
1	بکیٹ						
2							
3							
4							
5							

ہمارے گھروں میں کن چیزوں سے تیار کئے گیے برتن زیادہ استعمال کرتے ہیں؟ گھروں میں کن چیزوں سے تیار کئے گئے برتن بہت کم استعمال کرتے ہیں؟ آج کل مٹی سے بنائے گئے برتنوں کا استعمال کیوں کم ہوگیا؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

کتنے عمدہ ہیں !

گلناز اپنے رشتہ دار کے گھر میں مختلف قسم کی ترکاریاں اور پھل دیکھے۔ وہ انھیں دیکھ کر تعجب کرنے لگی۔ اس نے ہاتھ میں لے کر ان کا مشاہدہ کیا اور حیران ہوگئی۔ کیوں کہ وہ تمام مٹی سے بنے ہوئے تھے اور ان پر رنگ کیا گیا تھا۔ آپ انہیں تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔ انہیں آپ بھی تیار کرسکتے ہیں۔ چکنی مٹی لے کر اس میں پانی ملایے اور گوندھ کر نرم بنایئے۔ اس کو مختلف ترکاریوں اور پھلوں کی شکل دیجیے۔ رنگ کیجیے:

کلیدی الفاظ

1. مٹی کے کھلونے	2. چکنی مٹی	3. مٹی کے کھلونے
4. چکنی مٹی کے برتن	5. کمہار کا پہیہ	6. لکڑی کا ہتھ

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

☆ مٹی سے گھڑے، رنجن، صراحیاں، گملے وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں۔
☆ مٹی سے کھلونے پھل اور ترکاریوں کے نمونے بھی بنائے جاتے ہیں۔
☆ گرما کے موسم میں ٹھنڈے پانی کے لیے رنجن اور صراحی استعمال کئے جاتے ہیں۔
☆ چکنی مٹی سے کمہار گھڑے تیار کرتا ہے۔
☆ ہمارے آباواجداد زیادہ تر مٹی کے برتن ہی استعمال کرتے تھے۔
☆ آج کل مٹی کے برتن بہت کم استعمال ہو رہے ہیں۔

یہ کیجیے :

تصورات کی تفہیم : 1. مٹی سے تیار کی جانے والی کوئی تین اشیاء کی مثالیں دیجیے۔

2. کانچ کے برتن اور مٹی کے برتن میں فرق بتایے؟ لکھیے؟

3. آپ کے گھر میں مٹی سے تیار کی گئی کونسی اشیاء ہیں؟ انہیں کیسے استعمال کرتے ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 21-2020

SCERT TELANGANA

تصویر اُتاریے رنگ بھریئے:

ذیل کی تصویر اُتاریے رنگ بھریے :



معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔ منصوبہ کام

1. بازار جاکر وہاں فروخت کی جانے والی مختلف اشیا جو مٹی سے بنی ہیں ان کی تفصیلات حاصل کیجئے اور فہرست تیار کیجئے۔ اسی طرح ان کی قیمت معلوم کیجئے۔
2. مٹی سے مختلف قسم کی ترکاریوں اور پھلوں کے نمونے تیار کیجیے اوران پر رنگ کیجیے؟

توصیف :

آپ جان چکے ہیں کہ مٹی سے مختلف اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔اس طرح مٹی سے بنائی گئی اشیاء کے فائدے کیا ہیں؟ اگر آپ کی ملاقات مٹی کے برتن بنانے والے رشید سے ہو تو کس طرح اس کی تعریف کروگے ؟

سوال کیجیے:

آپ کی جماعت میں گھڑے بنانے والے رشید اور کھلونے بنانے والی سمینہ سے ملاقات ہو تو کس طرح کے سوالات پوچھوگے؟ فہرست بنایئے۔

یہ میں کر سکتا/کرسکتی ہوں

1. مٹی کے برتن اور دوسرے برتن میں موافقت اور فرق بتا سکتا/بتاسکتی ہوں	ہاں/نہیں
2. مٹی سے برتن کس طرح بنائے جاتے ہیں وضاحت کرسکتا/کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
3. مٹی سے مختلف اقسام کی ترکاریاں اور پھلوں کے نمونے تیار کرسکتا/کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
4. مٹی کے برتن کی تصاویر اُتار کر رنگ بھرسکتا/کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
5. مٹی سے کیا کیا چیزیں بنائی جاسکتی ہیں وضاحت کرسکتا/کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
6. مٹی کے برتن اور کھلونوں سے متعلق سوالات کرسکتا/کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

13- رنگین لباس

لبنیٰ عید کے لیے اپنے والدین کے ساتھ کپڑے خریدنے کے لیے بازار گئی۔ وہ لوگ دکان میں مختلف قسم کے کپڑے دیکھے۔لبنیٰ کے والدین نے لبنیٰ کے ساتھ ساتھ اس کے بھائی کے لئے بھی کپڑے خریدے۔لبنیٰ کے والدین کس کس کے لئے کون کون سے کپڑے خریدے ہوں گے! غور کیجیے۔ذیل کے جدول میں لکھیے :

لبنیٰ کے لیے خریدے ہوئے	لبنیٰ کے بھائی کیلئے خریدے ہوئے	والدہ کے لئے خریدے ہوئے	والد کے لیے خریدے ہوئے

لبنیٰ اور اسکا بھائی دونوں چھوٹے ہیں! لبنیٰ کے والدین بڑے لوگ ہیں! کیا سبھی لوگ ایک ہی قسم کے کپڑے خریدتے ہیں؟ کیا وہ مختلف قسم کے کپڑے خریدتے ہیں؟ ذیل کی تصاویر دیکھیے ان میں کونسے بچوں کے لیے ہیں اور کونسے بڑوں کے لئے ہیں؟ بتایئے اور لکھئے۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

بچے اور بڑے جو کپڑے خریدتے ہیں وہ مختلف ہوتے ہیں آپ کے گھر میں بچے، مرد حضرات اور عورتیں پہننے کے کپڑے کونسے ہیں؟

ذیل کے جدول میں لکھیے ؟

کپڑے جو بچے پہنتے ہیں	کپڑے جو مرد حضرات پہنتے ہیں	کپڑے جو خواتین پہنتی ہیں

درج بالا کپڑوں میں آپ کو کونسے کپڑے پسند ہیں اور کیوں ؟

لبنٰی نئے کپڑے پہن کر ماہین کے گھر گئی۔ ''یہ فراک بہت اچھا ہے تم نے یہ کہاں سے خریدا؟'' ماہین نے پوچھا۔ لبنٰی نے کہا ہمارے والد دکان سے خرید کر لائے ہیں۔ ماہین نے کہا، ہمارے والد بھی عید کے لئے کپڑے خرید کر سلوانے دیئے ہیں! لبنٰی نے تیار شدہ فراک پہنا اور ماہین نے کپڑے سلوائے۔

آپ کون سے کپڑے سلواتے ہیں؟
آپ کون سے تیار شدہ ملبوسات استعمال کرتے ہیں؟

ہم کو گرمی، بارش اور سردی سے محفوظ رہنے کے لیے کپڑے پہنتے ہیں۔ سردی اور بارش میں اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔ ذیل کی تصاویر دیکھئے۔ اس طرح کے کپڑے کب استعمال کیے جاتے ہیں' بتائیے؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ذیل کی تصاویر دیکھئے یہ کون پہنتے ہیں، ان کی خصوصیات کیا ہیں' بتائیے؟ اپنی تہذیب اور روایت کے مطابق مختلف علاقوں اور مذہبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ مختلف قسم کے کپڑے پہنتے ہیں۔

عام طور پر عید، شادی بیاہ و دیگر تقاریب کے موقع پر مخصوص لباس پہنتے ہیں۔ کیا آپ بھی یوم پیدائش اور دیگر تقاریب کے موقع پر مخصوص لباس پہنتے ہیں؟ کیا آپ کے دوست خصوصی لباس پہنتے ہیں؟

اسکول جانے والے بچے مخصوص کپڑے پہنتے ہیں جسے ''یونیفارم'' کہا جاتا ہے۔ اسی طرح مختلف پیشہ ور افراد کے بھی خصوصی لباس ہوتے ہیں۔ جیسے پولیس، ڈاکٹر، نرس، وکیل، پائلیٹ، باورچی وغیرہ۔

ذیل کی تصاویر دیکھیے یہ لباس کون پہنتے ہیں بتلائیے :

SCERT TELANGANA

بس ڈرائیو، کنڈکٹر، کلینز فیکٹری ورکرس، سیکوریٹی گارڈ وغیرہ بھی کام کے دوران مخصوص لباس پہنتے ہیں۔ ضلع، ریاست، قومی اور بین الاقوامی سطح پر کھیلوں میں نمائندگی کرنے والے کھلاڑی بھی مخصوص لباس پہنتے ہیں۔

آپ کون کون سے کام کرنے والے لوگوں کو دیکھا ہے اور وہ کس قسم کا لباس پہنتے ہیں

آپ نے جانا کہ ہم کئی قسم کے کپڑے پہنتے ہیں! کپڑے پہننا جتنا ضروری ہے' صاف ستھرے کپڑے پہننا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے۔ ہم کو روزآنہ نہانے کے بعد دُھلے ہوئے کپڑے پہننا چاہیے۔ دستی اور تولیہ کو بھی روزآنہ دھونا چاہیے۔

کیا آپ جانتے ہیں! سوتی کپڑے، روئی کے دھاگے سے تیار کئے جاتے ہیں۔ ریشم کے کیڑوں سے حاصل ہونے والے ریشوں سے ریشمی کپڑے بنائے جاتے ہیں۔

ماضی میں کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے ؟

آج ہم کئی اقسام کے کپڑے پہنتے ہیں۔ ان میں سے بعض سلوا کر اور بعض تیار شدہ کپڑے پہنتے ہیں۔ ہمارے آباواجداد کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے؟ ہمارے ماں باپ' اُن کے بچپن میں کس طرح کے کپڑے پہنتے تھے؟ کیا وہ آج کے کپڑوں کی ہی طرح ہوتے تھے؟ معلومات حاصل کرکے جدول میں لکھئے؟

وہ کپڑے جو ہمارے والدین ان کے بچپن میں زیب تن کرتے تھے	وہ کپڑے جو ہمارے (بزرگوں) دادا، نانا نے ان کے بچپن میں زیب تن کرتے تھے	وہ کپڑے جو دورحاضر کے بچے زیب تن کرتے ہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آیئے ڈیزائن بناتے ہیں !

کوئی بھی کپڑا اُس کے ڈیزائن اور رنگ کی وجہ سے خوبصورت لگتا ہے۔ہم ڈیزائین اور رنگ دیکھ کر ہی کپڑے پسند کرتے ہیں۔ذیل کی تصاویر دیکھیے ،ان میں آپ کا پسندیدہ ڈیزائین کونسا ہے؟ کیوں؟

کیا آپ جانتے ہیں،ہم بھی ڈیزائن تیار کرسکتے ہیں ؟

☆ آیئے ڈیزائن تیار کرتے ہیں

اپنے قریبی درزی کے پاس جا کر کپڑوں کے چند ٹکڑے حاصل کیجیے۔ایک بھنڈی لیجیے۔اسکو کاٹئے اس ٹکڑے کو رنگ یا روشنائی میں ڈبویے۔سفید کاغذ یا کپڑے پر اپنے پسندیدہ ڈیزائن چھاپئے۔آلو کے ٹکڑے یا ہاتھ کی اُنگلیوں یا پیروں کا استعمال کیجئے انہیں رنگ میں ڈبو کر اپنے پسندیدہ ڈیزائن تیار کیجیے۔

کلیدی الفاظ

1. کپڑوں کی ضرورت
2. مختلف قسم کے کپڑے
3. پیشے کے لحاظ سے کپڑے
4. موسم کے لحاظ سے کپڑے
5. صاف ستھرے کپڑے
6. ڈیزائن
7. تیار شدہ کپڑے
8. سلے ہوئے کپڑے
9. یونیفارم (وردی)

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- کپڑے ہماری بنیادی ضرورت ہیں۔ بڑے بچے، عورت و مرد مختلف قسم کے کپڑے پہنتے ہیں۔
- بعض لوگ تیار شدہ کپڑے خریدتے ہیں تو بعض لوگ کپڑا خرید کر سلواتے ہیں۔
- تہذیب کے لحاظ سے عید، شادیوں کی تقاریب میں مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔
- مختلف پیشہ ور افراد کام کرتے وقت اُس پیشہ سے متعلق مخصوص کپڑے پہنتے ہیں۔
- موسم کے لحاظ سے مختلف کپڑے پہنتے ہیں۔
- کپڑوں پر رنگوں سے مختلف ڈیزائن بنائے جاتے ہیں۔

یہ کیجیے :

تصورات کی تفہیم

1. ہمیں کپڑے کیوں پہننا چاہیے ؟
2. بچے عورتیں اور مردوں کے استعمال کئے جانے والے کپڑوں کی کوئی تین مثالیں دیجئے ؟
3. مختلف پیشے کے لوگ کس طرح کے مخصوص کپڑے پہنتے ہیں؟
4. مردوں اور عورتوں کے کپڑوں میں مشابہت اور فرق لکھئے ؟
5. سلے ہوئے کپڑوں، تیار شدہ کپڑوں میں آپ کون سے کپڑے پسند کرتے ہیں؟ کیوں؟ تین وجوہات بتلایئے؟
6. ہمیں صاف ستھرے کپڑے کیوں پہننا چاہئے؟

تصویر اُتاریئے، رنگ بھریئے :

1. ذیل کا ڈیزائن دیکھئے: آپ بھی اُتاریے۔ آپ کا پسندیدہ رنگ بھریے :

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

2. آپ کے پسندیدہ کپڑوں کی تصاویر اُتار کر رنگ بھریے ؟

3. ساڑیوں پر مختلف قسم کے ڈیزائن ہوتے ہیں ! اپنے گھر میں موجود ساڑیوں کو دیکھ کر اپنی پسند کے ڈیزائن کاپی میں اُتاریے۔ کمرہ جماعت میں مظاہرہ کیجئے۔

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام :

1. اپنے دوستوں سے معلومات حاصل کیجیے کہ اُنہوں نے عید کے موقع پر کس طرح کے کپڑے خریدے؟ تفصیلات کو جدول میں درج کیجئے

سلسلہ نشان	دوست کا نام	عید کا نام	کپڑوں کی قسم	تیار شدہ یا سلوائے ہوئے کپڑے

☆ اکثر لوگ کس قسم کے کپڑے خریدتے ہیں اور کن موقعوں پر خریدتے ہیں؟

☆ کیا زیادہ تر لوگ تیار شدہ کپڑے (ریڈی میڈ) خریدتے ہیں؟ یا کپڑے سلواتے ہیں؟

2. آپ کے پسندیدہ ڈیزائن والے کپڑوں کے ٹکڑے اکٹھا کیجیے۔ اُنہیں چارٹ پر چسپاں کر کے مظاہرہ کیجیے ؟

3. مختلف علاقوں میں رہنے والے لوگوں کے پہنے جانے والے کپڑوں کی تصاویر اکٹھا کیجیے اور چارٹ پر چسپاں کیجیے اور مظاہرہ کیجیے۔

توصیف :

1. چند لوگوں کو پہننے کے لیے مناسب کپڑے نہیں ہوتے۔ آگ لگنے، سیلاب، زلزلے طوفان وغیرہ سے متاثر لوگ کپڑوں سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کے ضرورت مندوں کی مدد ہم کیسے کر سکتے ہیں؟

سوال کیجیے: لبنی کے والدین نے دکان سے کپڑے خریدے اس دوران دکاندار سے انہوں نے کس طرح کے سوالات کئے ہوں گے؟ کپڑوں کی خریداری کے وقت ہمیں کیوں سوالات کرنا چاہیے؟

یہ میں کر سکتا / کر سکتی ہوں

- ☐ کپڑوں کی اہمیت بتا سکتا / بتا سکتی ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف اقسام کے کپڑوں کی تفصیلات جدول میں درج کر سکتا / کر سکتی ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف پیشہ ور افراد کے مخصوص کپڑوں کی شناخت کر سکتا / کر سکتی ہوں — ہاں/نہیں
- ☐ صاف ستھرے کپڑے پہننے کی ضرورت جان چکا ہوں۔ لہٰذا صاف میں روزانہ ستھرے کپڑے پہنوں گا / پہنوں گی۔ ہاں/نہیں
- ☐ کپڑوں پر مختلف ڈیزائن اُتار سکتا / اُتار سکتی ہوں۔ — ہاں/نہیں
- ☐ مختلف قسم کے کپڑوں سے متعلق سوالات کر سکتا / کر سکتی ہوں۔ — ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

14- میں یہاں، آپ کہاں؟

بشریٰ جماعت سوم کی طالبہ ہے۔ بشریٰ کی جماعت میں، رحیم، ریشما، سلیم کے علاوہ بہت سارے طلبا بھی ہیں۔ وہ سب بینچوں پر قطار میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آیئے ان کی جماعت کا مشاہدہ کریں !



SCERT TELANGANA



یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

■ پہلی قطار میں کون بیٹھے ہیں ؟

■ آخری قطار میں کون بیٹھے ہیں؟

■ درمیانی قطار میں کون بیٹھے ہیں؟

درج ذیل جدول میں دیئے گئے نام پڑھئے۔ ان کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں کون کون ہیں لکھیے؟

طالب علم کا نام	آگے	پیچھے	دائیں	بائیں
بشریٰ				
مسرت				
اِسمٰعیل				
رحیم				

بشریٰ کی کمرہ جماعت کا آپ نے مشاہدہ کیا۔ بشریٰ کی جماعت میں کون کہاں بیٹھتے ہیں اپنے دوستوں سے مباحثہ کرکے اُن کے نام ذیل کی تصویر میں لکھیے؟



SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

بشریٰ کی کمرہ جماعت میں کون کہاں بیٹھے ہیں آپ ان کے مقام لکھ چکے ہیں! آپ کی جماعت میں کتنے بچے ہیں۔ وہ کہاں بیٹھتے ہیں کیا آپ اُن کی نشاندہی کر سکتے ہیں؟ ذیل کی چار دیواری کو اپنا کمرہ جماعت تصور کیجیے۔ اب اپنی جماعت کا مشاہدہ کیجیے اور بتائیے کہ



- تختہ سیاہ کہاں ہے ؟
- کرسی کہاں ہے؟
- میز کہاں ہے؟
- پہلی قطار میں بیٹھے طلبا کے نام بتائیے۔
- دیگر قطاروں میں بیٹھے طلباء کے نام بتائیے۔

اپنی جماعت میں بیٹھے طلباء کے نام اور ان کے مقام آپ لکھ چکے ہیں۔

آیئے اب بشریٰ کے اسکول کا مشاہدہ کریں گے !



SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

کیا آپ جانتے ہیں، بشریٰ کے اسکول کی عمارت اس طرح بھی اُتاری جاسکتی ہے۔ آیئے اسکول کا نقشہ دیکھیں۔



SCERT TELANGANA

اسکول کے نچلے حصے میں سات کمرے اور پہلی منزل پر بھی سات کمرے ہیں۔ اسکول کے احاطے میں آٹھ ناریل کے درخت ہیں۔ تصویر میں بتائی گئی علامتوں کے مطابق ہم اسکول کی عمارت اتار سکتے ہیں۔ تو بتایئے کہ پھر آپ کے اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ اسکول کے احاطہ میں کون سے درخت ہیں؟ کتنے درخت ہیں؟

- اپنے اسکول کے نقشہ کو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر اُتاریئے۔
- نقشہ اُتارنے سے قبل درختوں کے نشان قائم کر لیجیے۔
- کمرہ جماعت میں جہاں کہیں دروازے ہوں اُسے درجہ بالا تصویر میں بتائے گئے طریقہ پر اُتاریے۔
- اسکول کی سرحدی دیوار، داخلی دروازہ اور جھنڈے کا مقام وغیرہ کی نشاندہی کیجئے اور علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے نقشہ اتاریئے۔ تصویر میں نشانات لگایے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آ یئے معلوم کرتے ہیں کہ بشریٰ کے گاؤں میں کونسی چیزیں موجود ہیں؟ ذیل کا نقشہ دیکھ کر بتایئے کہ وہ گھر سے اسکول کو جس راستہ سے بشریٰ گذرتی ہے اس راستہ میں کونسی چیزیں دکھائی دے رہی ہیں اور اپنے دوستوں سے مباحثہ کیجیے :



- اسکول سے قریب کس کا گھر ہے؟ بشریٰ کا یا ریشما کا ؟
- بشریٰ کے گھر سے پارک کے راستے میں اسکول جاتے وقت کونسی چیزیں راستہ میں دکھائی دیتی ہیں؟
- بشریٰ کن راستوں سے اسکول جاسکتی ہے لکیریں کھینچ کر بتایئے؟



یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

نقشے میں پائے جانے والے، اسکول، مکانات، دواخانہ، پارک بورویل وغیرہ کو جوں کا توں بتانا ممکن نہیں ہوتا اس لئے انہیں علامتوں سے ظاہر کرتے ہیں۔

دی گئی علامتوں کے ذریعہ بشریٰ کے گاؤں کے نقشہ میں کونسی چیزیں کہاں واقع ہیں، بتایئے:

علامت	
عمارت	
جھونپڑی	
بورویل	
دواخانہ	
مندر	
اسکول	S
کنواں	
پوسٹ آفس	PO
چمن	



آپ نے بشریٰ کے گاؤں کا نقشہ دیکھا اس نقشہ میں علامتیں استعمال کی گئی ہیں۔ کیا آپ اپنے گھر سے اسکول تک کے راستہ کو نقشہ میں ظاہر کرسکتے ہیں۔ ذیل کی ہدایتوں پر عمل کیجیے۔

- سب سے پہلے اپنے اسکول کی نشاندہی درمیان میں کیجئے۔ اُسے علامت (S) سے ظاہر کیجیے۔
- اپنے گھر کو اس علامت سے ظاہر کیجیے۔
- اپنے دوستوں کے مکانات کی بھی نشاندہی کیجیے انہیں بھی علامتوں سے ظاہر کیجیے۔
- آپ کے مکان سے اسکول تک کے راستہ کی نشاندہی کیجیے۔
- اسی طرح آپ کے دوستوں کے گھروں سے بھی اسکول تک کے راستہ کی نشاندہی کیجیے۔

(اُتاریئے) :

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اپنے گھر سے اسکول کے راستہ میں بائیں اور دائیں جانب کیا ہے تمام کا مشاہدہ کیجئے۔

اگر درخت ہوتو کا نشان لگایے۔ مندر ہوتو کا نشان لگایے۔

مسجد ہوتو کا نشان لگایے۔ چرچ ہوتو کا نشان لگایے۔

پوسٹ آفس ہوتو (PO) کا نشان لگایے۔ دواخانہ ہوتو کا نشان لگایے۔

اور چمن ہوتو نشان لگایے۔

آپ نے اپنے گھر سے اسکول تک روڈ میپ اتار سکتے ہیں! اسی طرح اپنے گاؤں کا نقشہ اتاریئے۔ اس طرح ہم گاوں کے مختلف نقشے بھی علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے اتار سکتے ہیں۔

کلیدی الفاظ

1. نقشہ
2. علاقہ
3. علامتیں
4. آگے پیچھے
5. راستہ

ہم کیا سیکھ چکے ہیں :

- کمرہ جماعت، اسکول، گلی، گاؤں/محلّہ وغیرہ کے نقشے اُتار سکتا ہوں — ہاں/نہیں
- نقشہ میں اسکول، دواخانہ، چمن وغیرہ کو علامتوں سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ — ہاں/نہیں
- ایک مقام سے دوسرے مقام جانے کے لئے علامتیں مددگار ہوتی ہیں۔ — ہاں/نہیں

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. اپنے مکان سے اسکول کے راستے میں سڑک کے دائیں اور بائیں جانب کون سے مقامات ہیں؟

- دائیں جانب ----------------------
- بائیں جانب ----------------------

2 اپنے گھر کے اطراف کس کے مکانات ہیں بتایے اور لکھئے۔

دائیں جانب	بائیں جانب	آگے کی جانب	پیچھے کی جانب



یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

نقشہ جاتی مہارتیں :



1. نقشہ دیکھئے ۔

...... علامتوں کی بنیاد پر رحیم کے گاؤں میں کیا ہیں بتایئے؟

...... رحیم کے مکان سے دواخانہ جانے کے راستہ کی نشاندہی کیجیے ؟

...... رحیم کے مکان سے اسکول جانے کے مختلف راستوں کی نشاندہی کیجیے۔

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔منصوبہ کام :

اپنے گاؤں/محلّہ میں کیا کیا ہیں ان کی تفصیلات اکٹھا کیجیے۔پوسٹ آفس' اسکول' مندر' بنک' راشن کی دکان' دواخانہ وغیرہ ہر ایک کے لئے ایک علامت مختص کیجیے۔اپنے گاؤں/محلّہ کے راستے اور سڑک اُتاریئے۔کونسی چیز کہاں ہیں علامتوں سے نقشہ میں بتایئے۔اپنے گاؤں کا نقشہ اتاریئے۔یہ مقامات بچوں کی مدد کرنے میں کس طرح کے افعال انجام دیتے ہیں ان نکات کی فہرست تیار کیجیے۔

سوال کیجیے:

بشریٰ اور ان کے تمام ساتھی گاؤں کا نقشہ اُتارنا چاہتے ہیں۔اس کے لیے وہ سب اپنے ٹیچر کے پاس گئے۔وہ اپنے ٹیچر سے مختلف سوالات کئے۔اُسی طرح آپ اپنے گاؤں/گلی کا نقشہ اُتارنے کے لئے ٹیچر سے کون کونسے سوالات کریں؟ سوالات لکھئے؟

2. ایسے کون سے دیگر حالات ہوں گے جس میں آپ اپنے ٹیچر کی مدد لو گے؟

میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

میں نقشہ پڑھ سکتا ہوں	ہاں/نہیں
نقشہ میں بتائی گئی علامتوں کو سمجھ سکتا ہوں	ہاں/نہیں
گھر سے اسکول تک کے راستے کا نقشہ اُتار سکتا ہوں	ہاں/نہیں
کمرہ جماعت' اسکول کے نقشے اُتار سکتا ہوں	ہاں/نہیں
نقشہ اُتارنے سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

15- پانی - ہماری ضرورت

کمرہ جماعت میں تمام بچے مل کر یہ گیت گا رہے ہیں۔ آپ بھی گایئے۔ گیت سے متعلق بات کیجیے۔

ہر بوند میں سو روپ دکھادیتی ہے بارش
ماحول کو سرسبز بنادیتی ہے بارش
امبر سے جھڑی جب بھی لگادیتی ہے بارش
دھرتی کی سبھی پیاس بجھادیتی ہے بارش
آکاش کے گھنگھور گھٹاؤں سے اُتر کر
تالاب کو ندی سے ملادیتی ہے بارش
انساں ہوں، مویشی ہوں کہ پودے ہوں کہ پھل پھول
ہر پیاسے کی پیاس بجھادیتی ہے بارش
انبار کئی فصلوں کے لگادیتی ہے بارش
بھوکوں کو بہرحال غذا دیتی ہے بارش

بارش کا پانی بہتا ہوا کہاں پہنچتا ہے؟
ہمیں پانی کہاں سے حاصل ہوتا ہے؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ندی، نالہ، کنواں، تالاب اور دریاؤں وغیرہ سے ہمیں پانی حاصل ہوتا ہے۔ عام طور پر ہم کنویں، نلوں، بورویل اور نالوں سے حاصل کرتے ہیں اور محفوظ کر کے اپنی ضروریات کے لحاظ سے استعمال کرتے ہیں۔

☆...... سلیم کے گھر میں پانی ذخیرہ کرنے کے لیے ذیل کی چیزیں استعمال کی جاتی ہیں۔ ان کا مشاہدہ کیجئے۔

تصویر میں بتائے گئے برتنوں میں پانی مکمل بھریں تو..

کس میں زیادہ پانی سماتا ہے؟

آپ اپنے گھر میں پانی ذخیرہ کس میں کرتے ہیں؟

ہم گھروں میں پانی ذخیرہ کرنے کے لئے اسٹیل کے گھڑے، مٹی کے گھڑے، بکیٹ، سیمنٹ کے ٹب وغیرہ استعمال کرتے ہیں ہم تمام ضروریات کے لئے اسی پانی کا استعمال کرتے ہیں۔

ہمیں پانی کی ضرورت کیوں ہے؟

ہم روزآنہ صبح سے رات تک مختلف کاموں کے لیے پانی کا استعمال کرتے ہیں۔ ذیل کی تصویر دیکھیے۔ وہ کیا کررہے ہیں بتائیے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

دیگر کون سی ضروریات کے لیے ہم پانی استعمال کرتے ہیں؟ اپنے دوستوں سے گفتگو کیجیے' لکھئے۔ وہ کون سے مختلف کام ہیں جن کے لیے پانی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے؟ اور وہ کون سے کام ہیں جن کے لیے پانی کی کم ضرورت ہوتی ہے؟

کیا پودوں کے لئے پانی ضروری ہے؟

ہم جان چکے ہیں کہ پانی ہمارے لئے بہت ضروری ہے۔ کیا آپ جانتے ہیں کسے پانی کی ضرورت ہوتی ہے؟ کیا پودوں کو کے لیے بھی پانی کی ضرورت ہے ہوتی ہے؟ اسکے لئے ذیل میں بتائے گئے طریقہ پر عمل کیجیے۔

تجربہ کیجیے اور بتایئے کہ کیا ہوا

دو پودے لیجیے اور صرف ایک پودے کو روز آنہ پانی دیجیے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک جاری رکھیے۔ اس کے بعد دونوں پودوں کا مشاہدہ کیجیے اپنے مشاہدات اور تجربات کو ذیل کے جدول میں درج کیجیے۔



پہلا پودا　　دوسرا پودا

دن	کیا ہوا؟	
	پہلا پودا	دوسرا پودا
پیر		
منگل		
چہارشنبہ		
جمعرات		
جمعہ		
ہفتہ		
اتوار		

اگر پانی نہ ہو تو پودے سوکھ جاتے ہیں۔ اسی لئے' اپنے اسکولوں میں پودوں کو روزانہ پانی دینا چاہیے۔ جب پودے اچھی طرح نشونما پاتے ہیں تو خوبصورت نظر آتے ہیں۔

سلیم اسکول کی صحت وصفائی کمیٹی کا ممبر ہے۔ اُس نے دوستوں کے ساتھ ملکر اسکول میں گلاب گُڑھیل اور گنیر کے پودے لگائے اور انہیں روزانہ پانی ڈالا۔ چند دنوں کے بعد وہ پودے پھول دینے لگے۔ دُعائیہ اجتماع کے موقع پر اساتذہ نے سلیم کے کام کو سراہا۔ اسکول کے تمام بچوں کو اس بات کی ہدایت دی گئی کہ وہ بھی روز آنہ اسکول میں پودوں کو پانی ڈالیں۔

کیا آپ اپنے مکان اور اسکول میں پودوں کو پانی دیتے ہیں؟ اپنے گھر/اسکول میں موجود پودوں کو روزانہ پانی دیجیے۔ جب پودے نشونما پاتے ہیں تو آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے؟ اپنے دوستوں سے مباحثہ کیجیے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

جانوروں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے:

ایک دن مجیب، کلیم کے گھر گیا۔ کلیم کے گھر میں کئی جگہ چھوٹے پانی کے برتن نظر آیے۔ جب کلیم اُن برتنوں میں پانی ڈالتا مرغیاں آ کر پانی پینے لگتیں۔ مرغیوں کے پانی پینے کے طریقے کو دیکھ کر مجیب کو اچھا لگا۔ اس سے آپ نے کیا سمجھا؟ جس طرح ہمیں اور پودوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے ٹھیک اُسی طرح جانوروں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ بتانے کیلئے کہ جانوروں کو بھی پانی کی ضرورت ہوتی ہے چند مثالیں دیجیے۔ اور اپنے دوستوں سے مباحثہ کیجیے؟

کیا آپ جانتے ہیں ؟



اگر اونٹ ایک دفعہ پانی پیتا ہے تو بہت دنوں تک پانی پیے بغیر زندہ رہ سکتا ہے جب پانی دستیاب ہوتا ہے تو وہ پوری طرح سیر ہو کر پیتا ہے اور اپنے جسم میں ذخیرہ کر لیتا ہے۔

آپ نے کن جانوروں کو پانی پیتے دیکھا ہے؟

پینے کے علاوہ اور کونسی ضروریات کے لیے جانوروں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے؟

زندہ رہنے کے لیے پودوں، جانوروں اور انسانوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہمیں کس طرح کا پانی پینا چاہیے؟

مجیب اور کلیم اسکول میں کھیل رہے ہیں۔ مجیب کو پیاس لگی۔ وہ فوراً دوڑتا ہوا گیا اور گلاس پانی کے گھڑے میں ڈبونا چاہا۔ یہ دیکھ کر کلیم نے مشورہ دیا کہ؟ گلاس ہاتھ میں لے کر پانی میں نہ ڈبوئیں۔ کلیم نے مجیب کو اس طرح کرنے سے کیوں روکا؟ اگر گلاس کو ہاتھ میں لے کر گھڑے میں ڈبو یا جائے تو کیا ہوگا؟ غور کیجیے۔

غور کیجیے !!

تجربہ کیجیے اور بتائیے کہ کیا ہوا؟

کلیم دو بڑے گلاس لے آیا۔ اس نے دونوں گلاسوں کو پانی سے بھرا۔ ایک گلاس میں مجیب کو ہاتھ ڈبونے کے لئے کہا مجیب نے ایسا ہی کیا؟ تب کیا ہوا ہوگا؟ آپ بھی اس طرح کیجیے۔ جب آپ نے اپنا ہاتھ اس میں ڈبویا تو پانی کا رنگ کیسے تبدیل ہوا مشاہدہ کیجیے۔ دوسرے گلاس میں موجود پانی کا مشاہدہ کیجیے۔ کس گلاس کا پانی گندا ہوا؟ اس سے آپ نے کیا سیکھا؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

جب ہم کھیلتے ہیں اور دوسرے کام کرتے ہیں تو گرد وغبار، جراثیم اور آلودگی سے ہمارے ہاتھ گندے ہو جاتے ہیں۔ اگر ہم ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ہاتھ ڈالتے ہیں تو وہ تمام گندگی پانی میں مل جاتی ہے۔ اگر ہم یہ پانی پیتے ہیں تو صحت خراب ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ہمیں صاف پانی پینا چاہیے۔ جس میں کسی قسم کی آلودگی نہ ہو۔

کنویں، کنٹے، تالابوں، وغیرہ میں پانی دستیاب رہتا ہے۔ ذیل میں تالاب کی تصویر دیکھئے۔

تالاب میں لوگ کیا کر رہے ہیں ؟ اگر وہ اس طرح کے کام انجام دیں گے تو تالاب کا پانی کیا ہوگا؟

اگر ہم اس تالاب کا پانی پیتے ہیں تو کیا ہوگا ؟

جب تالابوں میں کپڑے اور، برتن دھوئے جاتے ہیں تو بہت زیادہ گندگی پانی میں شامل ہو جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نقصاندہ جراثیم بھی پانی میں مل جاتے ہیں ہم اس طرح کے گندے اور غیر شفاف پانی کو ''آلودہ پانی'' کہتے ہیں۔ اس طرح کا پانی پینے سے قئے اور دست، یرقان، ہیضہ جیسی بیماریاں پھیلتی ہیں۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اچھی عادتیں

اکثر ہم آلودہ پانی پینے سے بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں لہٰذا ہمیں چند حفاظتی تدابیر اختیار کرنا چاہیے۔ہم میں اچھی عادتیں ہونی چاہیے!وہ کیا ہوں گی......غور کیجیے !!!

- گھڑے میں موجود پانی کوڈونگے سے گلاس میں ڈال کر پینا چاہیے ۔
- بورویل اورنل کے ذریعہ سربراہ کیا جانے والا محفوظ پانی ہی پینا چاہیے۔
- چھانا ہواپانی ہی پینا چاہیے۔
- پتلے پلاسٹک کے پانی کی بوتلیں صرف ایک مرتبہ استعمال کیلئے ہوتی ہیں۔
- پلاسٹک کی بوتل کو ہمیں دوبارہ استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
- پلاسٹک پانی میں تحلیل ہوتا ہے جس سے پانی زہریلا ہوجاتا ہے۔
- اگر پلاسٹک استعمال کرنا ہوتو دبیز پلاسٹک کی بوتلیں استعمال کی جاسکتی ہیں۔



کیا صاف ستھرا پانی سب کے لیے دستیاب ہے؟

رضیہ کے مکان میں نل ہے۔اس کے گھر میں سب صرف نل کا پانی استعمال کرتے ہیں۔وحید کے مکان میں نل نہیں ہے۔وہ محلّہ کے نل سے پانی لاتے ہیں۔ آئے تصویر دیکھیں کے محلّہ کے نل کے اطراف واکناف کی جگہ کیسی ہے!

اس طرح کے ماحول سے اگر ہم پانی لاکر پیتے ہیں تو کیا ہوگا ؟
محلّہ کے نل کے اطراف صاف ستھرا ماحول رکھنے کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

عام طور پر لوگ پانی کو گھڑوں میں اور مٹی کے گھڑوں میں بھر کر رکھتے ہیں۔بعض لوگ پانی کو رنجن میں بھی بھر کر رکھتے ہیں۔کیا آپ نے کبھی رنجن کا پانی پیا ہے؟ رنجن میں پانی ڈالئے ایک گھنٹہ رکھ کر دیکھیے ، آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟ بتائیے۔

رنجن میں موجود پانی بہت ٹھنڈا ہوتا ہے۔رضیہ نے ماموں کے مکان میں Water bubble اور بجلی کے ذریعہ پانی کو صاف کرنے والا آلہ بھی دیکھا۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

رضیہ نے پوچھا یہ کس لئے ؟'' یہ پانی کوصاف ستھرا کرتا ہے'' اس کے ماموں نے جواب دیا۔کیا آپ کے گاؤں میں پانی Water Bubble یا Water Can کے ذریعہ حاصل کرتے ہیں؟ وہ لوگ پانی اس سے کیوں حاصل کرتے ہیں؟اورکس کس کے گھروں میں پانی کوصاف کرنے کا آلہ موجود ہے معلوم کرکے بتائیے ؟

پانی میں کلورین کی ٹکیہ یا بلیچنگ پاوڈر ڈالنے سے پانی میں موجود جراثیم مرجاتے ہیں۔

پانی کی قلت :

رضیہ کے مکان میں کنواں ہے۔رضیہ کی ماں نے گرما کے موسم میں ڈول کوکنویں میں ڈال کردیکھا ڈول پانی تک نہیں پہنچ پایا۔رسی کافی لمبی ہونے کے باوجود بھی پانی کی سطح تک نہیں پہنچ پارہی تھی رضیہ نے پوچھا پانی ہماری پہنچ سے دور کیوں ہے؟ ماں نے جواب دیا کہ یہ موسم گرما ہے،کنویں میں پانی کی سطح کم ہوگئی ہے اسی لئے ڈول پانی تک نہیں پہنچ پارہا ہے۔

اس طرح کنویں کا پانی اندر کی طرف کیوں چلا گیا ؟
کنویں کا پانی کس موسم میں کم ہوجاتا ہے؟

گرما کے موسم میں کنویں،تالاب وغیرہ سوکھ جاتے ہیں۔ بورویل میں بھی پانی کی سطح کم ہوجاتی ہے۔جس کی وجہ سے گاؤں کے لوگوں میں حسب ضرورت پانی دستیاب نہیں ہوتا۔اسطرح کے حالات کو''پانی کی قلت'' کہتے ہیں۔تب گاؤں میں سرکار ٹینکرس کے ذریعہ پانی سربراہ کرتی ہے۔کیا آپ کے گاؤں میں اس طرح کے حالات پیدا ہوئے؟ کیا کبھی ٹینکرس سے پانی لایا گیا؟ کیوں لایا گیا؟ اورکن کن موقعوں پر ٹینکرس سے پانی لاتے ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

موسم گرما میں پانی دستیاب نہ ہونے سے کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
موسم گرما میں پانی کی قلت کو دور کرنے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟

پانی کی بچت کرنا :

رحیم گرمائی تعطیلات میں حیدرآباد آیا۔ اُن کے چاچا کے مکان کے پچھواڑے میں پانی کا ایک بڑا گڑھا دیکھا۔ رحیم نے اپنے ماموں سے پوچھا یہ کیوں بنایا گیا؟ رحیم کے چاچا نے کہا ''یہ انجذابی گڑھا ہے۔'' بارش کے موسم میں بہتے پانی کو گڑھے کی طرف رُخ دینے سے زمین میں پانی کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ پانی کے ذخائر بڑھانا جتنا ضروری ہے پانی کو احتیاط سے استعمال کرنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔

☆ آپ جان چکے ہیں کہ پانی کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہئے اور اس کا تحفظ کرنا چاہیے۔

☆ ذیل کی تصاویر کا مشاہدہ کیجیے؟ آپ نے کیا سمجھا؟

- پہلی تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟ ایسا کیوں ہو رہا ہے ؟
- دوسری تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟ اور اس طرح سے پانی کب کب ضائع ہوتا ہے ؟
- تیسری تصویر دیکھیے پانی کیسے ضائع ہو رہا ہے! ایسا ہونے سے کیسے نقصان ہوتا ہے ؟
- ایسے مواقعوں پر پانی ضائع نہ ہو اس کے لئے کیا کرنا چاہیے ؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

پانی ہمارے لئے بہت اہم ہے۔ہم کو زندہ رہنے کے لئے پانی ضروری ہے۔اس لئے ہمیں قیمتی پانی کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔صاف ستھرے پانی کا استعمال کریں۔پانی کو استعمال کرنے سے پہلے اچھی طرح دیکھ لیں۔آلودہ پانی پینے سے بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔پانی کو ضائع ہونے سے بچائیے۔پانی کا تحفظ کیجئے۔یہ ہماری ذمہ داری ہے۔

کلیدی الفاظ

1. پانی کے ذخائر 2. پانی کے استعمالات 3. صاف ستھرا پانی 4.آلودہ پانی 5. پانی کا ضائع ہونا 6.انجذابی گڑھا

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

پانی ہمیں ،نہروں،کنوؤں،تالابوں اورندیوں جیسے ذرائع سے حاصل ہوتا ہے۔

ہمیں پینے،کپڑے دھونے،برتن دھونے،نہانے اور پکوان کے لئے پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پودوں،جانوروں اورانسانوں کوزندہ رہنے کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

عام طور پر پانی،گھڑے،بکیٹوں،ٹینکوں میں ذخیرہ کرتے ہیں۔

آلودہ پانی پینے سے بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔

پانی کو احتیاط سے خرچ کریں۔پینے کے لیے صاف ستھرا پانی ہی استعمال کریں۔

پائپوں،ٹینکوں اورنلوں سے پانی ضائع نہ ہو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے۔

SCERT TELANGANA

یہ کیجئے :

تصورات کی تفہیم :

1. پانی نہ ہوتو کیا ہوگا؟
2. پانی کے ذرائع کی چند مثالیں دیجیے؟ آپ کے گاؤں میں موجود پانی کے ذرائع کونسے ہیں؟
3. آپ کے گھر میں پانی کا ذخیرہ کن برتنوں میں کیا جاتا ہے ؟
4. آپ کے گھر میں پانی کن مواقعوں پر ضائع ہوتا ہے؟اس کی روک تھام کے لئے آپ کیا کریں گے ؟
5. آپ کے ماحول میں پانی کہاں کہاں ضائع ہوتا ہے؟ مثالیں دیجیے۔
6. تالاب اورنل کے پانی میں کونسا پانی پینے کے لئے موزوں ہے؟ کیوں ؟
7. ہمیں پانی احتیاط سے خرچ کرنا چاہیے۔اسکے لئے آپ کی جانب سے کئے جانے والے کوئی پانچ اقدامات لکھئے ؟
8. ہمیں صاف ستھرا پانی کیوں پینا چاہیے؟------------------------------------

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

9. چند علاقوں میں پینے اور دیگر ضروریات کے لئے پانی ٹینکوں کے ذریعہ سربراہ کیا جاتا ہے۔ پانی کو ضائع ہونے سے روکنے کے لئے کیا کرنا چاہیے؟

تصویر اُتاریے۔ رنگ بھریے :

1. آپ کے گھر میں پانی کن چیزوں میں ذخیرہ کرتے ہیں؟ اُن اشیاء کی تصاویر اُتاریے :

SCERT TELANGANA

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارت ۔ منصوبہ کام :

ہم روزانہ پانی پیتے ہیں! کیا آپ جانتے ہیں ہم کتنے مرتبہ پانی پیتے ہیں یہ جاننے کے لیے ایسا کیجئے۔ آپ صبح سے شام تک کتنے گلاس پانی پیتے ہیں حساب رکھیے۔ تفصیلات کو درجہ ذیل جدول میں درج کیجئے۔

پانی پینے کا وقت	کتنے گلاس پانی پیا

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

☆ آپ ایک دن میں جملہ کتنے گلاس پانی پیتے ہیں؟
☆ آپ کس وقت زیادہ پانی پیتے ہیں؟
☆ آپ کی طرح آپ کے دوستوں نے بھی اس طرح کا جدول تیار کیا ہوگا۔ وہ کتنے گلاس پانی پیتے ہیں معلوم کیجیے؟
☆ آپ سے زیادہ مقدار میں پانی کس نے پیا؟
☆ کس نے کم مقدار میں پانی پیا؟ کس نے زیادہ مقدار میں پانی پیا؟
☆ سب سے کم مقدار میں پانی کس نے پیا؟

توصیف :

1. فائقہ ایک دن کھیلنے کی غرض سے اپنی سہیلی کے گھر جارہی تھی ۔ اس نے دیکھا کہ راستہ میں چند لوگ نل بند کیے بغیر کپڑے دھورہے تھے اس نے ان سے پانی ضائع نہ کرنے کے لئے کہا۔
2. فائقہ کا یہ عمل ٹھیک تھا یا نہیں؟ کیوں؟

سوال کیجئے :

1. سجاد پانی کی بچت اور صفائی سے متعلق واقفیت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ جس کے لئے وہ اپنی ٹیچر کے پاس گیا۔ اس نے ٹیچر سے کیا سوال کئے ہوں گے؟ ٹیچر نے کیا جواب دیا ہوگا ؟
2. جاوید ایک دفعہ حیدرآباد گیا۔ وہاں اُس نے دیکھا کہ ٹینکوں سے پانی سربراہ کیا جارہا ہے۔ جاوید کو بہت تعجب ہوا۔ ''پانی ٹینکوں میں کیوں لے جایا جارہا ہے؟'' دادا جی سے پوچھا دادا جی نے کیا جواب دیا ہوگا؟ آپ ہوتے تو کیا جواب دیتے ؟

یہ میں کرسکتا / کرسکتی ہوں؟

1.	پانی کن ذرائع سے حاصل ہوتا ہے بتا سکتا / بتا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
2.	پانی کس طرح آلودہ ہوتا ہے بتا سکتا / بتا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
3.	پانی کی بچت کس طرح اور کیوں کرنی چاہئے بتا سکتا / بتا سکتی ہوں	ہاں/نہیں
4.	ہمارے علاقہ میں پانی کے ذرائع کی نشاندہی کرسکتا / کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں
5.	پانی کے ضائع ہونے اور بچت سے متعلق سوالات کرسکتا / کرسکتی ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

16- آؤ گاؤں چلیں

وحیداپنے رشتہ دار کی شادی میں شرکت کے لئے اپنے ماں باپ کے ساتھ ممبئی روانہ ہوا۔ وہ سب مل کر گھر سے کے ذریعہ ریلوے اسٹیشن پہنچے۔ پلیٹ فارم پر ممبئی جانے والی آ پہنچی۔ وحید اور انکے والدین ممبئی جانے والی میں سوار ہوگئے۔ ریل میں رات بھر سفر کرکے صبح ممبئی پہنچے۔ ریلوے اسٹیشن کے قریب موجود رشتہ داروں کے گھر کے ذریعہ پہنچے۔ اگلی صبح شادی کے لئے امریکہ سے آرہے اپنے ماموں سے ملنے کے لئے وہ کے ذریعہ ہوائی اڈہ پہنچے۔

اُنھوں نے وہاں دیکھا۔ سے اُترتے ہی وہ سب مل کر اپنے ماموں کے ساتھ کے ذریعہ اپنے گھر پہنچے۔ شام میں وہ کے ذریعہ سمندر کے درمیان موجود ایلیفینٹا Elephanta غار دیکھنے گئے۔ دوسرے دن شادی بہت دھوم دھام سے ہوگئی۔ شادی کا تمام ساز وسامان کے ذریعہ لیکر وہ اپنے گاؤں پہنچے۔

سفر سے کیا مراد ہے ؟

وحید نے کن کن سواریوں میں سفر کیا؟

اس نے کون کونسی سواریاں دیکھیں ؟

مندرجہ بالا میں آپ نے کون کونسی سواریاں دیکھی ہیں؟

کن سواریوں میں آپ نے سفر کیا ہے ؟

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

آپ جانتے ہیں وحید نے مختلف سواریاں دیکھیں اوران پر سفر کیا۔ایک مقام سے دوسرے مقام تک سفر کے لیے سواریوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ان سواریوں کے ذریعہ ہم اپنے منزل تک پہنچ سکتے ہیں۔

اب تک آپ نے مختلف قسم کی سواریوں سے متعلق جانا۔ان میں سے چند کا استعمال زمین پر،چند کا پانی پر اور چند کا ہوا میں کیا جاتا ہے۔

درج ذیل کی تصویر دیکھیے ۔سواریوں کے نام اوران کے ذرائع بتائیے۔

زمین، پانی اور ہوا میں چلنے والی سواریاں کونسی ہیں؟

اُن کے نام جدول میں لکھیے :

زمین پر چلنے والی سواریاں	پانی پر چلنے والی سواریاں	ہوا میں اُڑنے والی سواریاں

کیا آپ کے گاؤں میں ان تین قسم کی سواریاں موجود ہیں؟ وہ کونسی ہیں؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

درج ذیل تصاویر دیکھیے ۔آپ کے گاؤں میں موجود سواریوں کو رنگ بھریئے :















SCERT TELANGANA

اوپر کی تصویر میں آپ نے ان سواریوں کی نشاندہی کی جو آپ کے گاؤں میں استعمال کی جاتی ہیں۔

ان کے علاوہ آپ کے گاؤں میں اور کونسی سواریاں سفر کے لئے استعمال کی جاتی ہیں بتاییے ؟

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

اپنے علاقہ سے قریبی علاقوں تک سفر کرنے کے لیے کونسی سواریوں کا استعمال کرتے ہیں؟ دور دراز مقامات کے سفر کرنے کے لئے کونسی سواریاں استعمال کی جاتی ہیں؟ درج ذیل جدول میں لکھیے :

قریبی سفر کیلئے سواری	لمبے سفر کے لئے سواری	بہت لمبے سفر کیلئے سواری

فاصلے اور ضرورت کے لحاظ سے مختلف سواریوں کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ بہت ہی قریبی علاقوں کے لیے لوگ پیدل سفر کرتے ہیں اس کے علاوہ سیکل، آٹو، رکشا، ناؤ، تانگہ وغیرہ کے ذریعہ سفر کرتے ہیں۔ دور دراز مقامات کے لئے بس، ریل، کار، موٹر سیکل یا جیپ جیسی سواریوں کا استعمال کرتے ہیں اور بہت زیادہ فاصلے والے مقامات اور بیرونی ممالک کے لئے ہوائی جہاز یا پانی کا جہاز استعمال کرتے ہیں۔

خانہ پور گاؤں جنگل سے بہت قریب ہے۔ اُس گاؤں کے لوگ گوند، شہد اور ریٹھے وغیرہ کے لئے اکثر جنگل جاتے رہتے ہیں۔ لیکن جنگل جانے کے لئے سڑک موجود نہیں۔

وہ لوگ جنگل کس طرح جاتے ہیں؟ غور کیجیے !!!

سوریا پیٹ گاؤں کے لئے بس کی سہولت بھی ہے۔ سوریا پیٹ سے آگے کے گاؤں کے لئے سڑک نہ ہونے کی وجہ سے بس کا انتظام نہیں ہے۔ پھر اس گاؤں کو کس طرح جاتے ہیں ؟ کنٹالہ گاؤں میں شیوور آبشار ہے۔ خانہ پور گاؤں کے لوگ آبشار دیکھنا چاہتے ہیں جس کے لئے وہ ایک بس کرایہ پر حاصل کرتے ہیں اور بس کے ذریعہ کنٹالہ آبشار دیکھ کر واپس اس بس سے لوٹتے ہیں۔

اس طرح کن کن مواقعوں پر بس کرایہ پر حاصل کی جاتی ہے؟

اگر اُس گاؤں کے لیے بس نہ ہو تو وہ لوگ کیسے جائیں گے؟

کئی دیہاتوں میں بس کا انتظام نہیں ہے۔ اس طرح کے گاؤں میں کس قسم کے آمد و رفت کے ذرائع موجود ہوتے ہیں جب گاؤں کے لیے بسوں کا انتظام نہیں ہوتا تو پھر کس گاؤں کے لوگ کس طرح سفر کرتے ہیں؟

درج ذیل سواریوں کے نام پڑھیے ان میں سے کون کونسی سواریاں کن علاقوں میں استعمال کرتے ہیں۔ لکھیے ؟

سیکل	بیل گاڑی	آٹو	اسکوٹر	ٹریکٹر	رکشا
جیپ	بس	ویان	لاری	کار	ناؤ

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

جنگلاتی علاقے میں استعمال ہونے والی سواریاں	سڑک کی سہولت نہ ہونے والے علاقہ میں استعمال ہونے والی سواریاں	بس کی سہولت نہ ہونیوالے گاؤں سے دیگر مقامات جانے کیلئے استعمال ہونے والی سواریاں	میلہ، عرس، شادیوں وغیرہ کو جانے کے لئے استعمال ہونے والی سواریاں

گاؤں والوں کو سفر کرنے کے لئے مختلف قسم کے سواریوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہت سے گاؤں کو سڑک کی سہولت ہے وہاں گاؤں والے بس میں سفر کرتے ہیں۔ جہاں پر سڑک کی سہولت نہیں ہے وہاں کے لوگ سفر کے لیے بیل گاڑی، سیکل، موٹر سیکل اور آٹو، وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

بیل گاڑی ہانکنے کے لئے بیل کا استعمال کرتے ہیں۔بعض علاقوں میں گاڑیوں کو ہانکنے کیلئے گھوڑوں کا استعمال کرتے ہیں۔ ہاتھی، گدھے، اونٹ بھی سفر کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ذیل کی تصاویر دیکھیے : کیا آپ نے کبھی انہیں دیکھا ہے ؟



آج کل بیل گاڑی اور گھوڑا گاڑی کا استعمال کم ہوگیا ہے نا! کیوں ! غور کیجئے !!!

بعض دیہاتوں میں لوگ شادی، عرس، میلہ میں شرکت کے لئے بس، ویان، لاری اور، ٹریکٹروں کا استعمال کرتے ہیں اور بعض گاؤں میں آج بھی ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں تک بیل گاڑی پر ہی سفر کیا جاتا ہے۔

اپنے گاؤں میں عرس، میلہ، شادی جیسے مواقعوں پر شرکت کے لئے کن سواریوں کا استعمال کرتے ہیں اُن کے نام لکھئے۔

بعض گاؤں والے کام کی تلاش میں دوسرے مقامات کو منتقل ہوتے ہیں وہ ضروری اشیاء اپنے ساتھ رکھتے ہیں اور وہ بیل گاڑی، ٹریکٹر، ویان پر سفر کرتے ہیں۔بعض علاقوں میں کشتیوں پر بھی سفر کیا جاتا ہے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

سفر کرنے کا کیا یہ طریقہ صحیح ہے ؟

ذیل کے تصاویر دیکھئے لوگ کس طرح سفر کررہے ہیں؟ اگر ہم اس طرح سفر کریں گے تو کیا ہوگا؟ غور کیجیے:

اوپر دی گئی تصویروں سے آپ نے کیا سیکھا؟ اس طرح سفر کرنا پرخطرہ ہوتا ہے۔ اوپر بتلائے گئے طریقہ پر ہمیں سفر نہیں کرنا چاہیے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

ماضی کی سواریاں کیا آج کل کی سواریوں جیسی ہی تھیں؟

آج کل آٹو، اسکوٹر، سیکل، بس، ریل، ہوائی جہاز، کشتیاں وغیرہ کا سفر کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ کیا یہ ماضی میں بھی تھے؟ پرانے زمانے میں لوگ کس طرح سفر کرتے تھے؟ آپ اپنے بزرگوں سے دریافت کیجیے کہ ان کے زمانے میں سواریاں کیسی تھیں وہ اپنے دور میں کس طرح سفر کرتے تھے؟



کیا آپ یہ کر سکتے ہیں ؟

چند خالی ماچس کی ڈبیاں لیجیے۔ تمام ڈبیوں کو ایک دھاگے یا تار کی مدد سے ایک دوسرے سے جوڑیے جس طرح تصویر میں بتایا گیا ہے۔ ہر ڈبی کو انجکشن کی شیشی کا ربر کاگ استعمال کر کے پہیہ کے طور پر لگایے۔ اگلی ڈبی پر دھاگا باندھیے۔ آپ کی کھلونا ریل تیار ہے کھیلنے کے لیے۔ دھاگہ کھینچئے اور کھیلئے کھلونا ریل بنانے کے لیے اور کن چیزوں کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کلیدی الفاظ

1. سفر	2. سفر کے ذرائع	3. سواریاں
4. ہوا میں اُڑنے والی سواریاں	5. پانی پر چلنے والی سواریاں	6. زمین پر چلنے والی سواریاں
7. سفر کیلئے استعمال ہونے والے جانور	8. سفر میں حادثات	9. پرانے دور میں سفر کے ذرائع
10. پرخطر سفر		

ہم کیا سیکھ چکے ہیں

- لوگ ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچنے کے لئے مختلف سواریاں استعمال کرتے ہیں۔
- سفر کے لئے مختلف ذرائع استعمال ہوتے ہیں۔
- بیل، اونٹ، گھوڑا، گدھا، ہاتھی جیسے جانوروں کا بھی استعمال مختلف ذرائع حمل ونقل کے طور ہوتا ہے۔
- دور کے فاصلہ کیلئے ضرورت کے اعتبار سے مختلف قسم کی سواریاں استعمال کرتے ہیں۔
- کھچا کھچ بھری سواریوں میں، پرہجوم آٹو میں سفر کرنا خطرناک ہوتا ہے۔
- اسی طرح خانگی سواریوں جیسے جیپ، ٹریکٹر، لاری وغیرہ میں سفر نہیں کرنا چاہیے۔

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

یہ کیجئے

تصورات کی تفہیم:

↔. سفر سے کیا مراد ہے؟ آپ نے اب تک کن سواریوں کے ذریعے سفر کیا ہے؟

↔. ذیل میں دی گئی سواریوں کے نام پڑھئے انہیں جدول میں لکھئے ؟

↔. لاری ،بس،آٹو،ریل، ٹرالی آٹو،ہوائی جہاز،کشتی،گدھا،گھوڑا،بیل گاڑی،ہیلی کاپٹر،جیپ،گھوڑا گاڑی،سیکل، رکشا، اونٹ،ہاتھی،اورٹریکٹر۔

زمین پر چلنے والے	پانی پر چلنے والے	ہوا میں اُڑنے والے

↔. سیکل اور موٹر سیکل کے درمیان مشابہت اور فرق بتایئے ؟

↔. کن جانوروں کو ذرائع حمل ونقل کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؟

↔. ذیل کی تصاویر دیکھئے :

تصویر میں بتائے گئے طریقہ پر سفر کرنا خطرناک ہوسکتا ہے، کیوں کہ------------------------------

----

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

تصویر اُتاریئے ۔ رنگ بھریئے :

1. آپ کی پسند کی کوئی دو سواریوں کی تصاویر اُتاریئے، نام لکھئے ؟

معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام :

1. اتوار کے دن آپ کی گلی میں ایک گھنٹہ کے دوران چلنے والی سوریوں کا مشاہدہ کیجئے اور جدول کو پر کیجئے۔

گزری ہوئی گاڑی کا نام	ان کی تعداد

☆ کونسی سواریاں زیادہ چلیں؟ کونسی سواریاں کم چلیں؟

2. چکنی مٹی، مقوے سے بس/ بنڈی کے نمونے تیار کیجئے۔ اور ان کی نمائش کیجئے ؟

توصیف :

1. سفر کے لئے ہم سواریاں اور جانور استعمال کرتے ہیں! اُن کے تئیں ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہئے۔

2. آپ کی جماعت میں کس نے بس/ بنڈی کا نمونہ اچھا بنایا اور وہ آپ کو کیوں پسند آیا؟

سوال کیجئے :

1. پرانے زمانے میں استعمال ہونے والی سواریوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے وحید اپنے نانا کے ہاں گیا۔ وحید نانا سے کون کونسے سوالات پوچھے ہوں گے؟

میں یہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں؟

. میں ہمارے علاقوں میں کون کونسی سواریاں چلائی جاتی ہیں بتا سکتا ہوں	ہاں/نہیں
↔. سفر کے ذرائع سے متعلق وضاحت کرسکتا ہوں۔ انہیں فہرست میں لکھ سکتا ہوں	ہاں/نہیں
↔. سواریوں کی تصاویر اُتار سکتا ہوں	ہاں/نہیں
↔. کن کن موقعوں پر کون کونسی سواریاں استعمال کرتے ہیں بتا سکتا ہوں	ہاں/نہیں
↔. سفر کیلئے کن جانوروں کا استعمال کرتے ہیں وضاحت کرسکتا ہوں	ہاں/نہیں
↔. سفر کے لیے استعمال کی جانے والی مختلف اقسام کی سواریوں سے متعلق سوالات پوچھ سکتا ہوں	ہاں/نہیں

SCERT TELANGANA

یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21